# کثیر الانتخابی سوالات

اردو　　　　جماعت　　　　نہم و دہم

## شعری اصناف

1۔ نظم کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) فارسی　(ب) ترکی　(ج) عربی　(د) اردو

2۔ نظم کے معنی کیا ہیں؟

(الف) عورتوں سے باتیں کرنا　(ب) ترتیب و تنظیم　(ج) ارادہ کرنا　(د) کر کے دکھانا

3۔ ایسی صنف سخن جس میں کسی خیال کو مسلسل بیان کیا گیا ہو کیا کہلاتی ہے؟

(الف) نظم　(ب) غزل　(ج) افسانہ　(د) رباعی

4۔ حمد کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) فارسی　(ب) ترکی　(ج) عربی　(د) اردو

5۔ حمد کے معنی کیا ہیں؟

(الف) تعریف　(ب) توضیح　(ج) ارادہ　(د) امتیاز

6۔ حمد میں کس کی تعریف بیان کی جاتی ہے؟

(الف) اللہ　(ب) نبی ﷺ　(ج) صحابہ　(د) اولیا

7۔ نعت میں کس کی تعریف بیان کی جاتی ہے؟

(الف) اللہ　(ب) نبی　(ج) صحابہ　(د) اولیا

8۔ ایسی نظم جس میں اولیا، اللہ، انبیاء کرام اور بزرگان دین کی تعریف بیان کی گئی ہو اس نظم کو کیا کہتے ہیں؟

(الف) مناجات　(ب) منقبت　(ج) قصیدہ　(د) نعت

9۔ ایسی نظم جس میں دعا کیا جائے کہلاتی ہے۔

(الف) مناجات　(ب) منقبت　(ج) قصیدہ　(د) مرثیہ

10۔ قصیدہ کس زبان کا لفظ ہے

(الف) فارسی　(ب) عربی　(ج) اردو　(د) ترکی

11۔ "قصد" کے کیا معنی ہیں؟

(الف) کر کے دکھانا (ب) کرتب (ج) ارادہ کرنا (د) [illegible]

12۔ قصیدے کے کتنے اجزا ہیں۔

(الف) چار (ب) تین (ج) پانچ (د) سات

13۔ ایسی نظم جس میں کسی زندہ شخص کی تعریف / مداح بیان کی جائے کہلاتی ہے۔

(الف) قصیدہ (ب) مرثیہ (ج) نعت (د) منقبت

14۔ ایسی نظم جس میں واقعہ کربلا کو موضوع بنایا گیا ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

(الف) قصیدہ (ب) مرثیہ (ج) رباعی (د) مثنوی

15۔ مرثیہ کس زبان کا لفظ ہے

(الف) عربی (ب) انگریزی (ج) ترکی (د) فارسی

16۔ مرثیہ کا لفظ "رثا" سے نکلا ہے جس کا مطلب ہے۔

(الف) دکھ درد (ب) خوش ہونا (ج) عمل کرنا (د) تعریف کرنا

SOCH BADLO BY MAK

16۔ مرثیہ کے کتنے اجزا تسلیم کیے جاتے ہیں۔

(الف) آٹھ (ب) نو (ج) چھے (د) سات

17۔ مثنوی کا لفظ "مثنی" سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں؟

(الف) دو (ب) چار (ج) چھے (د) تین

18۔ ایک ہی بحر میں لکھی جانے والی طویل نظم کو کیا کہتے ہیں جس کے ہر شعر کا قافیہ، ردیف الگ ہوتا ہے۔

(الف) قصیدہ (ب) مرثیہ (ج) رباعی (د) مثنوی

19۔ مثنوی عام طور پر کیسی بحروں میں لکھی جاتی ہے۔

(الف) چھوٹی (ب) طویل (ج) پیچیدہ (د) ثقیل

20۔ ایسی نظم کو کیا کہتے ہیں جس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہیں؟

(الف) مخمس (ب) مسدس (ج) ترجیع بند (د) ترکیب بند

21۔ ایسی نظم کو کیا کہتے ہیں جس کے ہر بند میں پانچ مصرعے ہوں؟

(الف) مخمس (ب) مسدس (ج) ترجیع بند (د) ترکیب بند

22۔ اگر مسدس اور مخمس کی ہیئت میں نظم کے ہر بند کا آخری مصرع یا شعر ایک ہی ہو اور بار بار دہرایا جائے تو ایسی نظم کو کیا کہتے ہیں؟

(الف) مخمس (ب) مسدس (ج) ترجیع بند (د) ترکیب بند

23۔ دوہے کی صنف عام طور پر کتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے؟

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

24۔ ایسی نظم جس کے ہر بند میں تین مصرعے ہوں کہلاتی ہے۔

(الف) مثلث (ب) مسدس (ج) مخمس (د) مسدس

25۔ رباعی کس زبان کا لفظ ہے۔

(الف) عربی (ب) فارسی (ج) اردو (د) ہندی

26۔ چار مصرعوں پر مشتمل ایک ہی خیال کو کہا جاتا ہے۔

(الف) مخمس (ب) مسدس (ج) مثلث (د) رباعی

27۔ رباعی کا لفظ ربع سے ہے جس کا مطلب ہے۔

(الف) چار (ب) چھے (ج) دو (د) ایک

28۔ غزل کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) عربی (ب) اردو (ج) فارسی (د) ترکی

29۔ غزل کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(الف) ترتیب و تنظیم (ب) عورتوں سے باتیں کرنا (ج) کر کے دکھانا (د) انوکھا

30۔ ایسی غزل جس میں ردیف کا استعمال نہ ہوا سے کیا کہتے ہیں؟

(الف) مردف (ب) غیر مردف (ج) غزل مسلسل (د) شہر آشوب

31۔ شعر کے لیے بحر اور وزن کے ساتھ شرط ہے؟

(الف) ردیف (ب) قافیہ (ج) ردیف و قافیہ (د) کوئی نہیں

3۔ وہ مصرع یا شعر جو نظم کے ہر بند میں دہرایا جائے کہلاتا ہے۔

(الف) ٹیپ کا مصرع (ب) ثلاثی (ج) ترجیع بند (د) ترکیب بند

3۔ کسی نغمے میں موجود ٹیپ کے مصرعے کو موسیقی کی اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

(الف) مکھڑا یا انترا (ب) استھائی (ج) تان (د) آلاپ

3۔ کسی شاعر یا مصنف کے تمام کلام کو ایک ہی جگہ جمع کر دینے کو کہتے ہیں۔

(الف) دیوان (ب) کلیات (ج) کتاب (د) کوئی نہیں

35۔ کسی شاعر کلام کو الف بائی ترتیب سے جمع کر دینے کو کہتے ہیں۔
(الف) دیوان (ب) کلیات (ج) کتاب (د) کوئی نہیں

36۔ کسی شاعر کے اکیلے شعر کو کہا جاتا ہے۔
(الف) فرد (ب) بیت (ج) مصرع (د) کوئی نہیں

37۔ ایسی نظم جس میں غربت، شہر یا ملک کی بدحالی وغیرہ کا ذکر کیا جائے
(الف) شہر آشوب (ب) مرثیہ (ج) قصیدہ (د) مثنوی

38۔ ایسی نظم جس میں قوم/ملت، وطن کے حوالے سے جذبات کا اظہار کیا جائے۔
(الف) ترانہ (ب) دوحہ (ج) قصیدہ (د) مثنوی

## نثری اصناف

1۔ ایسی تحریر جس میں جذبات، مشاہدات، معلومات، تجربات وغیرہ کا ذکر کیا جائے۔
(الف) مضمون (ب) کہانی (ج) ناول (د) افسانہ

SOCH BADLO BY MAK

2۔ مضمون کا مطلب ہے ضمن میں لیا ہوا یہ کس زبان کا لفظ ہے
(الف) عربی (ب) فارسی (ج) ترکی (د) ہندی

3۔ ابتدائیہ، نفس مضمون، اختتام کس صنف کے حصے/اجزا ہیں
(الف) مضمون (ب) کہانی (ج) ناول (د) افسانہ

4۔ کس صنف سخن میں وحدت تاثر پایا جاتا ہے۔
(الف) مضمون (ب) کہانی (ج) ناول (د) افسانہ

5۔ کون سی صنف انگریزی ادب سے اردو میں آئی۔
(الف) لوک کہانی (ب) کہانی (ج) خاکہ (د) افسانہ

6۔ افسانہ کس زبان سے اردو میں داخل ہوا۔
(الف) انگریزی (ب) جرمنی (ج) فارسی (د) یونانی

7۔ کون سی صنف فرضی/من گھڑت ہوتی ہے۔ اس کے کردار بھی فرضی ہوتے ہیں لیکن حقیقی لگتے ہیں
(الف) مضمون (ب) کہانی (ج) ناول (د) افسانہ

8۔ ایسی کہانی جو مختصر ہو اور ایک ہی نشست میں پڑھی جا سکتی ہو۔
(الف) مضمون (ب) کہانی (ج) ناول (د) افسانہ

9۔ایسی صنف جس میں زندگی کی حقیقی تصویر کشی کی جائے اصطلاح میں کہلاتی ہے۔
(الف) مضمون (ب) کہانی (ج) ناول (د) افسانہ

10۔ناول کس زبان کا لفظ ہے۔
(الف) یونانی (ب) اطالوی (ج) انگریزی (د) جرمن

11۔ناول کا لفظ "ناویلا" سے نکلا/مشتق ہے، جس کا مطلب ہے۔
(الف) انوکھا/نادر (ب) کر کے دکھانا (ج) ارادہ کرنا (د) منظم کرنا

12۔ڈراما کس زبان کا لفظ ہے
(الف) یونانی (ب) اطالوی (ج) انگریزی (د) جرمن

13۔ڈراما کا مطلب ہے۔
(الف) کچھ کر کے دکھانا (ب) ارادہ کرنا (ج) تنظیم (د) انوکھا

14۔ایسی کہانی جو کرداروں کے ذریعے پیش کی جائے کہلاتی ہے۔
(الف) ڈراما (ب) ناول (ج) افسانہ (د) کہانی

15۔پلاٹ، کردار، مکالمہ، موسیقی، کہانی، تماشائی، اسٹیج اس کے لازمی اجزا ہیں۔
(الف) ڈراما (ب) ناول (ج) افسانہ (د) کہانی

16۔کسی واقعے، حکایت یا قصے کو دلچسپ انداز میں اس طرح بیان کرنا کہ پڑھنے والا اس سے ذہنی وقلبی تعلق محسوس کرے۔
(الف) ڈراما (ب) ناول (ج) افسانہ (د) کہانی

17۔وہ کہانی ہے جو عوام میں مروج ہوں اور سینہ بہ سینہ منتقل ہوتی رہی ہوں۔
(الف) ڈراما (ب) ناول (ج) افسانہ (د) لوک کہانی

18۔کون سی صنف عام طور پر تحریری صورت میں نہیں ہوتی
(الف) ڈراما (ب) ناول (ج) افسانہ (د) لوک کہانی

19۔زندگی کے قابل گرفت اور نفرت انگیز پہلوؤں پر ظریفانہ تنقید کا نام ہے۔
(الف) مضمون (ب) طنز (ج) مزاح (د) تنقید

20۔جب مصنف کسی مسئلے یا واقعے کو ظرافت یعنی ہنسی خوشی کی کیفیات کے ساتھ بیان کرے تو اسے کہتے ہیں۔
(الف) مضمون (ب) طنز (ج) مزاح (د) تنقید

21۔کس کے لغوی معنی نقشہ یا ڈھانچہ کے ہیں۔

(الف) مضمون (ب) خاکہ (ج) مزاح (د) تنقید

22۔ اصطلاح میں ایسا مضمون یا تحریر جو کسی شخصیت کی زندگی کے چند اہم پہلوؤں کو یوں بیان کرے کہ اس شخصیت کی پوری تصویر/زندگی اور سیرت و کردار واضح ہو جائیں۔

(الف) مضمون (ب) خاکہ (ج) مزاح (د) تنقید

23۔ جب کوئی ادیب اپنے سفر کے تمام احوال کو تحریری صورت میں پیش کرتا ہے تو

(الف) مضمون (ب) سفرنامہ (ج) آپ بیتی (د) تنقید

24۔ مکتوب کے لغوی معنی ہیں۔

(الف) تحریر کیا گیا (ب) آزمایا گیا (ج) قطع کرنا (د) نشان لگانا

25۔ خط کا مطلب ہے

(الف) لائن (ب) نشان (ج) تحریر (د) تنقید

26۔ خط کس زبان کا لفظ ہے۔

(الف) عربی (ب) فارسی (ج) اردو (د) ہندی

27۔ جب کوئی شخص اپنے ذاتی حالات و واقعات کو اپنے کسی قریبی یا عہدے دار کو تحریری صورت میں پہنچاتا ہے تو اس کو کہا جاتا ہے۔

(الف) مضمون (ب) خط (ج) آپ بیتی (د) تنقید

28۔ خود پر گزرے ہوئے حالات و واقعات کو خود تحریر کرنا

(الف) مضمون (ب) آپ بیتی (ج) خط (د) تنقید

29۔ خودنوشت یا خودنوشت سوانح عمری کہا جاتا ہے۔

(الف) مضمون (ب) آپ بیتی (ج) خط (د) تنقیدآپ بیتی

30۔ عربی زبان کے لفظ "نقد" سے نکلا ہے

(الف) مضمون (ب) آپ بیتی (ج) خط (د) تنقید

31۔ تنقید کا مطلب ہے

(الف) کھرے اور کھوٹے کی پہچان (ب) زاویہ (ج) جائزہ (د) معیار

32۔ اصطلاح میں جس کی ادب پارے/کتاب پر اس کے فکر و فن کا مطالعہ تجزیاتی انداز میں کیا جائے۔ خوبیوں اور خامیوں کو ظاہر کیا جائے۔

(الف) مضمون (ب) آپ بیتی (ج) خط (د) تنقید

SOCH BADLO BY MAK

33۔ تذکرہ جس کا مطلب ہے ذکر کیا گیا۔ یہ کس زبان کا لفظ ہے
(الف) عربی (ب) فارسی (ج) ترکی (د) انگریزی

## انداز بیان

34۔ اخبارات میں شائع ہونے والی خاص خبر یا کسی موضوع پہ لکھی جانے والی مسلسل تحریر کو صحافتی انداز میں کہا جاتا ہے۔
(الف) فیچر/کالم (ب) مضمون (ج) خط (د) تنقید

35۔ ایسا انداز بیان جس میں آرٹیکل، شق، تعزیرات وغیرہ کا ذکر کیا جائے
(الف) صحافتی (ب) ادبی (ج) عدالتی/قانونی (د) تکنیکی

36۔ اکرام کو آرٹیکل/دفعہ کے تحت عمر قید سنائی گئی۔
(الف) دفتری (ب) ادبی (ج) قانونی/عدالتی (د) تکنیکی

37۔ ایسا انداز بیان جس میں حکومتی/دفتری معاملات کا ذکر ہو
(الف) دفتری (ب) ادبی (ج) قانونی (د) تکنیکی

SOCH BADLO BY MAP

38۔ چھٹی نمبر ایک، سو تیس کے تحت آپ کی خدمات محکمہ تعلیم کے سپرد کی جاتی ہیں
(الف) دفتری (ب) ادبی (ج) قانونی (د) تکنیکی

39۔ ایسا انداز بیان جو عام عوام کے مزاج کے مطابق ہو اور جس میں کوئی خبر مل رہی ہو
(الف) صحافتی (ب) ادبی (ج) قانونی (د) تکنیکی

40۔ پاکستان کو چھے ہزار میگا واٹ بجلی کی ضرورت ہے۔
(الف) دفتری (ب) ادبی (ج) قانونی (د) تکنیکی

41۔ ایسا انداز بیان جس میں بات ڈھکے چھپے الفاظ میں بیان کی جائے۔ یا جس کے الفاظ میں دلکشی ہو/ قوافی کا نظام ہو
(الف) دفتری (ب) ادبی (ج) قانونی (د) تکنیکی

42۔ کوہساروں سے صاف و شفاف ندی بل کھاتی ہوئی سامنے نکڑ سے روح پوش ہو جاتی ہے۔
(الف) دفتری (ب) ادبی (ج) قانونی (د) تکنیکی

43۔ ایسا انداز بیان جو کسی خاص شعبے سے متعلق اظہار کرے۔
(الف) دفتری (ب) ادبی (ج) قانونی (د) تکنیکی

44۔ ہارڈ ویئر، سافٹ ویئر کس انداز بیان کی مثال ہیں
(الف) دفتری (ب) ادبی (ج) قانونی (د) تکنیکی

# علامات

45۔ ختمہ ٹھہراؤ کی علامت

(الف) ، (ب) ؛ (ج) : (د) ۔

46۔ مختصر ٹھہراؤ کی علامت کو کہتے ہیں۔

(الف) سکتہ (ب) ختمہ (ج) خط (د) واوین

47۔ سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ کی علامت

(الف) ، (ب) ؛ (ج) : (د) ''

48۔ سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ کو کہتے ہیں۔

(الف) سکتہ (ب) وقفہ (ج) خط (د) واوین

49۔ رابطے کی علامت کون سی ہے۔

(الف) : (ب) [ ] (ج) '' (د) :۔

50۔ سکتہ اور وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ

(الف) رابطہ (ب) ختمہ (ج) خط (د) واوین

51۔ تفصیلیہ کی علامت ہے۔

(الف) : (ب) [ ] (ج) '' (د) :۔

52۔ کسی چیز کی تفصیل بیان کرنے کے لیے استعمال ہونے والی علامت کو کہا جاتا ہے۔

(الف) تفصیلیہ (ب) ختمہ (ج) سکتہ (د) واوین

53۔ سوالیہ کی علامت ہے۔

(الف) : (ب) [ ] (ج) '' (د) ؟

54۔ یہ () کون سی علامت ہے۔

(الف) قوسین (ب) واوین (ج) خط (د) سکتہ

55۔ جملہ معترضہ کے لیے کون سی علامت استعمال ہوتی ہے۔

(الف) () (ب) [ ] (ج) '' (د) :۔

56۔ کسی کا قول نقل کرنے کے لیے کون سی علامت استعمال ہوتی ہے۔

(الف) : (ب) [ ] (ج) "" (د) :-

57۔ "" کو کہا جاتا ہے

(الف) واوین (ب) قوسین (ج) ندائیہ (د) فجائیہ

58۔ کسی کو مخاطب کرنے / خوشی غمی کے جذبات کا اظہار کرنے کے لیے کون سی علامت آتی ہے۔

(الف) : (ب) [ ] (ج) "" (د) !

59۔ خوشی یا غمی کا اظہار کرنے کے لیے استعمال ہونے والی علامت !

(الف) ندائیہ (ب) فجائیہ (ج) تفصیلیہ (د) سوالیہ

60۔ کسی کو پکارنے کے لیے استعمال ہونے والی علامت !

(الف) فجائیہ (ب) ندائیہ (ج) واوین (د) قوسین

61۔ کسی بات کو ادھورا چھوڑنے کے لیے استعمال ہونے والی علامت

(الف) ۔۔۔ (ب) [ ] (ج) "" (د) :-

62۔ ادھوری بات کے لیے استعمال ہونے والی علامت کو کہتے ہیں۔

(الف) حذف (ب) واوین (ج) فجائیہ (د) وقفہ

63۔ مصرعے کی علامت ہے۔

(الف) ع (ب) [ ] (ج) "" (د) :-

64۔ سیدھی لائن _ جو جملہ معترضہ کو الگ کرے۔

(الف) خط (ب) واوین (ج) قوسین (د) تفصیلیہ

## شعری اصطلاحات

۔ مطلع کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) عربی (ب) فارسی (ج) ترکی

۔ مطلع کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(الف) طلوع ہونے کی جگہ (ب) غروب ہونے کی جگہ (ج) الف اور ب دونوں

۔ اگر غزل یا قصیدے کے پہلے شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ و ہم ردیف ہوں تو اسے کہیں گے۔

(الف) مطلع (ب) مقطع (ج) پہلا شعر

۔ اگر غزل یا قصیدے کا دوسرا شعر بھی ہم ردیف و ہم قافیہ ہو تو اسے کہیں گے۔

(الف) مطلع ثانی (ب) مطلع ثالث (ج) مطلع

5۔اگر غزل یا قصیدے کا تیسرا شعر بھی ہم قافیہ وہم ردیف ہوتو اسے کہیں گے۔

(الف) حسن مطلع (ب) مطلع ثالث (ج) مطلع ثانی

6۔مطلع کی کتنی شرائط ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) ایک

7۔مقطع کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) عربی (ب) فارسی (ج) ترکی

8۔مقطع کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(الف) کاٹنے کی جگہ (ب) ملاپ (ج) علاحدگی

9۔غزل یا قصیدے کا آخری شعر جس میں شاعر نے اپنا تخلص استعمال کیا ہو۔

(الف) مقطع (ب) مطلع (ج) آخری شعر

10۔اگر شاعر نے آخری شعر میں اپنا تخلص استعمال نہ کیا ہوتو

(الف) آخری شعر (ب) مقطع (ج) مطلع

11۔ردیف کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) عربی (ب) فارسی (ج) ترکی

12۔ردیف کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(الف) گھڑسوار کے پیچھے بیٹھنے والا (ب) گھڑسوار (ج) کسی چیز کا دہرایا جانا

13۔ایسے الفاظ جو ہر شعر کے آخر پر بار بار دہرائے جاتے ہیں۔

(الف) ردیف (ب) قافیہ (ج) کوئی نہیں

14۔قافیہ کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) عربی (ب) فارسی (ج) ترکی

15۔قافیہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(الف) پیچھے پیچھے آنے والا (ب) گھڑسوار کے پیچھے بیٹھنے والا (ج) ہم آواز ہونا

16۔ہم وزن وہم آواز الفاظ جو شعر کے ہر دوسرے مصرعے کے آخر میں ردیف سے پہلے آتے ہیں۔

(الف) قافیہ (ب) ردیف (ج) مطلع

17۔ قافیہ کتنے الفاظ پر مشتمل ہوتا ہے؟

(الف) ایک (ب) دو (ج) چار

18۔ ردیف کتنے الفاظ پر مشتمل ہوتی ہے؟

(الف) ایک (ب) تین (ج) ایک یا ایک سے زیادہ

19۔ مصرع کس زبان کا لفظ ہے

(الف) عربی (ب) فارسی (ج) ترکی

20۔ شعر کی ایک سطر کو کہتے ہیں

(الف) مصرع (ب) بند (ج) شعر

21۔ مصرع کا لفظی معنی

(الف) دروازے کا ایک پٹ (ب) دروازہ (ج) سطر

22۔ شعر کا پہلا مصرع کہلاتا ہے

SOCH BADLO BY MAK

(الف) مصرع اولیٰ (ب) مصرع ثانی (ج) مصرع ثالث

23۔ شعر کا دوسرا مصرع

(الف) مصرع اولیٰ (ب) مصرع ثانی (ج) مصرع ثالث

24۔ دو مصرعے مقررہ وزن اور بحر میں ہوں تو کہلائے گا

(الف) مصرع (ب) شعر (ج) بند

25۔ شاعری کے لیے وزن کے ساتھ کس کا ہونا لازم ہے

(الف) قافیہ (ب) ردیف (ج) قافیہ و ردیف

26۔ قافیہ کی جمع ہے

(الف) قوافی (ب) کوائف (ج) مقفیٰ

27۔ ہم آواز الفاظ کو کہا جاتا ہے

(الف) قافیہ (ب) ردیف (ج) بند

28۔ قافیہ کا لفظ نکلا ہے

(الف) قفو (ب) قیف (ج) قوافی

29۔ غزل اور قصیدہ میں ہونا لازمی ہے

(الف) قافیہ (ب) ردیف (ج) قافیہ وردیف

30۔ایسی غزل جس میں ردیف ہو کہلاتی ہے

(الف) مردف (ب) غیر مردف (ج) مقفیٰ

31۔ایسی غزل جس میں ردیف نہ ہو

(الف) مردف (ب) غیر مردف (ج) مقفیٰ

32۔کسی شاعر کے اکیلے شعر کو کہا جاتا ہے

(الف) فرد (ب) بیت (ج) بند

33۔غزل کے بہترین شعر کو کہا جاتا ہے

(الف) فرد (ب) بیت (ج) بند

## مرکب/کلام/جملہ

1۔دو یا دو سے زائد با معنی الفاظ کا مجموعہ کہلاتا ہے

(الف) مرکب (ب) حرف (ج) محاورہ (د) فعل

2۔جملے کے کتنے حصے/اجزا ہوتے ہیں۔

(الف) دو (ب) چار (ج) تین (د) پانچ

3۔مرکب کی کتنی اقسام ہیں

(الف) دو (ب) تین (ج) پانچ (د) سات

4۔وہ مرکب جس میں کہنے والے کی بات سننے والے کو سمجھ میں نہ آئے اور ادھوری رہے اسے کہا جاتا ہے۔

(الف) مرکب تام (ب) مرکب ناقص (ج) جملہ انشائیہ (د) جملہ خبریہ

5۔مرکب ناقص کی کتنی اقسام ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) پانچ (د) آٹھ

6۔لاہور سے کراچی تک۔مثال ہے

الف) مرکب تام (ب) مرکب ناقص (ج) جملہ انشائیہ (د) جملہ خبریہ

7۔وہ مرکب جس میں کہنے والے کی بات سننے والے کو سمجھ میں آجائے اور جملہ مکمل ہو کہلاتا ہے۔

الف) مرکب تام (ب) مرکب ناقص (ج) جملہ انشائیہ (د) جملہ خبریہ

8۔سجاد چالاک ہے۔مثال ہے

(الف) [illegible] (ب) [illegible] (ج) [illegible] (د) [illegible]

[illegible]

(الف) [illegible] (ب) [illegible] (ج) [illegible] (د) [illegible]

[illegible]

(الف) [illegible] (ب) [illegible] (ج) [illegible] (د) [illegible]

[illegible]

(الف) [illegible] (ب) [illegible] (ج) [illegible] (د) [illegible]

[illegible]

(الف) [illegible] (ب) [illegible] (ج) [illegible] (د) [illegible]

[illegible]

(الف) [illegible] (ب) [illegible] (ج) [illegible] (د) [illegible]

[illegible]

(الف) [illegible] (ب) [illegible] (ج) [illegible] (د) [illegible]

[illegible]

(الف) [illegible] (ب) [illegible] (ج) [illegible] (د) [illegible]

[illegible]

(الف) [illegible] (ب) [illegible] (ج) [illegible] (د) [illegible]

[illegible]

(الف) [illegible] (ب) [illegible] (ج) [illegible] (د) [illegible]

[illegible]

(الف) [illegible] (ب) [illegible] (ج) [illegible] (د) [illegible]

[illegible]

(الف) [illegible] (ب) [illegible] (ج) [illegible] (د) [illegible]

[illegible]

(الف) [illegible] (ب) [illegible] (ج) [illegible] (د) [illegible]

SOCH BADLO BY MAK

## ضرب الامثال

### محاورہ، روزمرہ، ذومعانی اور ضرب الامثال

46۔ اہل زبان کی عام بول چال کو کہا جاتا ہے۔

(الف) محاورہ (ب) تشبیہ (ج) روزمرہ (د) مجاز مرسل

47۔ قواعد کا پابند نہیں ہوتا۔

(الف) محاورہ (ب) تشبیہ (ج) روزمرہ (د) مجاز مرسل

48۔ بارش ہو رہی ہے۔ مثال ہے

(الف) محاورہ (ب) تشبیہ (ج) روزمرہ (د) مجاز مرسل

49۔ محاور کس زبان کا لفظ ہے۔

(الف) عربی (ب) فارسی (ج) ترکی (د) اردو

50۔ محاورے کے معنی ہیں۔

(الف) بات چیت (ب) آنا (ج) غور و فکر (د) قواعد

51۔ دو یا دو سے زیادہ الفاظ جو مجازی معنوں میں استعمال ہوں کہلاتا ہے

(الف) محاورہ (ب) تشبیہ (ج) روزمرہ (د) مجاز مرسل

52۔ یہ پہلے سے طے شدہ اصولوں کے مطابق بنائے جاتے ہیں۔

(الف) محاورہ (ب) تشبیہ (ج) روزمرہ (د) مجاز مرسل

53۔ ان میں سے کس میں تبدیلی نہیں کی جا سکتی۔

(الف) محاورہ (ب) تشبیہ (ج) روزمرہ (د) مجاز مرسل

54۔ اس کے آخر میں عموماً "نا" آتا ہے

(الف) محاورہ (ب) تشبیہ (ج) روزمرہ (د) مجاز مرسل

55۔ اس میں ایک اسم اور ایک فعل کا ہونا لازم ہے۔

(الف) محاورہ (ب) تشبیہ (ج) روزمرہ (د) مجاز مرسل

56۔ "آسمان سے باتیں کرنا" کس کی مثال ہے۔

(الف) محاورہ (ب) تشبیہ (ج) روزمرہ (د) مجاز مرسل

57۔ ایسا جملہ یا فقرہ جو مثال کے طور پر مشہور ہو جائے کہلاتا ہے۔

(الف) محاورہ (ب) تشبیہ (ج) روزمرہ (د) ضرب الامثال

58۔ایک انار سو بیمار، گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے، آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا۔ٹیڑھی کھیر، چور کی داڑھی میں تنکا، ڈوبتے کو تنکے کا سہارا۔ وغیرہ کس کی مثالیں ہیں۔

(الف) محاورہ (ب) تشبیہ (ج) روزمرہ (د)ضرب الامثال

59۔ایسے الفاظ جن کا املا تو ایک جیسا ہوتا ہو لیکن معانی ایک سے زیادہ ہوں۔

(الف) محاورہ (ب) تشبیہ (ج) روزمرہ (د) ذومعانی

60۔قلم، کان، ہار، سونا، پر، ماہ، چاہ، آفتاب، عالم، علم، کار، آن، عرض، بیت، صدا، دانا، چشمہ، وغیرہ مثالیں ہیں۔

(الف) محاورہ (ب) تشبیہ (ج) روزمرہ (د) مجاز مرسل

61۔جملہ اسمیہ میں اجزا کی ترتیب ہے۔(یاد رہے ترکیب نحوی کرتے ہوئے ترتیب تبدیل ہو جاتی۔اور یوں ترتیب پاتی )،(مسند الیہ، متعلق خبر، مسند اور فعل ناقص )

(الف) مسند الیہ، مسند، فعل ناقص، متعلق خبر (ب) مسند الیہ، فعل ناقص، مسند متعلق خبر

(ج) مسند، متعلق خبر مسند الیہ، فعل ناقص (د) مسند الیہ، متعلق خبر فعل ناقص، مسند

62۔جملہ فعلیہ میں اجزا کی ترتیب ہے۔(یاد رہے ترکیب نحوی کرتے ہوئے ترتیب تبدیل ہو جاتی ہے۔(فاعل، متعلق خبر، مفعول، فعل )

الف) فاعل، مفعول، فعل، متعلق فعل (ب) فاعل، فعل، مفعول، متعلق خبر

(ج) فاعل، فعل، متعلق خبر، مفعول (د)مفعول، متعلق خبر، فاعل، فعل

63۔ایسا جملہ جس کے ہونے یا نہ ہونے سے تحریر میں فرق نہ آئے کہلاتا ہے۔

(الف) جملہ معترضہ (ب) جملہ انشائیہ (ج) جملہ خبریہ (د) جملہ فعلیہ

## علم بیان

1۔ایسا علم جس میں کسی ایک بات کو مختلف انداز میں بیان کرنے کا فن ہو کہلاتا ہے۔

(الف) علم بیان (ب) علم بدیع (ج) روزمرہ (د) مرکب

2۔علم بیان کی کتنی اقسام/شاخیں/ارکان ہیں۔

(الف) چار (ب) دو (ج) تین (د)ایک

3۔تشبیہ کس کا رکن ہے۔

(الف) علم بیان (ب) علم بدیع (ج) روزمرہ (د) جملے

4۔استعارہ قسم ہے۔

(الف) علم بیان (ب) علم بدیع (ج) روزمرہ (د) جملے

5۔مجاز مرسل کی کی شاخ ہے۔
(الف) علم بیان (ب) علم بدیع (ج) روزمرہ (د) جملے

6۔کنایہ کس کا رکن ہے۔
(الف) علم بیان (ب) علم بدیع (ج) روزمرہ (د) جملے

7۔تشبیہ کس زبان کا لفظ ہے۔
(الف) عربی (ب) فارسی (ج) اردو (د) ترکی

استعارہ کس زبان کا لفظ ہے
(الف) عربی (ب) فارسی (ج) اردو (د) ترکی

8۔مجاز مرسل کس زبان کا لفظ ہے۔
(الف) عربی (ب) فارسی (ج) اردو (د) ترکی

9۔کنایہ کس زبان کا لفظ ہے۔
(الف) عربی (ب) فارسی (ج) اردو (د) ترکی

10۔تشبیہ کا مشتق ہے۔
(الف) مشبہ (ب) تشابہ (ج) شبہ (د) کوئی نہیں

11۔تشبیہ کا مطلب ہے۔
(الف) ادھار لینا (ب) مانند (ج) الف اور ب دونوں (د) کوئی نہیں۔

12۔جب کسی چیز کو مشترک خوبی کی بنیاد پر کسی دوسری چیز کی طرح قرار دیا جائے تو
(الف) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) مجاز مرسل (د) کنایہ

13۔تشبیہ کے لیے خوبی کا ہونا شرط ہے۔
(الف) تسلیم شدہ (ب) ایک جیسا ہونا (ج) اختلاف ہونا (د) کوئی نہیں۔

14۔تشبیہ کے ارکان ہیں۔
(الف) چار (ب) پانچ (ج) تین (د) دو

15۔مشبہ اور مشبہ بہ کس کے ارکان ہیں۔
(الف) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) مجاز مرسل (د) کنایہ

(الف) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) کنایہ (د) مجاز مرسل

29۔ ہو حلقہ یاراں تو بریشم کی طرح نرم
رزمِ حق و باطل ہو تو فولاد ہے مومن

(الف) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) کنایہ (د) مجاز مرسل

30۔ شام ہی سے بجھا سا رہتا ہے
دل ہے گویا چراغ مفلس کا

(الف) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) کنایہ (د) مجاز مرسل

31۔ علم بیان کی کون سی قسم حقیقی معنوں میں استعمال ہوتی ہے۔

(الف) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) کنایہ (د) مجاز مرسل

32۔ تشبیہ کی بنیاد ۔۔۔ ہوتی ہے۔

(الف) حقیقت پر (ب) مجاز پر (ج) غیر حقیقی (د) خیال

33۔ مشترک صفت کی بنیاد پر ایک چیز کو دوسری کی مانند قرار دینا۔

(الف) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) کنایہ (د) مجاز مرسل

34۔ جب کوئی لفظ کسی چیز کے لیے ادھار لیا جائے تو اسے کہتے ہیں۔

(الف) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) کنایہ (د) مجاز مرسل

35۔ استعارہ کے ارکان ہیں۔

(الف) تین (ب) پانچ (ج) چار (د) دو

36۔ مستعار لہ اور مستعار منہ کہلاتے ہیں۔

(الف) طرفین تشبیہ (ب) طرفین استعارہ (ج) قوسین استعارہ (د) مابین استعارہ

37۔ استعارہ میں کس رکن کا ذکر نہیں ہوتا۔

(الف) مستعار لہ (ب) مستعار منہ (ج) وجہ جامع (د) الف اور ب

38۔ جس چیز کے لیے خوبی ادھار لی جائے۔

(الف) مستعار لہ (ب) مستعار منہ (ج) وجہ جامع (د) الف اور ب

39۔ جس چیز سے خوبی ادھار لی جائے۔

(الف) مستعار لہ (ب) مستعار منہ (ج) وجہ جامع (د) الف اور ب

40۔ استعارہ میں مشترک خوبی کو کہا جاتا ہے۔

(الف) مستعار لہ (ب) مستعار منہ (ج) وجہ جامع (د) الف اور ب

MK SOCH BADLO

16۔ مشبہ اور مشبہ بہ کو کہا جاتا ہے۔

(الف) طرفین تشبیہ (ب) توسین تشبیہ (ج) ادات تشبیہ (د) طرفین استعارہ

17۔ جس چیز کو تشبیہ دی جائے۔

(الف) مشبہ (ب) مشبہ بہ (ج) تشابہ (د) حرف تشبیہ

18۔ جس چیز کے ساتھ تشبیہ دی جائے۔

(الف) مشبہ (ب) مشبہ بہ (ج) وجہ شبہ (د) حرف تشبیہ

19۔ تشبیہ دینے کے لیے استعمال ہونے والے حروف کہلاتے ہیں۔

(الف) طرفین تشبیہ (ب) توسین تشبیہ (ج) ادات تشبیہ (د) طرفین استعارہ

20۔ مشبہ اور مشبہ بہ کے درمیان مشترک وجہ کہلاتی ہے۔

(الف) مشبہ (ب) وجہ شبہ (ج) ادات تشبیہ (د) مشبہ بہ

21۔ اکرم چاند کی طرح خوب صورت ہے۔ مثال ہے۔

(الف) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) کنایہ (د) مجاز مرسل

22۔ حروف تشبیہ کو کہا جاتا ہے۔

(الف) طرفین تشبیہ (ب) توسین تشبیہ (ج) ادات تشبیہ (د) طرفین استعارہ

23۔ نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

(الف) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) کنایہ (د) مجاز مرسل

24۔ تشبیہ میں جس چیز کے لیے تشبیہ دی جائے اسے کہتے ہیں۔

(الف) مشبہ (ب) وجہ شبہ (ج) غرض تشبیہ (د) ادات تشبیہ

25۔ وہ مشترک صفت جو مشبہ اور مشبہ بہ میں پائی جائے اسے کہتے ہیں۔

(الف) وجہ شبہ (ب) طرفین تشبیہ (ج) ادات تشبیہ (د) غرض تشبیہ

26۔ جگنو کی روشنی ہے کاشانہ چمن میں
یا شمع جل رہی ہے پھولوں کی انجمن میں

(الف) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) کنایہ (د) مجاز مرسل

27۔ پانی کو چھو رہی ہو جھک جھک کے گل کی ٹہنی
جیسے حسین کوئی آئینہ دیکھتا ہو

(الف) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) کنایہ (د) مجاز مرسل

28۔ زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے
ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے

41۔ استعارہ کی بنیاد ہوتی ہے۔

(الف) مجاز پر (ب) حقیقت پر (ج) خیال پر (د) الف اور ب

42۔ ان میں سے کون سا رکن استعارہ کا نہیں۔

(الف) مستعارلہ (ب) مستعارمنہ (ج) وجہ جامع (د) حرف تشبیہ

43۔ تشبیہ میں مشبہ اور مشبہ بہ کو استعارہ میں کہتے ہیں۔

(الف) مستعارلہ، مستعارمنہ (ب) طرفین استعارہ (ج) طرفین استعارہ (د) ب اور ج

44۔ علم بیان کی ایسی قسم جس میں تشبیہ کا تعلق ہو اور وہ اپنے حقیقی معنوں کے بجائے مجازی معنوں میں استعمال ہو

(الف) استعارہ (ب) کنایہ (ج) تشبیہ (د) مجاز مرسل

45۔ کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے رن ایک طرف چرخ کہن کانپ رہا ہے

(الف) استعارہ (ب) کنایہ (ج) تشبیہ (د) مجاز مرسل

46۔ ایک روشن دماغ تھا نہ رہا شہر میں ایک چراغ تھا نہ رہا

(الف) استعارہ (ب) کنایہ (ج) تشبیہ (د) مجاز مرسل

47۔ پلکوں پہ مچل رہے ہیں انجم کس چاند سے آنکھ جا لڑی

(الف) استعارہ (ب) کنایہ (ج) تشبیہ (د) مجاز مرسل

48۔ پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو دنیا کے پاس دیکھنے والی نظر کہاں

(الف) استعارہ (ب) کنایہ (ج) تشبیہ (د) مجاز مرسل

49۔ میں اس گل کو پیغام دیتا ہزاروں ہوا ہو گئی پر صبا کہتے کہتے

(الف) استعارہ (ب) کنایہ (ج) تشبیہ (د) مجاز مرسل

50۔ میں بلبل نالاں ہوں اک اجڑے گلستاں کا تاثیر کا سائل ہوں محتاج کو داتا دے

(الف) استعارہ (ب) کنایہ (ج) تشبیہ (د) مجاز مرسل

51۔ استعارہ کی کتنی اقسام ہیں۔

(الف) دو (ب) چار (ج) تین (د) پانچ

52۔ استعارہ بالتصریح اور استعارہ بالکنایہ اقسام ہیں۔

(الف) استعارہ (ب) کنایہ (ج) تشبیہ (د) مجاز مرسل

53۔ جب کوئی لفظ اپنے حقیقی معنوں کے بجائے مجازی معنوں میں استعمال ہو اور اس میں تشبیہ کے علاوہ کوئی اور تعلق پایا جائے۔

(الف) استعارہ (ب) کنایہ (ج) تشبیہ (د) مجاز مرسل

54۔ مجاز مرسل کی کل کتنی صورتیں ہیں۔

(الف) تین (ب) آٹھ (ج) چودہ (د) بارہ

55۔ اکرم اسلام آباد میں رہتا ہے۔ مثال ہے

(الف) استعارہ (ب) کنایہ (ج) تشبیہ (د) مجاز مرسل

56۔ اکرم اسلام آباد میں رہتا ہے۔ مثال ہے

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) جز کہہ کر کل کی (ج) مظروف کہہ کر ظرف کی (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

57۔ انگلیاں کانوں میں رکھنا۔ مثال ہے

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) جز کہہ کر کل کی (ج) مظروف کہہ کر ظرف کی (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

58۔ زندگی چار دن کی ہے۔ مثال ہے

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) جز کہہ کر کل کی (ج) مظروف کہہ کر ظرف کی (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

59۔ اور لے آئیں گے بازار سے گر ٹوٹ گیا جام جم سے یہ مرا جام سفال اچھا ہے

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) جز کہہ کر کل کی (ج) مظروف کہہ کر ظرف کی (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

60۔ گر کہے کوئی پاگل ہیں ور بھاگیں کانوں میں انگلیاں رکھ کر

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) جز کہہ کر کل کی (ج) مظروف کہہ کر ظرف کی (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

61۔ اس کام میں میرا کوئی ہاتھ نہیں۔

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) جز کہہ کر کل کی (ج) مظروف کہہ کر ظرف کی (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

62۔ نشہ پلا کر گرانا تو سب کو آتا ہے مزا تو تب ہے کہ گرتوں کو تھام لے ساقی

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) سبب کہہ کر مسبب (ج) مسبب کہہ کر سبب (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

63۔ بادل برس رہے ہیں۔ مثال ہے

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) سبب کہہ کر مسبب (ج) مسبب کہہ کر سبب (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

64۔ آگ جل رہی ہے۔ مثال ہے

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) سبب کہہ کر مسبب (ج) مسبب کہہ کر سبب (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

65۔ پیاس نے مسافروں کو نڈھال کر دیا۔ مثال ہے

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) سبب کہہ کر مسبب (ج) مسبب کہہ کر سبب (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

66۔زندگی چار دن کی ہے۔ مثال ہے

(الف) جز کہہ کر کل کی (ب) سبب کہ کر مسبب (ج) مسبب کہ کر سبب (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

67۔ماں نے بچے سے کہا چھری سے مت کھیلو ہاتھ کٹ جائے گا۔ مثال ہے

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) جز کہ کر کل کی (ج) مسبب کہ کر سبب (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

68۔میں روز قرآن مجید پڑھتا ہوں۔ مثال ہے

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) جز کہ کر کل کی (ج) مسبب کہ کر سبب (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

69۔دریا بہہ رہا ہے۔ مثال ہے

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) سبب کہ کر مسبب (ج) مسبب کہ کر سبب (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

70۔چائے چولہے پر رکھی ہے۔ مثال ہے۔

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) مظروف کہ کہہ ظرف (ج) مسبب کہ کر سبب (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

71۔پانی مجھے بھی دو۔

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) مظروف کہ کہہ ظرف (ج) مسبب کہ کر سبب (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

72۔ذرا دہی ادھر پکڑانا۔

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) مظروف کہ کہہ ظرف (ج) مسبب کہ کر سبب (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

73۔وہ دو کپ پی گیا۔

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) مظروف کہ کہہ ظرف (ج) مسبب کہ کر سبب (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

74۔میں نے بوتل پی۔ جگ ادھر دو۔ وہ دو پلیٹیں کھا گیا۔ دیگیں پک رہی ہیں۔

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) مظروف کہ کہہ ظرف (ج) مسبب کہ کر سبب (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

75۔کمرے میں علم بکھرا پڑا ہے۔ مثال ہے

(الف) کل کہہ کر جز (ب) مظروف کہ کہہ ظرف (ج) مسبب کہ کر سبب (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

76۔اس ملک میں روزی کا مسلہ ہی اصل مسلہ ہے۔

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) مظروف کہ کہہ ظرف (ج) مسبب کہ کر سبب (د) سبب کہ کر مسبب

77۔ عمر دراز مانگ کر لائے تھے چار دن — دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) جز کہہ کر کل (ج) مسبب کہ کر سبب (د) ظرف کہہ کر مظروف کی

78۔استاد نے طالب علم کا تعارف کراتے ہوئے کہا یہ ڈاکٹر صاحب/انجینئر صاحب ہیں۔

(الف) مستقبل کہہ کر حال (ب) حال کہہ کر مستقبل (ج) ماضی کہہ کر مستقبل (د) ظرف کہہ کر مظروف

79۔ سنگ زنی کی گل کے بدلے
دیں صلواتیں قتل کے بدلے

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) جز کہہ کر کل (ج) مسبب کہہ کر سبب (د) ظرف کہہ کر مظروف

80۔ مجھے کہنا ہے کچھ اپنی زباں میں۔

(الف) کل کہہ کر جز کی (ب) جز کہہ کر کل (ج) مسبب کہہ کر سبب (د) ظرف کہہ کر مظروف

81۔ کنایہ کے لغوی معانی ہیں۔

(الف) چھپی ہوئی/پوشیدہ بات (ب) ظاہری بات (ج) مجازی بات (د) حقیقی بات

82۔ جب کوئی لفظ اپنے مجازی معنوں میں اس طرح استعمال ہو کہ اس کے حقیقی معنی بھی مراد لیے جا سکیں۔

(الف) کنایہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (د) محاورہ

83۔ کنایہ کے کتنے اجزا ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) پانچ (د) سات

SOCH BADLO BY MAK

84۔ کنایہ کی اقسام ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) پانچ (د) سات

85۔ کنایہ کی صورتیں ہیں۔

(الف) دو۔ (ب) تین (ج) پانچ (د) چار

86۔ کنایہ قریب اور کنایہ بعید کس کی ذیلی اقسام ہیں۔

(الف) کنایہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (د) تشبیہ

87۔ اے کالے نے کاٹا۔ مثال ہے۔

(الف) کنایہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (د) تشبیہ

88۔ اکرم سفید پوش شخص ہے۔

(الف) کنایہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (د) تشبیہ

89۔ زندگی کی کیا رہی امید
ہو گئے موئے سیاہ موئے سفید

(الف) کنایہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (د) تشبیہ

90۔ شرکت شیخ و برہمن سے میر
اپنا کعبہ جدا بنائیں گے ہم

(الف) کنایہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (د) تشبیہ

91۔ دامن میں آج میر کے داغ شراب ہے — تھا اعتماد ہم کو بہت اس جوان پر

(الف) کنایہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (د) تشبیہ

92۔ ساقی وہ دے ہمیں کہ ہوں جس کے سبب ہم — محفل میں آب و آتش و خورشید یکجا

(الف) کنایہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (د) تشبیہ

93۔ میری جیب پر زیادہ بوجھ نہ ڈالو میں غریب شخص ہوں۔

(الف) کنایہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (د) تشبیہ

94۔ میں نے بال دھوپ میں سفید نہیں کیے۔

(الف) کنایہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (د) تشبیہ

95۔ اکرم پیٹ کا ہلکا ہے۔

((الف) کنایہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (د) تشبیہ

96۔ جب چولھا ٹھنڈا ہو جائے تو اپنے بھی ساتھ چھوڑ دیتے ہیں۔

(الف) کنایہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (د) تشبیہ

97۔ اپنے سفید بالوں کا کچھ خیال کرو۔

(الف) کنایہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (د) تشبیہ

98۔ اس کے چہرے پر نور ہے۔

(الف) کنایہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (د) تشبیہ

99۔ بال سفید ہو گئے مگر عقل نہ آئی۔

(الف) کنایہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (د) تشبیہ

100۔ سمجھو پیار کے واسطے پیارے برا نہیں — دو دن اگر کسی کے کوئی کام آ گیا

(الف) کل کہہ کر جز (ب) جز کہہ کر کل (ج) مسبب کہہ کر سبب (د) سبب کہہ کر مسبب

101۔ اٹھا جو صبح خواب سے وہ مست پر خمار — خورشید کف کے بیچ لیے جام آ گیا

(الف) کل کہہ کر جز (ب) جز کہہ کر کل (ج) مسبب کہہ کر سبب۔ (د) سبب کہہ کر مسبب

## علم بدیع

1۔ بدیع کے معنی کیا ہیں؟

(الف) ادھورا (ب) انوکھا (ج) کر کے دکھانا

2۔ تلمیح کے کیا معنی ہیں؟

(الف) اشارہ کرنا (ب) خوبصورت وجہ (ج) ادھار لینا

3۔ بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق — عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی

(الف) تضاد (ب) حسنِ تعلیل (ج) تلمیح

4۔ فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب — آؤ نہ، ہم بھی سیر کریں کوہِ طور کی

(الف) حسنِ تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تلمیح

5۔ ابنِ مریم ہوا کرے کوئی — میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

(الف) حسنِ تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تلمیح

6۔ آ رہی ہے چاہِ یوسف سے صدا — دوست یاں تھوڑے ہیں بھائی بہت

(الف) حسنِ تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تلمیح

7۔ اک کھیل ہے اورنگِ سلیماں مرے نزدیک — اک بات ہے اعجازِ مسیحا مرے آگے

SOCH BADLO BY MAK

(الف) حسنِ تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تلمیح

8۔ ایسا کلام جس میں کسی تاریخی قصے، قرآنی آیات یا حدیث کا تذکرہ ہوا سے کیا کہتے ہیں؟

(الف) حسنِ تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تلمیح

9۔ اگر ایک شعر میں دو متضاد الفاظ استعمال کیے گئے ہوں تو اسے کون سی صنعت کہتے ہیں؟

(الف) صنعتِ تضاد (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تلمیح

10۔ اک سب آگ اک سب پانی — دیدہ و دل عذاب ہیں دونوں

(الف) حسنِ تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تضاد

11۔ سکوں محال ہے قدرت کے کارخانے میں — ثبات اک تغیر کو ہے زمانے میں

(الف) حسنِ تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تضاد

12۔ کچھ غلط بھی تو نہیں تھا، میرا اتنا ہونا — آتش و آب کو ممکن نہیں یک جا ہونا

(الف) حسنِ تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تضاد

14۔ ہزار مرتبہ بہتر ہے بادشاہی سے — اگر نصیب تیرے کوچے کی گدائی ہو

(الف) حسنِ تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تضاد

15۔ عہدِ جوانی رو رو کاٹا پیری میں لیں آنکھیں موند — یعنی رات بہت تھے جاگے صبح ہوئی آرام کیا

(الف) حسن تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تضاد

16۔ زمین چمن گل کھلاتی ہے کیا کیا رنگ بدلتا ہے آسماں کیسے کیسے

(الف) حسن تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تضاد

17۔ کسی بات کی ایسی خوشنما علت اور شاعرانہ وجہ بیان کرنا جو حقیقت میں اصل وجہ نہ ہو بلکہ شاعر کی ذہنی اختراع ہو، اسے کون سی صنعت کہتے ہیں؟

(الف) حسن تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تضاد

18۔ زیرِ زمیں سے آتا ہے، جو گل سو زر بکف قاروں نے راستے میں لٹایا خزانہ کیا

(الف) حسن تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تضاد

19۔ سب کہاں؟ کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں خاک میں کیا صورتیں ہوں گی جو پنہاں ہو گئیں

(الف) حسن تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تلمیح

20۔ مری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ کسی حبیب کی یہ بھی ہیں جستجو کرتے

(الف) حسن تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تلمیح

21۔ عروجِ نشہ نشو نما سے ڈالیاں جھومیں ترانے گائے مرغانِ چمن نے شادماں ہو کر

(الف) حسن تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تلمیح

22۔ پیاسی جو تھیں سپاہِ خدا تین رات کی ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی

(الف) حسن تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تضاد

23۔ کیا کیا خضر نے سکندر سے اب کسے رہنما کرے کوئی

(الف) حسن تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تلمیح

24۔ نہ گورِ سکندر نہ ہے قبرِ دارا مٹے نامیوں کے نشاں کیسے کیسے

(الف) حسن تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تلمیح

25۔ قیس ہو کوہ کن ہو یا حالی عاشقی کچھ کسی کی ذات نہیں

(الف) حسن تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تلمیح

26۔ قتلِ حسین اصل میں مرگِ یزید ہے اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

(الف) حسن تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تلمیح

27۔ یہ کائنات ابھی ناتمام ہے شاید کہ آ رہی ہے دمادم صدائے کن فیکون

(الف) حسنِ تعلیل (ب) مراعاۃ النظیر (ج) تلمیح

28۔ وہ تھا جلوہ آرا مگر تم نے موسیٰ
نہ دیکھا، نہ دیکھا، نہ دیکھا، نہ دیکھا

(الف) تضاد (ب) تکرار (ج) مراعاۃ النظیر

29۔ کلام میں ایسے الفاظ کا استعمال کرنا جو صورت اور اجزا میں ایک جیسے ہوں تو وہ کون سی صنعت ہوتی ہے؟

(الف) تضاد (ب) تجنیس (ج) مراعاۃ النظیر

30۔ یوسف سے عزیز کو کئی سال
زندان عزیز میں پھنسایا

(الف) تضاد (ب) تجنیس (ج) مراعاۃ النظیر

31۔ چھوڑوں گا میں نہ اس بت کافر کا پوجنا
چھوڑے نہ خلق گو مجھے کافر کہے بغیر

(الف) تضاد (ب) تجنیس (ج) مراعاۃ النظیر

32۔ بھیجی ہیجو مجھ کو شہ جم جاہ نے دال
ہے لطف و عنایات شہنشاہ پہ دال

(الف) تضاد (ب) تجنیس (ج) مراعاۃ النظیر

33۔ چمن میں کس نے الٰہی نگاہ ڈالی آج
جو کھلاتی ہے گل کی ہر ایک ڈالی آج

(الف) تضاد (ب) تجنیس (ج) مراعاۃ النظیر

34۔ گلے سے لگتے ہی جتنے گلے تھے بھول گئے
وگرنہ یاد تھیں ہم کو شکایتیں کیا کیا

(الف) تضاد (ب) تجنیس (ج) مراعاۃ النظیر

35۔ دھرتی پر جب بھی وہ پاؤں دھرتی ہے
دھرتی اس کے بوجھ سے آہیں بھرتی ہے

(الف) تضاد (ب) تجنیس (ج) مراعاۃ النظیر

36۔ یہ بھی نہ پوچھا کسی صیاد نے
کون رہا کون رہا ہو گیا

(الف) تضاد (ب) تجنیس (ج) مراعاۃ النظیر

37۔ سب کہیں گے ہم اگر لاکھ برائی ہوگی
پر کہیں آنکھ لڑائی تو لڑائی ہوگی

(الف) تضاد (ب) تجنیس (ج) مراعاۃ النظیر

38۔ تمھارے دست نازک کے لیے بھیجی تھی ایک پہنچی
خبر پہنچی تو یہ پہنچی کہ وہ پہنچی نہیں پہنچی

(الف) تلمیح (ب) لف و نشر (ج) تجنیس

39۔ لف و نشر عربی کے الفاظ ہیں ان کے معنی کیا ہیں؟

(الف) بتانا یا پھیلانا (ب) سمیٹنا اور پھیلانا (ج) وضاحت

# اہم اصطلاحات

**مطلع:**

غزل یا قصیدے کا وہ پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں مطلع کہلاتا ہے۔

مطلع ثانی: ایک مطلع استعمال ہونے کے بعد جب دوبارہ دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں یعنی دوسرا شعر تو اسے مطلع ثانی یا حسن مطلع کہا جاتا ہے۔ اسی طرح تیسرے کو مطلع ثالث کہا جاتا ہے۔

**مقطع:**

غزل یا قصیدے کا وہ آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرے مقطع کہلاتا ہے۔ اگر تخلص کا استعمال نہ ہو تو اسے مقطع نہیں صرف آخری شعر کہیں گے۔

**قافیہ:**

قافیہ کے لغوی معنی پیچھے آنے والے کے ہیں کسی بھی نظم، غزل یا قصیدے میں آنے والے ہم آواز الفاظ جو مطلع کے دونوں مصرعوں اور باقی اشعار کے دوسرے مصرعے میں باترتیب استعمال ہوں۔ قافیہ کہلاتا ہے۔ جیسے، کام، تمام، شام، اہتمام وغیرہ

**تخلص:** کوئی ادیب یا شاعر اپنا قلمی نام جس سے وہ پہچان حاصل کرتا ہے یا کلام میں استعمال کرتا ہے۔

**ردیف:**

ردیف عربی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب ہے گھڑ سوار پیچھے بیٹھنے والا۔ وہ الفاظ جو قافیے کے بعد شعر کے آخر میں بار بار دہرائے جائیں یا مسلسل استعمال ہوں ردیف کہلاتی ہے۔

تخلص: وہ نام جو شاعر شاعری میں استعمال کرتے ہیں وہ اصلی نام بھی ہو سکتا ہے اور فرضی بھی۔ جیسے غالب، میر، مومن، اقبال، فراز، آتش، ذوق

**مصرع:**

مصرعے کا مطلب ہے دروازے کا ایک پٹ۔ اصطلاح میں شعر کی ایک سطر کو مصرع کہتے ہیں

**ٹیپ کا مصرع**۔ 2. وہ مصرع جو ہر بند میں دہرایا جائے اسے ٹیپ کا مصرع کہا جاتا ہے۔ اور جو آخری شعر کسی بند میں دہرایا جائے تو اس کا ٹیپ کا شعر کہا جاتا ہے۔

بند: دو سے زائد مصرعوں کے مجموعے کو بند کہا جاتا ہے۔

بیت: غزل کے بہترین شعر کو بیت کا شعر کہا جاتا ہے

فرد: کسی شاعر کے ایک شعر کو جو غزل کا حصہ نہ ہو اور صرف ایک ہی شعر ہو فرد کہلاتا ہے۔

**ترکیب بند**: کسی نظم میں بند کا آخری شعر یا مصرع اگر دہرایا نہ جائے یعنی آخر مصرع یا شعر ہر بند میں الگ ہو ترکیب بند کہتے ہیں

**ترجیع بند**۔ کسی نظم کا وہ بند جس کا آخری مصرع یا شعر بار بار دہرایا جائے یعنی پوری نظم میں ہر بند کے ساتھ آئے اسے ترجیع بند نظم کہا جاتا ہے

**شعر:**

شعر کا لفظ شعور سے نکلا ہے جب کوئی شاعر کسی خیال یا فکر کو وزن اور بحر میں پروتا ہے تو اسے شعر کہتے ہیں۔

**مثنوی:**

- مثنوی کا لفظ عربی لفظ مثنیٰ سے نکلا ہے جس کا مطلب ہے دو۔
- ایسی نظم جس کے ہر شعر کا اپنا قافیہ ردیف ہو۔ اور ہر دوسرے شعر کا قافیہ پہلے سے الگ ہو مثنوی کہلاتی ہے۔

**مثلث**: ایسی نظم جس کے ہر بند میں تین مصرعے ہوں

**رباعی/مربع** جس کے ہر بند میں چار مصرعے ہوں

**مخمس**: جس کے ہر بند میں پانچ مصرعے ہوں

**مسدس**: جس کے ہر بند میں چھے مصرعے ہوں

SOCH BADLO

40۔ محفل میں ہم تھے اس طرف، وہ شوخ و چنچل اس طرف تھی سادہ لوحی اس طرف، مکر و فسوں چھل اس طرف

(الف) تلمیح (ب) لف و نشر (ج) تجنیس

41۔ ایک سب آگ ایک سب پانی دیدہ و دل عذاب ہیں دونوں

(الف) تلمیح (ب) لف و نشر (ج) تجنیس

42۔ تیرے رخسار و قد و چشم کے ہیں عاشق زار گل جدا، سرو جدا، نرگس بیمار جدا

(الف) تلمیح (ب) لف و نشر (ج) تجنیس

43۔ کبھی جو زلف اٹھائے تو منہ نظر آئے اسی امید پہ گزری ہے صبح شام ہمیں

(الف) تلمیح (ب) لف و نشر (ج) تجنیس

44۔ آتش و آب و باد و خاک نے لے لی وضع سوز و نم و رم و آرام

(الف) تلمیح (ب) لف و نشر (ج) تجنیس

**مثمن:** جس کے ہر بند میں آٹھ مصرعے ہوں
**مسبع:** جس کے ہر بند میں سات مصرعے ہوں
**متسع:** جس کے ہر بند میں نو مصرعے ہوں
**معشر:** جس کے ہر بند میں دس مصرعے ہوں

**نظم:** نظم کا مطلب ہے پرونا، تنظیم و ترتیب
ہر موزوں (یعنی وزن میں ہو) کلام کو نظم کہتے ہیں اشعار کے مجموعے کو بھی نظم کہتے۔اصطلاح میں کسی عنوان کے تحت وزن و بحر کے تحت لکھے گئے کلام کو نظم کہتے ہیں۔یہ غزل سے اس لیے مختلف ہے کہ غزل کا عنوان نہیں ہوتا۔غزل کے ہر شعر کا مفہوم و مطالب الگ ہوتے ہیں۔جب کہ نظم ایک ہی موضوع کے تحت ہوتی ہے۔

**غزل:**
عورتوں سے باتیں کرنا۔غزل کا لفظ عربی لفظ غزال سے نکلا ہے غزال ہرن کو کہا جاتا ہے جب شکاری ہرن کا شکار کرتا ہے تو اس کے منھ سے نکلنے والی آواز کو بھی غزل کہتے اور عشق و عاشقی کی باتیں کرنا بھی غزل کہلاتا ہے۔تاہم اب غزل وسیع مفہوم رکھتی اور ہر شعبہ زندگی کا ذکر اس میں ملتا ہے۔غزل کا ہر شعر مکمل اکائی ہوتا ہے۔اور ایک مکمل موضوع کو بیان کرتا ہے۔
وہ غزل جس میں ردیف کا استعمال نہ ہو اسے غیر مردف غزل کہا جاتا ہے۔
اسی طرح وہ غزل جس کا موضوع اگر ایک ہی تو اسے غزل مسلسل کہتے ہیں۔

**حمد:** جس میں اللہ کی تعریف کی جائے

**نعت:** جس میں نبی پاک کی حمد و ثنا بیان ہو

**منقبت:**
وہ نظم جس میں بزرگان دین، اولیا اور صحابہ کرام کی شان میں لکھا جائے۔

**مناجات:**
ایسی نظم جس میں دعا مانگی جائے۔یعنی حاجت روی کے لیے تحریر کی جانے والی نظم

**مرثیہ:**
عربی زبان کے لفظ "رثا" سے نکلا ہے جس کا مطلب مردے کو رونے اور خوبیاں بیان کرنے کے ہیں۔ ایسی نظم جس میں مرنے والے کی موت پر غم، دکھ درد کا کا اظہار شاعری کی صورت میں کیا جائے۔تاہم اب یہ نظم کی یہ قسم واقعہ کربلا کے شہدا کے ساتھ مخصوص کر دی گئی ہے۔

**قصیدہ:**
عربی زبان کے لفظ "قصد" سے نکلا ہے جس کا مطلب ہے ارادہ کرنا۔
ایسی نظم جس میں کسی زندہ شخص کے کردار کو مثبت انداز میں پیش کیا جائے یا اس کی مداح کی جائے۔ یعنی ایسی نظم جس میں کسی شخص کی تعریف و توصیف بیان کی جائے اسے قصیدہ کہا جاتا ہے۔

**شہر آشوب:**
ایسی نظم جس میں کسی شہر کی تباہی و بربادی اور حالات کے خراب ہونے کا ذکر ہو۔

**گیت:**
گیت کے لغوی معنی" نغمہ یا سرور" کے ہیں۔جب شاعرانہ ترنم کے ساتھ اپنے جذبات و احساسات کا اظہار کیا جائے تو اسے گیت کہتے ہیں۔

**ملی نغمہ:**
ایسا نغمہ یا گیت جس میں ملت یا قوم کا ذکر کرتے ہوئے محبت کا جذباتی اظہار کیا جائے۔
**کلیات:** کسی بھی شاعر یا نثر نگار کا تمام مجموعہ کلام کا ایک جگہ جمع ہو جانا کلیات کہلاتا ہے۔
**دیوان:** شاعری میں الف بائی ترتیب سے شامل کلام پہ مشتمل کتاب کو دیوان کہا جاتا ہے۔

**روزمرہ:**

SOCH BADLO BY MAD

- دو یا دو سے زیادہ الفاظ جو اپنے حقیقی معنوں میں استعمال ہوں اور اہل زبان کی بول چال کے مطابق ہوں روز مرہ کہلاتے ہیں جیسے آئے دیکھو
- بروز پندرہ میں، مجھے لاہور جانا ہے وغیرہ

**محاورہ:**

- لغت کے اعتبار سے محاورہ کا مطلب ہے "بات چیت" لیکن اصطلاح میں یا دو سے زیادہ الفاظ کا مجموعہ جو اپنے مجازی معنوں میں استعمال ہو یہ ان میں کمی بیشی نہیں کی جا سکتی۔ان کے آخر میں عموماً "نا" آتا ہے۔ جیسے قسم کھانا، آسمان سے باتیں کرنا، سیدھا کرنا۔

**ضرب المثال:**

- ایسا جملہ یا فقرہ جو مثال کے طور پر مشہور ہو جائے ضرب المثال کہلاتا ہے۔اس کو کہاوت بھی کہا جاتا ہے۔اس کہاوت کے پیچھے ایک پوری کہانی ۔واقعہ ہوتا ہے۔یہ انسان کے صدیوں کے تجربات اور مشاہدات کو نچوڑ ہوتی ہے۔اس کے پیچھے پوری ایک کہانی یا واقعہ ہوتا ہے جیسے ایک سو بیمار، گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے۔

**ذو معانی:** ایسے الفاظ جن کا املا تو ایک جیسا ہوتا ہو لیکن معانی ایک سے زیادہ ہوں۔

## اصناف نثر:

**افسانوی اصناف** (ناول، ڈراما، افسانہ، کہانی، داستان)

**ناول:**

ناول اطالوی زبان کے لفظ "ناویلا" سے نکلا ہے جس کے معنی "نادر یا انوکھا" کے ہیں۔ناول ایک نثری قصہ ہوتا ہے جس میں پوری زندگی کی تصویر کشی کی جاتی ہے۔جس میں واقعات کو کہانی کی شکل میں بیان کیا جاتا ہے۔پلاٹ، کردار، منظر نگاری، کہانی، پس منظر، اسلوب بیان، مکالمے وغیرہ اس کے اجزا ہیں

- **افسانہ:**
- افسانے کو انگریزی میں فکشن کہتے ہیں۔
- لغت کے اعتبار سے افسانہ جھوٹی کہانی کو کہتے ہیں۔افسانہ زندگی کے کسی ایک واقعے یا پہلو کو کہانی کی صورت میں پیش کرنے کا نام ہے۔یہ مختصر ہوتا ہے جو ایک ہی نشست میں پڑھا جا سکے۔اس کے کردار بھی فرضی ہوتے ہیں لیکن حقیقی لگتے ہیں۔وحدت تاثر اس کی بنیادی خوبی ہے۔

**ڈراما:**

یہ یونانی زبان کے لفظ "ڈراو" سے نکلا ہے جس کا مطلب ہے کچھ کر کے دکھانا۔ایسی کہانی جو کرداروں کے ذریعے پیش کی جائے۔پلاٹ، کردار، مکالمہ، موسیقی، کہانی، تماشائی، اسٹیج اس کے لازمی اجزا ہیں۔

**کہانی:**

کہانی کا مطلب ہے کسی واقعے، حکایت یا قصے کو دل چسپ انداز میں اس طرح بیان کرنا کہ پڑھنے والا اس سے ذہنی و قلبی تعلق محسوس کرے۔کردار، پلاٹ قصہ، مکالمہ، منظر نگاری، اور اسلوب بیان اس کے اہم اجزا ہیں۔

**لوک کہانی۔**

اس سے مراد وہ کہانی ہے جو عوام میں مروج ہوں اور سینہ بہ سینہ منتقل ہوتی رہی ہوں۔جو عام طور پر تحریری صورت میں نہیں ہوتیں۔تاہم اب لکھنے کا رواج ہو چکا ہے۔یہ ہر علاقے کی نسبت سے مشہور ہوتی ہیں اور ایک تہذیب کو اپنے اندر سموئے ہوئے ہوتی ہیں۔یہ اپنے علاقے کی سماجی، معاشی، اخلاقی اور سیاسی اثرات سے متاثر ہوتی ہیں۔

**انشائیہ:**

- یہ ایک ایسی صنف ہے جو مضمون کی طرز کی ہوتی ہے اس میں لکھنے والے کو مرکزی حیثیت حاصل ہوتی ہے۔یہ کہیں سے بھی شروع کر کے کہیں بھی ختم کیا جا سکتا۔اس کا اسلوب شگفتہ ہونا ضروری ہے۔

**مضمون:**

- مضمون کے لغوی معنی "ضمن میں لیا ہوا" کسی موضوع پر اپنے خیالات، جذبات، مشاہدات، معلومات، تجربات اور احساسات کا تحریری انداز میں پیش کرنا۔یہ تین جز کے بغیر نامکمل ہوتا ہے۔آغاز/ابتدائیہ، وسط، انجام/نتیجہ

**طنز و مزاح:**

**طنز:** زندگی کے قابلِ گرفت اور نفرت انگیز پہلوؤں پر ظریفانہ تنقید کا نام ہے۔

**مزاح:** مزاح کا مطلب ہے ہنسی اور مذاق۔ جب مصنف کسی مسئلے یا واقعے کو ظرافت یعنی ہنسی خوشی کی کیفیات کے ساتھ بیان کرے تو اسے مزاح کہتے۔

عموماً طنز و مزاح کی اصطلاح اکٹھی استعمال ہوتی ہے یعنی ایسی تحاریر جو آپ کو ہنسنے پر مجبور کر دیں اور اس تحریر میں تنقید کو مزاح کا جامہ پہنا دیا جائے لیکن اس کے باوجود بھی قاری ہنسنے پر مجبور ہو جائے طنز و مزاح کہلاتی ہیں۔ طنز و مزاح کی ایک مقبول صنف لطیفہ ہے۔

**خاکہ:** Sketch wrriting

لغوی مطلب نقشہ یا ڈھانچہ کے ہیں۔ ادب کی اصطلاح میں ایسا مضمون یا تحریر جو کسی شخصیت کی زندگی کے چند اہم پہلوؤں کو یوں بیان کرے کہ اس شخصیت کی پوری تصویر از زندگی اور سیرت و کردار واضح ہو جائیں۔

**سفرنامہ:**

جب کوئی ادیب اپنے سفر کے تمام احوال کو تحریری صورت میں پیش کرتا ہے تو اس کو سفرنامہ کہتے ہیں۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ جغرافیہ، معاشی حالات، سیاسیات، تہذیب و تمدن اور معاشرت حالات کا بیان لازمی ہو۔

**مکتوب نگاری/خطوط نگاری**

مکتوب کے لغوی معنی لکھا گیا یا تحریر کے ہیں۔ اور خط کا مطلب ہے لائن۔ خط عربی زبان کا لفظ ہے۔ جب کوئی شخص اپنے ذاتی حالات و واقعات کو اپنے کسی قریبی یا عہدے دار کو تحریری صورت میں پہنچاتا ہے تو اس خط کہا جاتا ہے۔

**آپ بیتی**

اپنے حالات زندگی یا خود پر گزرے ہوئے حالات و واقعات کو خود تحریر کرنا آپ بیتی یا خود نوشت یا خود نوشت سوانح عمری کہا جاتا ہے۔ آپ بیتی کسی شخص کی اپنی کہانی کا دوسرا نام ہے۔

**تنقید:**

تنقید عربی زبان کے لفظ" نقد "سے نکلا ہے جس کا مطلب ہے کھرے اور کھوٹے کی پہچان۔ اصطلاح میں جس کی ادب پارے / کتاب پر اس کے فکر و فن کا مطالعہ تجزیاتی انداز میں کیا جائے۔ خوبیوں اور خامیوں کو ظاہر کیا جائے تنقید کہلاتی ہے۔

**تذکرہ:** عربی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب ہے "ذکر کیا گیا"۔ جب کسی کتاب میں شعرا کے منتخب کلام کے ساتھ ان کی زندگی کے مختصر حالات کا ذکر جائے اور انتخاب کرنے والے شخص کی کلام کے حوالے سے مختصر رائے بھی ہو تو اسے تذکرہ کہتے ہیں۔

**فیچر/کالم:**

فیچر آج کل کئی معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً خبریں، کالم، مضامین، وغیرہ۔ اس کے لحاظ سے اس کی کئی اقسام بھی ہیں۔ تاہم مجموعی اعتبار سے اس سے مراد یہ ہے کہ کسی خبر، واقعہ یا پہلو کو ڈرامائی انداز میں پیش کرنا کہ قاری کی دلچسپی پیدا ہو سکے۔ یعنی اس کے آغاز میں کسی کہانی کو بنیاد بنایا جاتا ہے اور پھر اصل موضوع کو اس ڈرامائی انداز میں بیان کر دیا جاتا ہے۔

# گرائمر

**مرکب الکلام/جملہ:**

دو یا دو سے زائد بامعنی الفاظ کا مجموعہ مرکب یا جملہ کہلاتا ہے۔جملے کے دو بنیادی اجزا /حصے ہیں۔مسند اور مسند الیہ۔

**مرکب کی دو اقسام:**

مرکب تام اور مرکب ناقص

**مرکب ناقص:**

وہ مرکب جس میں کہنے والے کی بات سننے والے کو سمجھ میں نہ آئے اور ادھوری رہے اسے مرکب ناقص کہا جاتا ہے۔

جیسے:لاہور سے کراچی تک، چھت پر ،صبح اور شام،بوندا باندی وغیرہ۔مرکب ناقص کو آٹھ اقسام میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

**مرکب تام:**

وہ مرکب جس میں کہنے والے کی بات سننے والے کو سمجھ میں آ جائے اور جملہ مکمل ہو مرکب تام کہلاتا ہے۔

جیسے: اکرم کرکٹ کھیل رہا ہے۔۔ سجاد ہوشیار لڑکا ہے۔بچے کھیل رہے ہیں۔

**مرکب تام کی اقسام:**

مرکب تام کی دو اقسام ہیں: جملہ انشائیہ اور جملہ خبریہ

**جملہ انشائیہ:**

ایسا جملہ جس میں فعل امر، فعل نہی،سوال،ندا اور تمنا پائی جائے جملہ انشائیہ کہلاتا ہے۔جیسے

فعل امر: دروازہ بند کر دو۔ پانی لا دو۔

فعل نہی: شور مت کرو۔ بجلی سے نہ چھیڑو،باہر دھوپ میں مت جاو

سوال:کیا آپ نے سبق پڑھا؟آپ کس قسم کی کتابیں پسند کرتے ہیں۔

ندا:یا اللہ ! خیر، الحمدللہ! سبحان اللہ! ،ماشاءاللہ وغیرہ

تمنا: کاش میں پڑھتا تو پاس ہو جاتا۔ اگر ہم محنت کرتے تو سب ہو جاتا۔

**جملہ خبریہ:**

وہ جملہ جس میں کسی چیز یا کام کے بارے میں خبر دی جا رہی ہو اسے جملہ خبریہ کہتے ہیں۔

جیسے۔اکرم شریف ہے۔ منیر نے کھانا کھایا۔علی دوڑا۔ منیب نیک ہے۔

**جملہ خبریہ کے اجزا:**

مبتدا اور خبر

**جملہ خبریہ کی اقسام:**

جملہ خبریہ کی دو اقسام: جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ

**جملہ اسمیہ:**

ایسا جملہ جس میں مسند الیہ اور مسند دونوں اسم ہوں جملہ اسمیہ کہلاتا ہے۔ جیسے۔ سجاد شریف ہے۔اکرم چالاک ہے۔ علی ذہین ہے۔

**لہ اسمیہ کے اجزا:** جملہ اسمیہ کے تین اجزا ہیں۔
ند الیہ ، مسند ، فعل ناقص
ے۔اکرم ذہین ہے۔اکرم ( مسند الیہ) ذہین (مسند )، ہے (فعل ناقص)
ض جملوں کی مناسبت سے جملے کے اجزا میں اضافہ ہو جاتا ہے جسے (متعلق خبر کہا جاتا ہے) تاہم اس کے بنیادی اجزا تین
ی ہیں۔
رم نہایت شریف ہے۔اکرم ( مسند الیہ) نہایت (متعلق خبر) ذہین (مسند ) ہے (فعل ناقص)

**لہ فعلیہ:**
یا جملہ جس میں مسند الیہ اسم اور مسند فعل ہو جملہ فعلیہ کہلاتا ہے۔جیسے ۔سجاد بھاگا۔ شاہد نے فٹ بال کھیلی۔

**لہ فعلیہ کے اجزا:** جملہ فعلیہ کے دو اجزا ہیں۔
شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

(A) تلمیح (B) تکرار (C) تضاد (D) مراعاۃ النظیر

SOCH BADLO BY MAK

CS CamScanner

# [NCP] (SLOs Assessment Framework)

| Version No. | | | | ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ |
| ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① |
| ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② |
| ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ |
| ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ |
| ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ |
| ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ |
| ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ |
| ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ |
| ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ |

## FBISE

اُردو (لازمی) ایس ایس سی - I

حصہ اول (کل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

Section — A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting / overwriting is not allowed. Do not use lead pencil.

حصہ اول لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کر دیں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Candidate Sign. ________ Invigilator Sign. ________

SOCH BADLO BY MAK

سوال نمبر 1: ہر سوال کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پُر کریں۔

**Q1. Fill the relevant bubble against each question. Each part carries one mark.**

(1) زینب کی کتاب بہت دلچسپ ہے۔ اس جملے میں تذکیر و تانیث کی نشاندہی کس سے ہو رہی ہے؟

(A) زینب (B) دلچسپ (C) ہے (D) کی

(2) درج ذیل میں سے کون سے الفاظ مرادی معنوں میں استعمال ہوتے ہیں؟

(A) استعارہ (B) تشبیہ (C) کنایہ (D) روداد

(3) ترکیب لفظی کی نشاندہی کریں۔

(A) عشق و محبت (B) کتاب و قلم (C) گل لالہ (D) جان پہچان

(4) اس نظم کو کیا کہیں گے جس کے ہر بند میں چھے مصرعے ہوں؟

(A) مخمس (B) مسدس (C) ترجیع بند (D) ترکیب بند

(5) "محمود نیک لڑکا ہے" اس جملے میں 'مسند' کیا ہے؟

(A) محمود (B) نیک (C) لڑکا (D) ہے

CamScanner

(6) کسی کی تعریف یا خوشی کے اظہار کے لیے بولے جانے والے حروف ________ کہلاتے ہیں

(A) حرف تمنا (B) حرف نفرین (C) حرف تحسین یا انبساط (D) حرف تاسف

(7) وہ جملہ ہے جس میں فعل امر، فعل نہی، سوال، ندا، تمنا پائی جائے ________ کہلاتا ہے۔

(A) جملہ فعلیہ (B) جملہ خبریہ (C) جملہ انشائیہ (D) جملہ اسمیہ

(8) سابقے "بے" کے ساتھ درست لفظ کا انتخاب کریں:

(A) کمال (B) پروا (C) پرس (D) تمیز

(9) محاورہ کس کی بول چال اور اسلوب کے مطابق ہونا ضروری ہے؟

(A) اہل زبان (B) اہل ہنر (C) اہل کتاب (D) اہل علم

(10) پوچھنے کے لیے استعمال ہونے والے حروف کہلاتے ہیں:

(A) حروف استفہام (B) حروف استعجاب (C) حروف تمنا (D) حروف تہنیت

(11) ۔ ایک روشن دماغ تھا، نہ رہا — شہر میں اک چراغ تھا، نہ رہا

اس شعر میں علم بیان کی کون سی قسم استعمال ہوئی ہے؟

(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) مجاز مرسل (D) کنایہ

(12) ماں کہتی ہے: "میرا چاند آیا" اس جملے میں علم بیان کی رو سے 'چاند' کیا ہے؟

(A) مجاز مرسل (B) تشبیہ (C) کنایہ (D) استعارہ

(13) قواعد کی رو سے "میرا بھائی" کیا ہے؟

(A) مرکب ناقص (B) مرکب اضافی (C) مرکب تام (D) مرکب جاری

(14) "میں پاکستان میں رہتا ہوں" علم بیان کی رو سے کیا ہے؟ کل سے جز مراد لینا

(A) مجاز مرسل (B) تشبیہ (C) کنایہ (D) استعارہ

(15) ۔ اقرار میں کہاں ہے انکار کی سی خوبی — ہوتا ہے شوق غالب ان کی نہیں نہیں پر

شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

(A) تلمیح (B) تکرار (C) تضاد (D) مراعاۃ النظیر

SOCH BADLO BY MAK

CamScanner

| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| 0 | 0 | 0 | 0 |
| 1 | 1 | 1 | 1 |
| 2 | 2 | 2 | 2 |
| 3 | 3 | 3 | 3 |
| 4 | 4 | 4 | 4 |
| 5 | 5 | 5 | 5 |
| 6 | 6 | 6 | 6 |
| 7 | 7 | 7 | 7 |
| 8 | 8 | 8 | 8 |
| 9 | 9 | 9 | 9 |

| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |
| 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 |
| 2 | 2 | 2 | 2 | 2 | 2 | 2 |
| 3 | 3 | 3 | 3 | 3 | 3 | 3 |
| 4 | 4 | 4 | 4 | 4 | 4 | 4 |
| 5 | 5 | 5 | 5 | 5 | 5 | 5 |
| 6 | 6 | 6 | 6 | 6 | 6 | 6 |
| 7 | 7 | 7 | 7 | 7 | 7 | 7 |
| 8 | 8 | 8 | 8 | 8 | 8 | 8 |
| 9 | 9 | 9 | 9 | 9 | 9 | 9 |

# FBISE

## اُردو (لازمی) ایس ایس سی - I

حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

Section — A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting / overwriting is not allowed. Do not use lead pencil.

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کردیں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Candidate Sign. ____________ Invigilator Sign. ____________

سوال نمبر 1: ہر سوال کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پُر کریں۔

**Q1. Fill the relevant bubble against each question. Each part carries one mark.**

(1) ہری ہری گھاس دیکھ کر جی خوش ہو گیا۔ اس جملے میں تذکیر و تانیث کی نشاندہی کس سے ہو رہی ہے؟

(A) ہری ہری ✓ (B) گھاس (C) خوش (D) ہو گیا

(2) وہ صفت جس کی بنا پر تشبیہ دی جائے ________ کہلاتی ہے۔

(A) وجہ شبہ ✓ (B) مستعار منہ (C) مستعار لہ (D) وجہ جامع

(3) ترکیب لفظی کی نشاندہی کریں۔

(A) چاند سورج (B) دلِ داغدار ✓ (C) چال ڈھال (D) سلام دعا

(4) لفظ "ادا" ایک ذو معنی الفاظ ہے۔ صحیح معانی کا انتخاب کیجیے۔

(A) مہارت اور بیگم (B) ناز، نخرہ اور انجام دہی، تکمیل ✓ (C) فاضل اور دنیا (D) مثل اور طرح

(5) ________ وہ جملہ ہے جس میں کسی بات کی خبر دی جائے اور اس جملے کے بولنے والے کو جھوٹا یا سچا کہہ سکیں۔

(A) جملہ اسمیہ (B) جملہ شرطیہ (C) جملہ خبریہ ✓ (D) جملہ انشائیہ

CamScanner

(6) غم یا افسوس کے موقع پر استعمال ہونے والے حروف کہلاتے ہیں؟

(A) حرف تمنا (B) حرف نفرین (C) حرف ندا (D) حرف تاسف

(7) ایسی نظم جس میں کسی فوت شدہ شخص کی خوبیاں بیان کی جائیں اور اس کی تعریف و توصیف دردمندی سے کی جائے، کہلاتی ہے:

(A) قصیدہ (B) مرثیہ (C) منقبت (D) مناجات

(8) "پاگل" کے ساتھ درست لاحقے کا انتخاب کریں:

(A) پوش (B) خانہ (C) گیر (D) نواز

(9) میں بے ناغہ کالج آتا ہوں۔ قواعد کی رو سے غلطی کی نشاندہی کریں۔

(A) روزمرہ کی (B) محاورے کی (C) ضرب المثل کی (D) فعل کی

(10) مبارک باد کے موقع پر استعمال ہونے والے حروف کہلاتے ہیں:

(A) حروف استفہام (B) حروف استعجاب (C) حروف تمنا (D) حروف تہنیت

(11) ؎ فقیرنہ آئے صدا کر چلے میاں! خوش رہو ہم دعا کر چلے

شعری اصطلاح میں یہ شعر کہلائے گا:

(A) حسن مطلع (B) زیب مطلع (C) مطلع (D) مقطع

(12) ایسی شاعری جس میں قافیہ کا خیال نہیں رکھا جاتا ________ کہلاتی ہے۔

(A) نظم معراء (B) نثری نظم (C) آزاد نظم (D) پابند نظم

(13) وہ شخص یا چیز جو مستعار لی جائے ________ کہلاتی ہے۔

(A) وجہ جامع (B) مجاز مرسل (C) مستعار منہ (D) مستعارلہ

(14) کسی ایک چیز کو کسی مشترکہ خوبی یا برائی کی وجہ سے کسی دوسری چیز جیسا قرار دینا ________ کہلاتا ہے۔

(A) استعارہ (B) تشبیہ (C) ردیف (D) قافیہ

(15) ؎ آدمی آدمی سے ملتا ہے دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

(A) تلمیح (B) تکرار (C) تضاد (D) مراعاۃ النظیر

CamScanner

... NUMBER

# FBISE

## اُردو (لازمی) ایس ایس سی - I

حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

Section — A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting / overwriting is not allowed. Do not use lead pencil.

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کر دیں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Candidate Sign. ________ Invigilator Sign. ________

سوال نمبر 1: ہر سوال کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پُر کریں۔

1. **Fill the relevant bubble against each question. Each part carries one mark.**

(1) بچے کی گیند گم ہو گئی۔ اس جملے میں تذکیر و تانیث کی نشاندہی کس سے ہو رہی ہے؟

(A) بچے (B) کی (C) گیند (D) گم

(2) مندرجہ ذیل میں سے تشبیہ کے اجزاء کون سے ہیں؟

(A) مشبہ، مشبہ بہ، وجہ شبہ، حرف تشبیہ (B) حرف تشبیہ، وجہ شبہ
(C) مشبہ، وجہ شبہ (D) مشبہ بہ، حرف تشبیہ، مشبہ

(3) ترکیب لفظی کی نشاندہی کریں۔

(A) چاند سورج (B) قیام الیل (C) چال ڈھال (D) سلام دعا

(4) ________ ایسا صنف سخن ہے جس میں کسی بھی ایک خیال کو مسلسل بیان کیا جاتا ہے۔

(A) نظم (B) روداد (C) افسانہ (D) غزل

SOCH BADLO BY MAK
CamScanner

(5) ایسا جملہ جس میں مسند اور مسند الیہ دونوں اسم ہوں، ________ کہلاتا ہے۔

(A) جملہ فعلیہ (B) جملہ اسمیہ (C) جملہ انشائیہ (D) جملہ خبریہ

(6) اگر وہ تیز چلتا تو وقت پر پہنچ جاتا اس جملے میں "اگر" کیا ہے؟

(A) حرف تمنا (B) حرف نفرین (C) حرف شرط (D) حرف تاسف

(7) قافیہ و ردیف سے آزاد لیکن پابند وزن و بحر پر مبنی شاعری کو ________ کہا جاتا ہے۔

(A) آزاد نظم (B) نظم معراء (C) یک مصرعی نظم (D) نثری نظم

(8) "بد" کے ساتھ درست لاحقے کا انتخاب کریں:

(A) کار (B) گاہ (C) گیر (D) نواز

(9) مثل ہے کہ ہمت کا ہامی خدا ہے۔ قواعد کی رو سے غلطی کی نشاندہی کریں۔

(A) روزمرہ کی (B) محاورے کی (C) ضرب المثل کی (D) تشابہ کی

(10) ایسے حروف جو کچھ پوچھنے یا سوال کرنے کے موقع پر بولے جاتے ہیں، کہلاتے ہیں:

(A) حروف استفہام (B) حروف استعجاب (C) حروف تمنا (D) حروف تہنیت

(11) ۔ سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا کہتی ہے تجھ کو خلقِ خدا غائبانہ کیا

شعری اصطلاح میں یہ شعر کہلائے گا:

(A) حسن مطلع (B) زیب مطلع (C) مطلع (D) مقطع

(12) اشعار میں ہم آواز الفاظ کو کیا کہا جاتا ہے؟

(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

(13) ۔ صبح آیا جانبِ مشرق نظر اک نگارِ آتشیں رُخ سر کھلا شعر میں علم بیان کی کون سی قسم ہے نشاندہی کریں:

(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) مجاز مرسل (D) کنایہ

(14) وہ لفظ جس کے مجازی معنی مراد ہوں مگر حقیقی اور مراد معنوں میں تشبیہ کا تعلق نہ ہو ________ کہلاتا ہے۔

(A) فعل لازم (B) مجازِ مرسل (C) جملہ شرطیہ (D) مرکب عطفی

(15) ۔ کیا کیا خضر نے سکندر سے اب کسے رہ نما کرے کوئی شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

(A) تلمیح (B) تکرار (C) تضاد (D) مراعاۃ النظیر

SOCH BADLO BY MAK

CamScanner

## (SLOs Assessment Framework)

| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| 0 | 0 | 0 | 0 |
| 1 | 1 | 1 | 1 |
| 2 | 2 | 2 | 2 |
| 3 | 3 | 3 | 3 |
| 4 | 4 | 4 | 4 |
| 5 | 5 | 5 | 5 |
| 6 | 6 | 6 | 6 |
| 7 | 7 | 7 | 7 |
| 8 | 8 | 8 | 8 |
| 9 | 9 | 9 | 9 |

| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 |
| 2 | 2 | 2 | 2 | 2 | 2 | 2 |
| 3 | 3 | 3 | 3 | 3 | 3 | 3 |
| 4 | 4 | 4 | 4 | 4 | 4 | 4 |
| 5 | 5 | 5 | 5 | 5 | 5 | 5 |
| 6 | 6 | 6 | 6 | 6 | 6 | 6 |
| 7 | 7 | 7 | 7 | 7 | 7 | 7 |
| 8 | 8 | 8 | 8 | 8 | 8 | 8 |
| 9 | 9 | 9 | 9 | 9 | 9 | 9 |

# FBISE

**اُردو (لازمی) ایس ایس سی - I**

**حصّہ اوّل (کُل نمبر 15)**

**وقت: 20 منٹ**

Section — A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting / overwriting is not allowed. Do not use lead pencil.

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کر دیں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Candidate Sign. ____________

Invigilator Sign. ____________

SOCH BADLO BY MAK

**سوال نمبر 1: ہر سوال کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پُر کریں۔**

**1. Fill the relevant bubble against each question. Each part carries one mark.**

(1) لفظ "کار" ایک ذو معنی الفاظ ہے۔ صحیح معانی کا انتخاب کیجیے۔

(A) موت اور بزرگ (B) حکیم اور کتاب (C) خواہش اور سانس (D) کام اور گاڑی

(2) تشبیہ کے کُل کتنے اجزاء ہیں؟

(A) چار (B) پانچ (C) چھ (D) سات

(3) ترکیب لفظی کی نشاندہی کریں۔

(A) چاند سورج (B) حسابِ دوستاں (C) چال ڈھال (D) سلام دعا

(4) مندرجہ ذیل میں سے مرثیہ کے حصّے کون سے ہیں؟

(A) چہرہ، سراپا، رخصت، آمد (B) جنگ، دعا، آمد

(C) رجز، جنگ، شہادت، دعا (D) دونوں (A) اور (C)

CamScanner

(5) اسلم نے قلم سے خط لکھا۔ قواعد کی رو سے کون سا جملہ ہے؟

(A) جملہ اسمیہ (B) جملہ فعلیہ (C) جملہ استفہامیہ (D) جملہ معترضہ

(6) جیسے کاغذ اور پنسل میز پر رکھ دو اس جملے میں "پر" کیا ہے؟

(A) حرف تمنا (B) حرف جار (C) حرف ندا (D) حرف تاسف

(7) شعر کی ایک سطر کو کہتے ہیں؟

(A) مصرع (B) بند (C) مطلع (D) مقطع

(8) "بخت" کے ساتھ درست سابقہ کا انتخاب کریں:

(A) ہم (B) کم (C) بے (D) با

(9) بھاگتے چور کا جوتا ہی سہی۔ قواعد کی رو سے غلطی کی نشاندہی کریں۔

(A) روزمرہ کی (B) محاورے کی (C) ضرب المثل کی (D) فعل کی

(10) وہ حروف جو کسی وجہ یا سبب کو ظاہر کریں کہلاتے ہیں:

(A) حروف استفہام (B) حروف استعجاب (C) حروف تمنا (D) حروف علت

(11) غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص (مختصر نام) استعمال کرے _______ کہا جاتا ہے۔

(A) مطلع (B) ردیف (C) قافیہ (D) مقطع

(12) جس نظم کے ہر بند میں ایک ہی مصرع بار بار دہرایا جائے اسے _______ کہتے ہیں۔

(A) مشترک مصرع (B) ٹیپ کا مصرع (C) نظم کا مصرع (D) طرح مصرع

(13) ماں نے کہا، میرا چاند سو رہا ہے۔ اس جملے میں مستعار منہٗ ہے:

(A) ماں (B) چاند (C) سونا (D) میرا

(14) غزل کے پہلے شعر کے دونوں مصرعے _______ ہوتے ہیں۔

(A) ہم قافیہ (B) ہم قافیہ اور ہم ردیف (C) ہم ردیف (D) ہم وزن

(15) مہکے جو پھول تیز چلی اور بھی ہوا — آئی خزاں بھی رونق گلزار دیکھ کر

شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

(A) تلمیح (B) تکرار (C) تضاد (D) مراعاۃ النظیر

CamScanner

# [NCP] (SLOs Assessment Framework)

| Version No. | | | | ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | |
| ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ |
| ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① |
| ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② |
| ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ |
| ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ |
| ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ |
| ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ |
| ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ |
| ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ |
| ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ |

## FBISE

اُردو (لازمی) ایس ایس سی - I

حصّہ اوّل (کُل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

Section — A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting / overwriting is not allowed. Do not use lead pencil.

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کر دیں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Candidate Sign. ________ Invigilator Sign. ________

SOCH BADLO BY MAK

سوال نمبر 1: ہر سوال کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پُر کریں۔

**Q1. Fill the relevant bubble against each question. Each part carries one mark.**

1) میں نے آج کا اخبار نہیں پڑھا۔ اس جملے میں تذکیر و تانیث کی نشاندہی کس سے ہو رہی ہے؟

(A) میں نے (B) آج (C) کا (D) اخبار

2) پھول ہیں صحرا میں یا پریاں قطار اندر قطار — اُودے اُودے، نیلے نیلے، پیلے پیلے پیر ہن

شعر میں مشبہ کی مثال ہے۔

(A) پھول (B) صحرا (C) پریاں (D) رنگ

3) ترکیب لفظی کی نشاندہی کریں۔

(A) چاند سورج (B) کھیتِ کھلیان (C) چال ڈھال (D) سلام دعا

4) شاعری کی اصطلاح میں شعر کی ہر سطر کو ________ کہتے ہیں۔

(A) مصرع (B) قطعہ (C) قافیہ (D) مسدس

CamScanner

(5) میں کھانا کھاتا ہوں۔ قواعد کی رو سے کون سا جملہ ہے؟
(A) جملہ اسمیہ (B) جملہ فعلیہ (C) جملہ استفہامیہ (D) جملہ معترضہ

(6) تف، لعنت، پھٹکار، ہزار لعنت، اخ تھو وغیرہ کون سے حروف ہیں۔
(A) حرف تمنا (B) حرف نفرین (C) حرف ندا (D) حرف تاسف

(7) ایسی نظم جو پانچ مصرعوں پر مشتمل ہو ________ کہلاتی ہے۔
(A) نظم معراء (B) مسدس (C) آزاد نظم (D) مخمس

(8) "قسمت" کے ساتھ درست سابقے کا انتخاب کریں:
(A) خوش (B) با (C) عالی (D) ہم

(9) میں نے یہ سبق پڑھا ہوا ہے۔ قواعد کی رو سے غلطی کی نشاندہی کریں۔
(A) روزمرہ کی (B) محاورے کی (C) ضرب المثل کی (D) فعل کی

(10) ایسے حروف جو ایک چیز کو دوسری چیز کی مانند قرار دینے کے لیے استعمال ہوں کہلاتے ہیں:
(A) حروف استفہام (B) حروف تشبیہ (C) حروف تمنا (D) حروف تہنیت

(11) شاعری کی اصطلاح میں غزل کے پہلے شعر کو ________ کہا جاتا ہے۔
(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

(12) ________ اس نظم کو کہتے ہیں جس میں ردیف، قافیہ اور بحر کے مقررہ اوزان کی پابندی کی جاتی ہے۔
(A) پابند نظم (B) آزاد نظم (C) نثری نظم (D) یک مصرعی نظم

(13) ؎ پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو دنیا کے پاس دیکھنے والی نظر کہاں
اس مصرعے میں مستعار منہٗ ہے:
(A) دنیا (B) پلکوں (C) نظر (D) موتی

(14) "چائے چولھے پر دھری ہے۔" اس جملے میں علم بیان کی کون سی خوبی پائی جاتی ہے؟
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) مجاز مرسل (D) کنایہ

(15) ؎ غم ہے یا خوشی ہے تو میری زندگی ہے تو شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟
(A) تلمیح (B) تکرار (C) تضاد (D) مراعاۃ النظیر

CamScanner

## (SLOs Assessment Framework)

Version No.

ROLL NUMBER

| ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ |
|---|---|---|---|
| ① | ① | ① | ① |
| ② | ② | ② | ② |
| ③ | ③ | ③ | ③ |
| ④ | ④ | ④ | ④ |
| ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ |
| ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ |
| ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ |
| ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ |
| ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ |

| ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① |
| ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② |
| ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ |
| ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ |
| ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ |
| ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ |
| ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ |
| ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ |
| ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ |

Candidate Sign. ________

# FBISE

**اُردو (لازمی) ایس ایس سی - I**

**حصہ اوّل (کُل نمبر 15)**

**وقت: 20 منٹ**

Section — A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting / overwriting is not allowed. Do not use lead pencil.

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کر دیں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Invigilator Sign. ________

**سوال نمبر 1:** ہر سوال کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پُر کریں۔

**Q1. Fill the relevant bubble against each question. Each part carries one mark.**

(1) مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ اس جملے میں تذکیر و تانیث کی نشاندہی کس سے ہو رہی ہے؟

(A) مرض (B) دوا (C) ✓ گیا (D) جوں جوں

(2) تشبیہ میں مشترکہ صفت کیا کہلاتی ہے؟

(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) ✓ وجہ شبہ (D) حرفِ تشبیہ

(3) ترکیب لفظی کی نشاندہی کریں۔

(A) چاند سورج (B) ✓ شبِ قدر (C) چال ڈھال (D) سلام دعا

(4) ________ شاعری کی وہ قسم ہے جس میں حسن و عشق کے موضوعات اور تجربات پیش کئے جاتے ہیں۔

(A) آزاد نظم (B) نظم (C) مخمس (D) ✓ غزل

(5) اسلم شریف ہے۔ قواعد کی رو سے کون سا جملہ ہے؟

(A) ✓ جملہ اسمیہ (B) جملہ فعلیہ (C) جملہ استفہامیہ (D) جملہ معترضہ

SOCH BADLO
CamScanner

(6) باغ کے پھول خوبصورت ہیں۔ اس جملے میں "کے" کیا ہے؟
(A) حرف اضافت (B) حرف نفرین (C) حرف تحسین (D) حرف تاسف

(7) قوم وملک سے والہانہ جذبات پر مبنی وہ نظم جس میں قوم کی تعریف، ترقی اور تحفظ وغیرہ کے جذبات کا اظہار ہو، کہلاتی ہے۔
(A) قصیدہ (B) مرثیہ (C) ملی نغمہ (D) مناجات

(8) "گل" کے ساتھ درست لاحقے کا انتخاب کریں:
(A) گیر (B) مزاج (C) دان (D) نواز

(9) وہ گھربہ گھراور گلی بہ گلی پھرے۔ قواعد کی رو سے غلطی کی نشاندہی کریں۔
(A) روزمرہ کی (B) محاورے کی (C) ضرب المثل کی (D) فعل کی

(10) ایسے حروف جو کسی وضاحت کے لیے استعمال کیے جائیں، کہلاتے ہیں:
(A) حروف استفہام (B) حروف استعجاب (C) حروف بیان (D) حروف تہنیت

(11) ۔ کہیں کیا جو پوچھے کوئی ہم سے میر جہاں میں تم آئے تھے کیا کر چلے

شعری اصطلاح میں یہ شعر کہلائے گا:
(A) حسن مطلع (B) زیب مطلع (C) مطلع (D) مقطع

(12) شعر کے آخر میں آنے والے لفظ یا الفاظ کے مجموعے کو ________ کہا جاتا ہے۔
(A) ردیف (B) تشبیہ (C) کنایہ (D) قافیہ

(13) ۔ طالع سے کسے تھی ایسی امید نکلا ہے کدھر سے آج خورشید

اس مصرعے میں مستعار لہ ہے:
(A) محبوب مستعار لہ (B) خورشید مستعار منہ (C) خوبصورتی (D) امید

(14) ________ ایسے لفظ یا لفظوں کے مجموعے کو کہا جاتا ہے جو مجازی یا غیر حقیقی معنوں کے لیے استعمال کیے جائیں۔
(A) قافیہ (B) ردیف (C) استعارہ (D) کنایہ

(15) لفظ "چاہ" ایک ذو معنی الفاظ ہے۔ صحیح معانی کا انتخاب کیجیے۔
(A) پاک اور خشکی (B) تالاب اور وزن (C) طلب اور کنواں (D) روپیہ اور لکھنا

SOCHNAMDO BY MAK
CamScanner

[NCP] (SLOs Assessment Framework)

| Version No. | ROLL NUMBER |
| --- | --- |
| | |

Candidate Sign. ______

Invigilator Sign. ______

## FBISE

اُردو (لازمی) ایس ایس سی - I

حصّہ اوّل (کُل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

Section — A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting / overwriting is not allowed. Do not use lead pencil.

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کر دیں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر 1: ہر سوال کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پُر کریں۔

**Q1. Fill the relevant bubble against each question. Each part carries one mark.**

(1) علی کا دوست بہت بہادر ہے۔ اس جملے میں تذکیر و تانیث کی نشاندہی کس سے ہو رہی ہے؟

(A) ہے (B) دوست (C) کا (D) بہادر

(2) تشبیہ میں مشترکہ صفت کو کیا کہا جاتا ہے؟

(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) وجہ شبہ (D) حرفِ تشبیہ

(3) ترکیب لفظی کی نشاندہی کریں۔

(A) چاند سورج (B) شوخیِ تحریر (C) چال ڈھال (D) سلام دعا

(4) ایسی نظم جس میں حضرت علی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی مدح بیان کی جائے، کہلائے گی؟

(A) قصیدہ (B) مرثیہ (C) ملی نغمہ (D) منقبت

(5) میں کھانا کھاتا ہوں۔ قواعد کی رو سے کون سا جملہ ہے؟

(A) جملہ اسمیہ (B) جملہ فعلیہ (C) جملہ استفہامیہ (D) جملہ معترضہ

SOCH BADLO BY MAK

CamScanner

(6) افسوس انسان غفلت کا شکار ہو گیا ہے۔ اس جملے میں "افسوس" کیا ہے؟

(A) حرف تمنا (B) حرف نفرین (C) حرف ندا (D) حرف تاسف

(7) ایسی نظم جس کے ہر بند میں ٹیپ کا مصرع یا شعر بار بار دہرایا جاتا ہو، کیا کہلاتی ہے؟

(A) مخمس (B) مسدس (C) ترجیع بند (D) ترکیب بند

(8) "عقل" کے ساتھ درست سابقے کا انتخاب کریں:

(A) کم (B) غیر (C) با (D) ہم

(9) پانی دیکھو پانی کی دھار دیکھو۔ قواعد کی رو سے غلطی کی نشاندہی کریں۔

(A) روزمرہ کی (B) محاورے کی (C) ضرب المثل کی (D) فعل کی

(10) حروف جو خبردار کرنے۔ آگاہ کرنے اور ڈرانے کے لیے بول جائیں، کہلاتے ہیں:

(A) حروف استفہام (B) حروف تنبیہ (C) حروف تمنا (D) حروف تہنیت

(11) غزل کے پہلے مطلع کے بعد آنے والا شعر بھی اسی قافیہ اور ردیف میں ہو تو اسے کہتے ہیں؟

(A) حسن مطلع (B) زیب مطلع (C) مطلع (D) مقطع

(12) کلام جو مقررہ اوزان اور بحروں میں لکھا جاتا ہے، کہلاتا ہے۔

(A) مصرع (B) شعر (C) بند (D) بیت الغزل

(13) ؎ کسی شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے — رن ایک طرف چرخِ کہن کانپ رہا ہے

اس مصرعے میں مُستعار لہُ ہے:

(A) شیر (B) کانپنا (C) حضرت عباسؓ (D) رن

(14) "بال سفید ہو گئے لیکن عادتیں نہ بدلیں۔" اس جملے میں علم بیان کی کون سی خوبی پائی جاتی ہے؟

(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) مجاز مرسل (D) کنایہ

(15) ؎ ابنِ مریم ہوا کرے کوئی — میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

(A) تلمیح (B) تکرار (C) تضاد (D) مراعاۃ النظیر

CamScanner

# Federal Board SSC-I Examination
# [NCP] SLOs Assessment Framework
# Model Question Paper

## اُردو (لازمی) ایس ایس سی - I

## URDU COMPULSORY (SSC-I) 9th
## (2025-26 and Onwards)

| Version No. | | | | ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | |
| ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ |
| ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① |
| ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② |
| ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ |
| ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ |
| ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ |
| ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ |
| ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ |
| ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ |
| ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ |

**FBISE**

اُردو (لازمی) ایس ایس سی - I

حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

Section — A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting / overwriting is not allowed. Do not use lead pencil.

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کر دیں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Candidate Sign. ____________  Invigilator Sign. ____________

**سوال نمبر 1:** ہر سوال کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پُر کریں۔

**Q1. Fill the relevant bubble against each question. Each part carries one mark.**

(1) احمد کی گھڑی بہت قیمتی ہے۔ اس جملے میں تذکیر و تانیث کی نشاندہی کس سے ہو رہی ہے؟

(A) ہے ○  (B) بہت ○
(C) قیمتی ○  (D) کی ●

(2) طرفین تشبیہ کن ارکان کے مجموعے کا نام ہے؟

(A) مشبہ اور وجہ تشبیہ ○  (B) مشبہ اور حرف تشبیہ ○
(C) مشبہ اور مشبہ بہ ●  (D) مشبہ اور غرض تشبیہ ○

CamScanner

(3) تراکیب لفظی کی نشاندہی کریں۔

(A) چاند سورج
(B) دیارِ عشق
(C) چال ڈھال
(D) سلام دعا

(4) جس نظم میں کسی زندہ بادشاہ، سرکاری عہدے دار، وزیر، مشیر کے کارنامے بیان کیے جائیں، کیا کہتے ہیں؟

(A) قصیدہ
(B) مرثیہ
(C) ملی نغمہ
(D) منقبت

(5) علی نے کتاب خریدی۔ قواعد کی رو سے کون سا جملہ ہے؟

(A) جملہ اسمیہ
(B) جملہ فعلیہ
(C) جملہ استفہامیہ
(D) جملہ معترضہ

(6) آہ! ہم میچ ہار گئے۔ اس جملے میں "آہ" کیا ہے؟

(A) حرف تمنا
(B) حرف نفرین
(C) حرف ندا
(D) حرف تاسف

(7) جس نظم میں صحابہ کرامؓ، بزرگان دینؒ اور صوفیائے کرامؒ کی خدمات کا تذکرہ کیا گیا ہو، کہلاتی ہے:

(A) قصیدہ
(B) مرثیہ
(C) منقبت
(D) مناجات

(8) "مہمان" کے ساتھ درست لاحقے کا انتخاب کریں:

(A) پوش
(B) مزاج
(C) گیر
(D) نواز

(9) لڑکی نے دوپٹا پہنا (اوڑھا)۔ قواعد کی رو سے غلطی کی نشاندہی کریں۔

(A) روزمرہ کی
(B) محاورے کی
(C) ضرب المثل کی
(D) فعل کی

(10) تعجب اور حیرانی کے موقع پر استعمال ہونے والے حروف کہلاتے ہیں:

(A) حروف استفہام
(B) حروف استعجاب
(C) حروف تمنا
(D) حروف تہنیت

(11) دل میں اک لہر سی اٹھی ہے ابھی
کوئی تازہ ہوا چلی ہے ابھی

شعری اصطلاح میں یہ شعر کہلائے گا:

(A) حسن مطلع
(B) زیب مطلع
(C) مطلع
(D) مقطع

CamScanner

(12) جس غزل میں ردیف نہ ہو، کہلاتی ہے:

(A) مردف غزل ○ (B) غیر مردف غزل ●

(C) مسلسل غزل ○ (D) بیت الغزل ○

(13) ۔ کھا کھا کے اوس اور بھی سبزہ ہرا ہوا
تھا موتیوں سے دامن صحرا بھرا ہوا

اس مصرعے میں مستعار منہُ ہے:

(A) سبزہ ○ (B) دامن ○

(C) اوس ○ (D) موتیوں ●

(14) "کلیم مسجد میں اکیلا ایسے بیٹھا تھا جیسے قفس میں مرغ نو گرفتار۔" اس جملے میں علم بیان کی کون سی خوبی پائی جاتی ہے؟

(A) تشبیہ ● (B) استعارہ ○

(C) مجاز مرسل ○ (D) کنایہ ○

(15) ۔ بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق
عقل ہے محو تماشائے لب بام ابھی

شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

(A) تلمیح ● (B) تکرار ○

(C) تضاد ○ (D) مراعاۃ النظیر ○

CamScanner

Day / Date

# فعل معاون یا امدادی فعل

سوال ۱) فعل معاون یا امدادی فعل کسے کہتے ہیں؟ مثالوں سے واضح کریں۔

ج۔ امدادی فعل سے مراد مددگار فعل ہے۔ وہ فعل جو اصل فعل کے ساتھ مل کر اس کے معانی میں زور پیدا کرتا ہے۔ اس سے کام کی تکمیل کی نشان دہی ہوتی ہے۔ مثلاً

بچہ رو پڑا۔ اس جملے میں "رونا" اصل فعل ہے اور "پڑنا" امدادی فعل ہے۔

(رو) (پڑا)

گلاس میز پر رکھ دو۔

اس جملے میں "رکھنا" اصل فعل اور "دینا" امدادی فعل ہے۔

(رکھ) (دو)

## چند معروف مصادر کا بطور امدادی فعل جملوں میں استعمال

۱) جانا: جلدی آ جاؤ۔
عادل لاہور چلا گیا۔

۲) رہنا: بچہ دیر تک روتا رہا۔
بادل گرجتے رہے۔

۳) پڑنا: گلدان زمین پر گر پڑا۔
گاؤں والوں پر آفت ٹوٹ پڑی۔

۴) دینا: سانپ کو مار دو۔
بچے نے کھلونا توڑ دیا۔

۵) ڈالنا: احمد نے جائیداد بیچ ڈالی۔
بلی نے چوہے کو مار ڈالا۔

۶) نکلنا: وہ الزام سے صاف بچ نکلا۔
ہم چلتے چلتے دور جا نکلا۔

Sunny

پروفیسر راشدہ راو
SOCH BADLO
Scanned with CamScanner

Day / Date

۷) لینا : ہم نے کپڑے خرید لیے۔
عائشہ نے روٹی پکالی۔

۸) چکنا : صبح ہو چکی۔
ہم کھانا کھا چکے۔

۹) آنا : بازار سے دہی لے آؤ۔
کپڑے چھت پر پھیلا آنا۔

۱۰) لگنا : ٹھنڈی ہوا چلنے لگی۔
بچہ رونے لگا۔

۱۱) کرنا : سچ بولا کرو۔
پرندے اڑا کرتے ہیں۔

۱۲) سکنا : وہ میچ نہیں جیت سکتا۔
ہم وقت پر نہیں پہنچ سکے۔

۱۳) اُٹھنا : لاش دیکھ کر سب کانپ اٹھے۔
بازار میں اچانک آگ بھڑک اٹھی۔

۱۴) رکھنا : میں نے طوطا پال رکھا ہے۔
احمد نے برسوں یہ راز سینے میں چھپائے رکھا۔

۱۵) پانا : خبردار! چور بھاگنے نہ پائے۔
وہ دو قدم بھی ساتھ نہ چل پایا۔

۱۶) چاہنا : گناہوں سے بچنا چاہیے۔
فائزہ نے قیمتی لباس خریدنا چاہا۔

۱۷) ہونا : گاڑی اسٹیشن پر رکی ہوئی ہے۔
کاش! آپ وقت پر آئے ہوتے۔

۱۸) بیٹھنا : دونوں بھائی اپنی دولت لٹا بیٹھے۔
بچہ سوتے سوتے اٹھ بیٹھا۔

Sunny

Scanned with CamScanner

## س۔ روزمرہ کسے کہتے ہیں؟

ج۔ روزمرہ عام بول چال کا نام ہے جو اہل زبان کے اسلوب کے عین مطابق ہو۔ روزمرہ میں الفاظ اپنے حقیقی معنوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے کھانا۔ روٹی۔ پانی پینا وغیرہ

## س۔ محاورہ کسے کہتے ہیں؟

ج۔ جب دو یا دو سے زیادہ الفاظ حقیقی معنوں کے بجائے مجازی معنوں میں استعمال ہوں تو وہ محاورہ کہلاتا ہے مثلاً ٹھوکر کھانا۔ آنکھوں سے گرانا۔ نو دو گیارہ ہونا۔

## س۔ روزمرہ اور محاورہ میں فرق بیان کریں۔

| روزمرہ | محاورہ |
|---|---|
| * روزمرہ اہل زبان کی بول چال کا نام ہے جس میں الفاظ اپنے حقیقی معنوں میں استعمال ہوتے ہیں | * محاورہ اہل زبان کے مطابق لفظوں کا ایسا استعمال جو اپنے حقیقی معانی کی بجائے مجازی معنی دیتے ہیں |
| * روزمرہ ایک لفظ کا بھی ہو سکتا ہے۔ | * محاورہ میں کم از کم دو لفظ ہوتے ہیں۔ یہ اسم اور فعل سے مل کر بنتا ہے۔ |
| * روزمرہ قواعد سے بالاتر ہوتا ہے جو اہل زبان کے مطابق بدلتا رہتا ہے۔ | * محاورہ قواعد کی حدود میں آتا ہے اس میں تبدیلی نہیں ہو سکتی۔ |
| * ہر روزمرہ محاورہ نہیں ہوتا۔ | * ہر محاورہ روزمرہ ہوتا ہے۔ |

## س۔ مصدر کسے کہتے ہیں؟

ج۔ مصدر وہ اسم جو خود کسی لفظ سے نہ بنا ہو مگر اس سے دوسرے لفظ بنائے جا سکتے ہیں یہ کسی بھی فعل کا نام ہے اس کی پہچان یہ ہے کہ آخر میں "نا" آتا ہے اور اگر "نا" ہٹا دیا جائے تو "فعل امر" رہ جاتا ہے۔ جیسے سونا ← سو، بیٹھنا ← بیٹھ، جانا ← جا وغیرہ

پروفیسر راشدہ راؤ

Sunny

Scanned with CamScanner

Day / Date

## س۔ مرکب مصادر کسے کہتے ہیں؟

ج۔ وہ مصدر جس کے ساتھ کوئی اور مصدر یا کچھ الفاظ شامل ہوں مرکب مصادر کہلاتے ہیں۔ مثلاً بھول جانا۔ دیکھ لینا۔ قلعی کھل جانا۔ بھانڈا پھوٹ جانا
باتیں بنانا

## س۔ مرکب کیا ہوتا ہے؟ "جھوٹے آدمی" میں جو مرکبات مستعمل ہیں تحریر کریں۔

ج۔ دو یا دو سے زیادہ کلموں کا مجموعہ جس کے اجزا میں تعلق پایا جائے مرکب کہلاتا ہے
دروغ گو۔ قوائے عقلیہ کا دیوتا۔ اہل دانش۔ صدقِ دل۔ صلح کُل۔ جنگِ زرگری
اہلِ فرانس۔ ملکاتِ نفسانی۔ اختراعی جھوٹ۔ مستحکم اور استوار

## س۔ متعلق فعل کیا ہوتا ہے؟

ج۔ وہ حروف یا الفاظ جو فعل کے واقع ہونے کا طریقہ، جگہ، وقت، خاصیت/کیفیت، یا عدد کا تعلق ظاہر کرے متعلق فعل کہلاتا ہے۔ مثلاً

1) کچھوا بہت آہستہ آہستہ چلتا ہے۔ — کیفیت/خاصیت
2) احمد نے مسجد میں نماز ادا کی۔ — جگہ
3) وہ صبح سے شام تک پڑھتا رہا۔ — وقت
4) کلاس میں چالیس طالب علم امتحان دے رہے تھے۔ — تعداد/عدد
5) حمید نے پانچ کلو سیب خریدے۔ — مقدار

## س۔ فعل، فاعل اور مفعول کی مناسبت سے کیسے تبدیل ہوتا ہے؟

ج۔ ٭ **فعل کی تبدیلی فاعل کے ساتھ:** کسی جملے میں ایک سے زیادہ فاعل ہوں تو فعل کی تذکیر و تانیث، واحد، جمع اس فاعل کے مطابق ہوتی ہے جو فعل کے زیادہ قریب یا آخری ہوتا ہے۔
جیسے: بچے اور بچیاں بازار گئیں۔ بکریاں اور گھوڑے چر رہے ہیں۔ احمد بازار گیا۔ نائلہ سکول گئی
٭ فاعل کی عزت اور تعظیم ملحوظ ہو تو فعل جمع آتا ہے۔ جیسے: استادِ محترم تشریف لائے۔

**فعل کی تبدیلی مفعول کے ساتھ:**

جملے میں ایک سے زیادہ مفعول ہوں تو فعل آخری مفعول کے مطابق واحد، جمع، مذکر، مونث ہوتا ہے۔ جیسے احمد نے چار قلم اور ایک پیمانہ خریدا۔
احمد نے ایک پیمانہ اور چار قلم خریدے۔

(تفصیل مطابقت کے اصول میں درج ہے)

Sunny

Scanned with CamScanner

(5)

س۔ تھیسارس کسے کہتے ہیں؟ تھیسارس یونانی زبان کا لفظ ہے۔ اسکا مطلب ذخیرہ، خزانہ

ج۔ **تھیسارس** (Thesaures) ایک ایسی کتاب ہے جس میں الفاظ کو ان کے ہم معنی الفاظ کی ترتیب سے مرتب کیا جاتا ہے۔

جیسے سود مند: فائدہ مند، مفید

طبیعت: مزاج۔ فطرت، خاصیت

یہ لغت/کتاب طالبا کو مترادفات سکھانے کے لیے مفید ہے۔

**نوٹ:** تھیسارس میں ایک لفظ ایک دفعہ آتا ہے۔ جبکہ لغت میں تمام الفاظ اپنے اپنے ردیفوں میں دہرائے جاتے ہیں۔

س۔ محضر سے کیا مراد ہے؟ (Discourse)

ج۔ **محضر:** لغوی معنی ظاہر ہونے کی جگہ، سانچا۔ محضر قواعد کی ساخت اور زبان کے استعمال کے مختلف انداز کا نام ہے۔ مثلاً قانون کی زبان، معاشی زبان دکان داری کی زبان اور تدریس کی زبان ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہے۔ محضر کے ذریعے ایک عام اور علمی زبان کے درمیان فرق واضح ہو جاتا ہے۔

س۔ سلینگ کسے کہتے ہیں؟ مثالوں سے واضح کریں۔

ج۔ **سلینگ:** سلینگ انگریزی زبان کا لفظ ہے۔ اس کے معانی عوامی بولی، چالو زبان کسی پیشے یا طبقے کے لوگ تبادلہ خیال کے لئے الفاظ کے وضعی معانی کی بجائے کچھ اور خاص معانی کے لئے استعمال کرتے ہیں ایسے الفاظ کو سلینگ کہا جاتا ہے جیسے سیاسی وفاداری بدلنے والے شخص کو "لوٹا" کہنا۔
استاد۔ گرو۔ جہاز۔ چھکا۔ بچہ پارٹی۔ ہرگز بچہ۔ چل گرو۔ سر گھومنا

س۔ مشتقات کسے کہتے ہیں؟ تعریف کریں اور مثالیں دیں۔

ج۔ **مشتقات:** مشتقات، مشتق کی جمع ہے۔ اسم مشتق ایسے اسم کو کہتے ہیں جو مصدر سے بنا ہو۔

جیسے پڑھنا، پڑھنے والا، پڑھائی، پڑھوائی

سینا، سینے والا، سلائی

س۔ اسم مشتق کی کتنی اقسام ہیں؟ تعریف اور مثالیں دیں۔

ج۔ اسم مشتق کی پانچ اقسام ہیں۔

1) **اسم فاعل:** وہ اسم جو کام کرنے والے کو ظاہر کرے۔
جیسے: لکھنے والا۔ ڈاکیا۔ حلوائی وغیرہ

پروفیسر اردو

Scanned with CamScanner

۲) **اسم مفعول:** یہ مصدر سے بنتا ہے اور اس شخص یا چیز کو ظاہر کرتا ہے جس پر کوئی کام واقع ہوا ہو۔
جیسے: لکھا ہوا۔ جلی ہوئی۔ مرنا سے مُردہ

۳) **اسم حاصل مصدر:** وہ اسم جو مصدر سے بنتا ہے اس کا دوسرا نام اسم کیفیت بھی ہے۔
مثلاً: مارنا سے مار، جھگڑنا سے جھگڑا حاصل مصدر

۴) **اسم معاوضہ:** وہ اسم مشتق ہے جو کسی خدمت یا کام کی اجرت کا نام ہو
جیسے رنگائی، دھلائی، سلائی

۵) **اسم حالیہ:** وہ اسم مشتق ہے جو فاعل یا مفعول کی حالت کو ظاہر کرے۔
جیسے مسکرانا سے مسکراتا ہوا، رونا سے روتا ہوا

**س۔ اسم صفت کسے کہتے ہیں؟ مثالیں دیں۔**
**ج۔** وہ نام جو کسی چیز کی خصوصیت، اچھائی یا برائی کو ظاہر کرے۔
مثلاً سچا، جھوٹا، گرم وغیرہ

**اسم موصوف:** جس اسم کی صفت بیان کی جائے اسے اسم موصوف کہتے ہیں
جیسے سچا آدمی، چھوٹا لڑکا، گرم روٹی
ان مثالوں میں آدمی، لڑکا، روٹی موصوف ہیں۔

**مرکب توصیفی:**
اگر اسم صفت اور اسم موصوف ملا کر لکھیں تو اسے مرکب توصیفی کہتے ہیں۔
مثلاً۔ سیاہ ٹوپی، ذہین بچہ، میٹھا پانی۔

**س۔ اسم صفت کی اقسام مع تعریف اور مثال تحریر کریں۔**
**ج۔** اسم صفت کی پانچ اقسام ہیں۔

۱) **صفت ذاتی:** یہ ایسی صفت ہے جو موصوف میں مستقل پائی جائے
مثلاً دانا، نیک، دولت مند، چالاک

۲) **صفت ضمیری:** وہ اسم ہے جس میں ضمیر کسی صفت کے ساتھ واقع ہو۔
مثلاً مجھ نا چیز کو یاد رکھیں۔ اس عقلمند انسان کو کیا ہو گیا۔
ان مثالوں میں مجھ، اس صفت ضمیری ہیں۔
ایسا، ویسا، چند، کئی بھی صفت ضمیری ہیں۔

۳) **صفت نسبتی:** وہ اسم صفت جو کسی شخص یا چیز کا دوسرے شخص یا چیز سے گہرا تعلق یا نسبت ظاہر کرے
مثلاً: ماہر القادری، جگر مراد آبادی، پاکستانی، مجید لاہوری

۴) **صفت عددی:** وہ اسم صفت جو کسی اسم کی ترتیب یا درجے کو ظاہر کرے۔
مثلاً: پہلا سبق، پانچواں روزہ

۵) **صفت مقداری:** وہ اسم صفت جس سے چیزوں کی مقدار معلوم ہوتی ہے
مثلاً: سیر بھر لڈو، کچھ لوگ، بہت میٹھا، تھوڑی سی شکر

---

## لغت:

لغت کے لغوی معنی ہیں بولی۔ ایسی آوازیں جن کے ذریعہ ہر قوم اپنے اغراض و مقاصد بیان کرے۔
اصطلاح میں لغت وہ علم ہے جس سے کسی زبان کے مفردات کے معنی اور طریقہ استعمال معلوم ہو۔

سوال ) متحمل الوجہین کی تعریف کریں اور مثالوں سے واضح کریں۔

ایسا کلام جس کے دو معنی نکلتے ہوں اور دونوں ایک دوسرے کے برعکس ہوں "متحمل الوجہین" کہلاتا ہے جیسے
کل گدھے پر جا کر نظم پڑھنا۔
ایک معنی تو یہ کہ گدھے پر نظم پڑھنا اور دوسرا یہ کہ گدھے پر بیٹھ کر نظم پڑھنا۔

۱) لکھو مت پڑھو۔
۲) ہم نے مرے ہوئے گھوڑے کو چلتے ہوئے دیکھا۔
۳) احمد نے دیوار پر نظم لکھی۔
۴) میں نے اسے کپڑے اتارتے ہوئے دیکھا۔
۵) وہ اپنے گھر پر رو رہا تھا۔

Scanned with CamScanner

# صنائع بدائع

Day / Date

**علم بدیع:** علم بدیع میں صنائع اور بدائع شامل ہیں۔ بدائع بدیع کی جمع ہے جس کے معنی نئی یا انوکھی چیز کے ہیں جبکہ صنائع کے معانی ہنرمندی یا کاریگری ہے

**اصطلاحی مفہوم:** وہ باریکیاں یا نکات ہیں جو کلام میں ظاہر کی جاتی ہیں۔ ان کے استعمال سے کلام کی لفظی و معنوی خوبیوں میں اضافہ ہوتا ہے:

**س۔۱) صنعت مراعاۃ النظیر کسے کہتے ہیں؟ مثالوں سے واضح کریں۔**

ج: شعر میں ایک لفظ کی مناسبت سے ایسے الفاظ لانا جن کا پہلے لفظ سے تعلق ہو مگر یہ تعلق تضاد کا نہ ہو مراعاۃ النظیر کہلاتا ہے۔

ہوا ہرا ریشۂ امید، وہ نخل سرسبز
جس کی ہر شاخ میں ہو پھول، ہر اک پھول میں پھل

نخل سرسبز کی مناسبت سے شاخ، پھول اور پھل کا ذکر کیا گیا ہے۔

پتا پتا، بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے
جانے نا جانے گل ہی نا جانے باغ تو سارا جانے ہے

پتے کی مناسبت سے بوٹا، گل اور باغ کا ذکر کیا گیا۔

**س۔۲) صنعت تضاد کسے کہتے ہیں؟ شعری مثالوں سے واضح کریں۔**

ج: کلام میں متضاد یا الٹ الفاظ کا استعمال کرنے سے کلام میں اثر اور معنی آفرینی پیدا ہوتی ہے۔ اسے صنعتِ تضاد کہتے ہیں۔ مثالیں:

i) قضارا وہ دن تھا اسی سال کا غلط ہم ماضی میں تھا حال کا (ماضی۔حال)
ii) جو دیکھا، تو عالم عجب ہے یہاں منور ہے سارا زمیں آسماں (زمین۔آسما[ن])
iii) آغاز کو کون پوچھتا ہے انجام اچھا ہو آدمی کا (آغاز۔انجا[م])

**س۔۳) صنعت حسن تعلیل کسے کہتے ہیں مثالوں سے واضح کریں۔**

ج۔ کلام میں کسی بات کی ایسی وجہ بیان کرنا جو حقیقت میں اس کی وجہ نہ ہو حسن تعلیل کہلاتی ہے۔ یہ توجیہہ کلام میں حسن پیدا کرتی ہے۔

پیاسی جو تھی سپاہِ خدا تین رات کی
ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی

موجوں کے ساحل سے ٹکرانے کی وجہ اہلِ بیت کا تین دن سے پیاسا ہونا بیان کی گئی ہے جو حقیقت میں وجہ نہیں ہے۔

Sunny

Scanned with CamScanner

ے زیرِ زمیں سے آتا ہے جو گل سو زر بکف
قاروں نے راستے میں لٹایا خزانہ کیا

پھولوں کے زرد دانوں کی سنہری رنگت کی وجہ وہ سونا ہیں جو قارون کے خزانے کا حصہ تھا اور اس کے ساتھ زمین میں دفن ہوگیا تھا۔

س-4) صنعتِ لف ونشر کسے کہتے ہیں؟ مثالوں سے واضح کریں۔

ج: اس کے معانی لپیٹنا اور پھیلانا ہے۔ کلام میں چند چیزوں کا ذکر کیا جائے اور پھر اسی کی مناسبت سے چند چیزوں کا ذکر کیا جائے لف ونشر کہلاتا ہے۔ اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔

لف ونشر مرتب:

پہلے حصے میں لف کا بیان اور دوسرے میں نشر کا لانا ترتیب کے ساتھ

ے نہ ہمت، نہ قسمت، نہ دل ہے، نہ آنکھیں
نہ ڈھونڈا، نہ پایا، نہ سمجھا، نہ دیکھا

ہمت سے ڈھونڈا جاتا ہے قسمت سے پایا جاتا ہے دل سے سمجھا اور آنکھوں سے دیکھا جاتا ہے

لف ونشر غیر مرتب: لف اور نشر کی ترتیب میں فرق ہو تو اسے غیر مرتب کہتے ہیں۔

ے میرے رونے پر جو اس نے ہنس دیا
برق چمکی اور باراں تھم گیا

رونا اور ہنسنا لف ہے جبکہ برق اور باراں نشر مگر ان کی ترتیب الٹ ہے۔

س-5) صنعتِ تکرار کسے کہتے ہیں مثالوں سے واضح کریں۔

ج۔ کسی شعر میں کسی لفظ کا بار بار آنا تکرار کہلاتا ہے۔

ے دل کا اجڑنا سہل سہی پر بسنا سہل نہیں ظالم
بستی بسنا کھیل نہیں ہے بستے بستے بستی ہے

ے وہ تھا جلوہ آرا مگر تم نے موسیٰ
نہ دیکھا، نہ دیکھا، نہ دیکھا، نہ دیکھا

س-6) صنعتِ تضمین کسے کہتے ہیں؟ مثالوں سے واضح کریں۔

ج۔ اس کے معانی ملانا یا شامل کرنا ہے۔ اصطلاح میں کسی دوسرے شاعر کے مصرع یا شعر کو اپنے شعر میں لانا تضمین کہلاتا ہے۔

ے بنا ہے کورٹ یہ نیلام کی دکان کے لیے
"صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لیے"

پہلا مصرع سید محمد جعفری کا اور دوسرا مصرع غالب کا ہے۔

Scanned with CamScanner

Day / Date

نظامِ برق لیا وارڈا نے ہاتھوں میں
"پھر اس کے بعد چراغوں میں روشنی نہ رہی"

پہلا مصرع انور مسعود کا اور دوسرا مصرع مہاراج بہادر ورما برق کا ہے۔

**س۔ 7) صنعت تلمیح کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔**

ج۔ تلمیح کے معانی اشارہ کرنا۔ نظم یا نثر میں چند لفظوں کی مدد سے کسی واقعے یا قرآنی قصے کی طرف اشارہ کرنا تلمیح کہلاتا ہے۔

ے ابن مریمؑ ہوا کرے کوئی
میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

ابن مریمؑ تلمیح ہے مریمؑ کے بیٹے حضرت عیسیٰؑ جنھیں اللہ تعالیٰ نے بہت سے معجزات سے نوازا تھا وہ بیماروں کو شفاء عطا کرتے تھے۔

**س۔ 8) صنعت مبالغہ کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔**

کلام میں موصوف کی صفت کو حد سے زیادہ بڑھا کر یا گھٹا کر بیان کرنے کو مبالغہ کہتے ہیں۔ جیسے مصحفی کا شعر

ے اٹھا جو صبح خواب سے وہ مست پر خمار
خورشید کف کے بیچ لیے جام آ گیا

شاعر نے محبوب کے چہرے کی چمک کو بڑھا کر سورج کے برابر اور اس کی آنکھوں کے خمار کو شراب کے پیالوں سے ملا دیا۔ جو کہ مبالغہ ہے۔

ے بازیچۂ اطفال ہے دنیا مرے آگے
ہوتا ہے شب و روز تماشا مرے آگے

شاعر نے دنیا کے معاملات کو بچوں کا کھیل کہا جو کہ مبالغہ ہے۔

**س۔ 9) صنعت تجنیسِ تام کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔** (تجنیس تام)

ج۔ کلام میں دو ایسے الفاظ لانا جو شکل اور تلفظ میں ایک جیسے ہوں مگر معنی مختلف ہوں تجنیس تام کہلاتا ہے۔
ذوق کا کلام ذوق سے پڑھو تو لطف آتا ہے۔ (شیخ ابراہیم ذوق (شاعر) (ذوق۔ شوق)

ے آنکھ لگتی ہے تو کہتے ہیں کہ نیند آئی ہے
آنکھ اپنی جو لگی چین نہیں خواب نہیں

(آنکھ لگتی ہے۔ نیند آتی ہے) (آنکھ لگنا کسی سے آشنائی ہونا)

ے قیس صحرا میں اکیلا ہے مجھے جانے دو — خوب گزرے گی جو مل بیٹھیں گے دیوانے دو

ے تمہارے دستِ نازک سے لپٹی تھی اک پہنچی — خبر پہنچی تو یہ پہنچی کہ وہ پہنچی نہیں پہنچی

ے دھرتی پہ وہ پاؤں جب بھی دھرتی ہے — دھرتی اس کے بوجھ سے آہیں بھرتی ہے

Sunny®

Scanned with CamScanner

Day / Date

س ۱۰) صنعتِ ایہام کی تعریف کریں مثالوں سے واضح کریں۔

ج ۔ کلام میں ایسا لفظ استعمال کرنا جس کے دو معنی ہوں ایک قریب اور ایک دور کے شعر پڑھ کر قریب کے معنی ذہن میں آئیں اور غور کرنے پر بعید (دور) کے۔

؎ اس کے رخسار دیکھ جیتا ہوں
عارضی میری زندگانی ہے

(قریب) عارضی۔ مختصر اور عارض۔ رخسار (بعید)

؎ ہجر میں گھل گھل کے آدھا ہو گیا
لے مسیحا میں بھی موسا ہو گیا

(قریب۔ موسیٰ) بعید۔ موسا دبلا پتلا بال جیسا

س ۱۱) صنعتِ تفریق کی تعریف اور مثالیں تحریر کریں۔

ج: کلام میں دو چیزوں کا ذکر کرکے دونوں کے درمیان فرق بتانے کو صنعتِ تفریق کہتے ہیں

؎ وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہو کر
اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر

موجودہ دور کے مسلمانوں اور ان کے آباؤ اجداد (اگلے مسلمانوں) کے درمیان فرق بیان ہوا

س ۱۲) صنعتِ تجنیسِ محرف کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔

ج۔ کلام میں دو ایسے الفاظ کا استعمال جو لکھنے میں ایک جیسے ہوں مگر اعراب اور معانی جدا ہوں تجنیسِ محرف کہلاتا ہے۔

مثال: ؎ تیرا در چھوڑ کے میں اور کدھر جاؤں گا
گھر میں گھِر جاؤں گا صحرا میں بکھر جاؤں گا (گھَر۔ مکان) (گھِر۔ قید پھنس جانا)

؎ نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم
نہ اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے (اِدھر۔ یہاں) (اُدھر۔ وہاں)

س 13) صنعتِ سیاقۃ الاعداد کی تعریف کریں اور مثال دیں۔

شعر میں ایسے الفاظ جو کسی چیز کی تعداد کو ظاہر کریں صنعتِ سیاقۃ الاعداد کہلاتا ہے

مثلاً ؎ عمرِ دراز مانگ کر لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

؎ یہ فخر تو حاصل ہے برے ہیں کہ بھلے ہیں
دو چار قدم ہم بھی تیرے ساتھ چلے ہیں

؎ آ کے پتھر تو مرے صحن میں دو چار گرے
جتنے اس پیڑ کے پھل تھے پسِ دیوار گرے

Sunn

پروفیسر راشدہ راو

Scanned with CamScanner

(4) 12

س۔ صنعت ترصیع کی تعریف کریں۔ دو مثالیں دیں۔

ج۔ **صنعت ترصیع:** ترصیع کے معانی ترتیب دینا، نگینے جڑنا
کلام میں شعر کے پہلے مصرعے کے تمام الفاظ دوسرے مصرعے کے تمام
الفاظ کے ہم قافیہ ہوں۔ صنعت ترصیع کہلاتا ہے۔

مثال ۱: ؎ ہمت نے میری مجھے اڑایا
غفلت نے تیری مجھے چھڑایا

؎ خوابِ جمال عشق کی تعبیر ہے حسین رضی اللہ عنہ
شامِ ملال عشق کی تصویر ہے حسین رضی اللہ عنہ

؎ سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی
سب سے بالا و والا ہمارا نبی

س۔ صنعت اشتقاق کی تعریف کریں۔ دو مثالیں دیں۔

**صنعت اشتقاق۔** اشتقاق کے معانی ایک کلمے سے دوسرے کلمات بنانا۔
شعر میں ایسے الفاظ لانا جن کا ماخذ ایک ہی ہو۔
(جن کی اصل ایک ہو) جیسے علم، عالم، معلم، معلوم وغیرہ
بنیاد

مثال: ؎ مرتے ہیں آرزو میں مرنے کی
موت آتی ہے پر نہیں آتی

؎ تو مرے حال سے غافل ہے پر اے غفلت کیش
تیرے اندازِ تغافل نہیں غفلت والے

؎ دن کٹا فریاد میں رات زاری میں
عمر کٹنے کو کٹی پر کیا خواری میں کٹی

| (جوابات) | (معروضی سوالات) |
|---|---|
| ترتیب دینا | ۔ ترصیع کے معانی کیا ہیں؟ |
| صنعتِ ترصیع | ۔ کلام میں شعر کے پہلے مصرعے کے تمام الفاظ دوسرے مصرعے کے تمام الفاظ دوسرے مصرعے کے تمام الفاظ کے ہم قافیہ ہوں کیا کہلاتا ہے؟ |
| صنعتِ اشتقاق | ۔ ؎ اصل شہود و شاہد و مشہود ایک ہیں حیران ہوں پھر مشاہدہ ہے کس حساب میں یہ شعر کس کی مثال ہے |
| ایک لفظ سے دوسرے لفظ بنانا | ۔ اشتقاق کے معانی کیا ہیں؟ |
| صنعتِ اشتقاق | ۔ شعر میں ایسے الفاظ لانا جن کا ماخذ (اصل) ایک ہو کیا کہلاتا ہے؟ |
| صنعتِ ترصیع | ۔ ؎ کھبتی ہوئی نظر میں ادا کس سحر کی ہے چبھتی ہوئی جگر میں ادا کس گجر کی ہے یہ شعر کس کی مثال ہے؟ |

Scanned with CamScanner

Day / Date

**علم بیان:** علم بیان ایسے قاعدوں اور ضابطوں کا نام ہے جس کے روبہ عمل لانے کے بعد تحریر و تقریر میں زور اور تاثیر بڑھ جاتی ہے جس دلکشی سے کلام مؤثر ہو جاتا ہے۔ علم بیان کا موضوع "لفظ" ہے۔ علم بیان کی چار صورتیں ہیں۔

**س) تشبیہ کی تعریف کریں دو مثالوں سے واضح کریں۔**

ج۔ تشبیہ عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معانی مشابہت کے ہیں کسی شخص یا چیز کو اس کی مشترک خصوصیت کی بنا پر دوسری چیز جیسا قرار دینا تشبیہ کہلاتا ہے۔

مثال ۱) میرا چاند جیسا بیٹا آگیا۔

مثال ۲) شعر

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

دی گئی مثالوں میں بیٹے کی خوبصورتی کو <u>چاند</u> اور لب کی نزاکت کو <u>گلاب کی پنکھڑی</u> سے تشبیہ دی گئی۔

**س) تشبیہ کے کتنے ارکان ہیں ایک شعری مثال سے واضح کریں۔**

ج۔ تشبیہ کے پانچ ارکان ہیں۔ ۱) مشبہ (۲) مشبہ بہ (۳) وجہ شبہ (۴) حرفِ تشبیہ (۵) غرضِ تشبیہ

مثال: شعر

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

مشبہ: وہ شخص یا چیز جس کو تشبیہ دی گئی۔ دی گئی مثال میں "لب" مشبہ ہیں۔

مشبہ بہ: وہ شخص یا چیز جس سے تشبیہ دی جائے۔ " " "گلاب کی پنکھڑی" مشبہ بہ ہے

وجہ شبہ: مشبہ اور مشبہ بہ میں مشترک خصوصیت جو تشبیہ دینے کی وجہ بنے۔ " لب اور پنکھڑی کی نزاکت وجہ

حرفِ تشبیہ: وہ حرف جو تشبیہ دینے کے لیے استعمال کیے جائیں۔ " " "کی سی" حرفِ تشبیہ ہے۔

غرضِ تشبیہ: کسی شخص یا چیز کی خصوصیت کو واضح کرنا غرضِ تشبیہ کہلاتا ہے۔ دی گئی مثال میں لب کی نزاکت کو بیان کرنا غرضِ تشبیہ ہے

**استعارہ کی تعریف کریں۔ دو مثالوں سے واضح کریں۔**

استعارہ عربی زبان کا لفظ ہے۔ اس کے معنی "ادھار لینا" ہے۔ جب کوئی لفظ اپنے حقیقی معنوں کی بجائے مجازی معنوں میں اس طرح استعمال ہو کہ اس کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق پایا جائے استعارہ کہلاتا ہے۔ مثالیں

ماں نے کہا، میرا چاند آگیا۔

شعر

پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو
دنیا کے پاس دیکھنے والی نظر کہاں

دی گئی مثالوں میں بیٹے کے لیے "چاند" اور آنسو کے لیے "موتی" کا لفظ مستعار لیا گیا۔

Su

پروفیسر راشدہ داود

Scanned with CamScanner

Day / Date

س ۱۴) استعارہ کے کتنے ارکان ہیں تعریف اور مثالیں تحریر کریں۔

استعارہ کے تین ارکان ہیں

شعری مثال ؎ پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو
دنیا کے پاس دیکھنے والی نظر کہاں

۱) مستعارلہٗ : وہ شخص یا چیز جس کے لیے کوئی لفظ مستعار لیا جائے۔ دی گئی مثال میں "آنسو" مستعارلہٗ ہیں۔

۲) مستعارمنہ : وہ شخص یا چیز جس سے کسی خوبی یا خامی کی وجہ سے اس کا نام مستعار لیا جائے دی گئی مثال میں "موتی" مستعارمنہ ہے۔

۳) وجہِ جامع : مستعارلہٗ اور مستعارمنہ میں مشترک خصوصیت جس کی بنا پر ایک چیز بول کر دوسری مراد لی گئی۔ دی گئی مثال میں آنسو اور موتی کی چمک وجہ جامع ہے

س ۱۵) تشبیہ اور استعارہ میں فرق بیان کریں۔

| تشبیہ | استعارہ |
| --- | --- |
| تشبیہ میں لفظ حقیقی معنوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ | استعارہ میں لفظ مجازی معنوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ |
| تشبیہ میں مشبہ کا ذکر لازمی ہے۔ | استعارہ میں مستعارلہٗ کا ذکر نہیں ہوتا۔ |
| علم بیان کی سادہ شکل ہے۔ اس میں فصاحت پائی جاتی ہے۔ | علم بیان کی پیچیدہ شکل ہے۔ اس میں بلاغت پائی جاتی ہے۔ |
| پانچ ارکان ہوتے ہیں۔ | تین ارکان ہوتے ہیں۔ |

Scanned with CamScanner

س۔ مجاز مرسل کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔

ج: کسی لفظ کو مجازی معنوں میں اس طرح استعمال کرنا کہ اس کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق نہ پایا جائے بلکہ کوئی اور تعلق ہو تو اسے مجاز مرسل کہتے ہیں۔

جیسے: ڈاکٹر نے نبض پر ہاتھ رکھا۔

نبض پر تین انگلیاں رکھی جاتی ہیں ہاتھ نہیں۔ "ہاتھ" کل بول کر "انگلیاں" جزو مراد لی گئی۔

مجاز مرسل کی اقسام

1) جزو بول کر کل مراد لینا: الحمد کہہ کر پوری سورہ فاتحہ مراد لینا۔

شعر
عمرِ دراز مانگ کر لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

زندگی چار دن کی نہیں ہوتی کئی برس کی ہو سکتی ہے۔ اس سے مراد ساری زندگی یعنی جزو بول کر کل مراد لینا۔

2) کل بول کر جزو مراد لینا: وہ مغل آباد میں رہتا ہے۔ مغل آباد (کل) کہہ کر جزو (مکان) کہنا۔

شعر
اور بازار سے لے آئے اگر ٹوٹ گیا
جامِ جم سے مرا جامِ سفال اچھا ہے۔

کل "بازار" بول کر جزو "دکان" مراد ہے۔

3) سبب بول کر مسبب مراد لینا:

شعر
آج بادل خوب برسا اور برس کر کھل گیا
گلستاں کی ڈالی ڈالی پتا پتا دُھل گیا

سبب "بادل" بول کر مسبب "پانی" مراد ہے۔

شاہجہان نے تاج محل بنایا۔ تاج محل شاہ جہان نے بنوایا تھا وہ (سبب) تھا اور مزدور (مسبب)

4) مسبب بول کر سبب مراد لینا:

شعر
نشہ پلا کر گرانا تو سب کو آتا ہے
مزہ تو تب ہے کہ گرتوں کو تھام لے ساقی

مسبب "نشہ" بول کر سبب "شراب" مراد ہے۔

Scanned with CamScanner

آگ جل رہی ہے۔ آگ نہیں جلتی ایندھن جلتا ہے۔ آگ (مسبب) اور ایندھن (سبب)

۵) ظرف بول کر مظروف مراد لینا:

ظرف کے معنی برتن اور مظروف کے معنی وہ چیز جو برتن میں ہو۔

ساقی نے جام پلایا۔ جام نہیں شراب پلائی جاتی ہے۔ جام (ظرف) اور شراب (مظروف)

خون آنکھوں سے نکلتا ہی رہا
دل کا فوّارہ اچھلتا ہی رہا

فوارہ (ظرف) مظروف (خون / پانی)

۶) مظروف بول کر ظرف مراد لینا:

چائے میز پر رکھی ہے۔ چائے میز پر نہیں بلکہ پیالی میز پر رکھی جاتی ہے۔

چائے مظروف ہے جبکہ پیالی ظرف ہے۔

۷) ماضی بول کر حال مراد لینا:

کسی کا نام زمانۂ ماضی کے لحاظ سے لینا۔ کسی ریٹائرڈ عہدے دار کو اس کے عہدے سے پکارنا۔ پرنسپل، کرنل، جج وغیرہ

اطاعت اور خداوندی میں جب نسبت باہم ٹھہری
تو پھر اس ناچیز مشتِ خاک کا پھر امتحاں کیوں ہو

مشتِ خاک کہہ کر انسان مراد لیا ہے ماضی میں انسان مشتِ خاک تھا یعنی ماضی کہہ کر حال مراد لیا گیا۔

۸) حال بول کر مستقبل مراد لینا:

کیا کہتے ہیں شاہ شہداء کسی سے ہوئی پیاس
اے وائے مقدر سکینہ کی بجھی پیاس

ابھی امام حسینؓ شہید نہ ہوئے تھے مگر ان کو پہلے ہی شہید کہہ کر پکارا گیا ہے۔ گویا حال بول کر مستقبل مراد لیا ہے۔

Scanned with CamScanner

SOCH MAKER
پروفیسر راشدہ راو

س ۷) کنایہ کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔

ج ۔ کنایہ کے لغوی معنی پوشیدہ طور پر بات کرنے کے ہیں ۔ کنایہ وہ لفظ جو مجازی معنی میں استعمال ہوا ہو مگر اس کے مجازی اور حقیقی معنوں میں کوئی تعلق نہ ہو یعنی اگر حقیقی معنی بھی لیے جائیں تو بھی کلام میں کوئی خرابی پیدا نہ ہو۔

مثلاً
کہیں کیا جو پوچھے کوئی ہم سے میرؔ
جہاں میں تم آئے تھے کیا کر چلے

کیا کر چلے اصل مقصدِ حیات سے غفلت کی طرف اشارہ ہے ۔

آبِ حرام شراب کے لیے کنایہ ہے ۔

س ۸) کنایہ قریب کی تعریف کریں اور مثالیں دیں ۔

ج ایسا کنایہ جسے سمجھنے میں آسانی ہو اور فوراً ذہن اصل بات کی طرف منتقل ہو جائے کنایہ قریب کہلاتا ہے ۔

آبِ حرام شراب کے لیے کنایہ قریب کی مثال ہے

مثلاً
شب جو مسجد میں جا پھنسے مومنؔ
رات کاٹی خدا خدا کر کے

حقیقی معنی اللہ کو یاد کر کے جبکہ مجازی معنی بڑی مشکل سے جو کہ فوراً ذہن میں آ جاتے ہیں ۔

Sunny

Scanned with CamScanner

Day / Date

س ۔۹ کنایہ بعید کی تعریف اور مثالیں تحریر کریں۔

ج ۔ ایسا کنایہ جس پر بہت غور کرنے کے بعد بات سمجھ میں آئے کنایہ بعید کہلاتا ہے۔

ے مگس کو باغ میں جانے نہ دیجیو
کہ ناحق خون پروانے کا ہوگا

مگس شہد کی مکھی کو باغ میں جانے سے روکو وہ باغ میں جائے گی پھولوں کا رس چوسے گی پھر شہد بنائے گی چھتے سے موم بھی حاصل ہوگا جس سے موم بتی بنے گی موم بتی جلے گی تو پروانہ روشنی پر آئے گا اور جل کر مر جائے گا۔

ے کلیاں چٹک کر پھول بنیں اور مٹ گئیں
کس درجہ مختصر ہے زمانہ بہار کا

کلیوں کا چٹکنا، پھول، بننا اور ختم ہو جانا انسان کی زندگی کی ناپائیداری کی طرف اشارہ ہے یعنی بچپن، جوانی اور پھر موت۔

ے پھول تو دو چار دن جانفزا دکھلا گئے۔
حسرت ان غنچوں پہ ہے جو بن کھلے مرجھا گئے

## (شعری اصطلاحات)

س ۱۰) مطلع کی تعریف مع دو مثالوں کے کیجیے۔

**مطلع:** مطلع کے معانی طلوع یا آغاز کے ہیں۔ غزل کا وہ پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ یا ہم قافیہ و ہم ردیف ہوں مطلع کہلاتا ہے۔

ے فقیرانہ آئے صدا کر چلے
میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے

(صدا ۔ دعا) قافیے (کر چلے) ردیف

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے میرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے

(دم ۔ کم) قافیے (نکلے) ردیف

س ۱۱) قافیہ کسے کہتے ہیں؟ دو شعری مثالوں سے واضح کریں

**قافیہ:** قافیہ کے معانی بعد میں آنے والے کے ہیں اصطلاح میں غزل کے مطلع کے دونوں اور باقی اشعار کے دوسرے مصرعے کے آخر میں آنے والے ہم وزن اور ہم آواز الفاظ قافیہ کہلاتے ہیں۔ ردیف ہونے کی صورت میں قافیہ ردیف سے پہلے آتا ہے۔

ے فقیرانہ آئے صدا کر چلے
میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے

(صدا ۔ دعا) قافیے

ے ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے میرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے

(دم ۔ کم) قافیے

Sunny

Scanned with CamScanner

س۔۱۲) ردیف کی تعریف مع دو شعری امثلہ کریں۔

Day / Date

ردیف: ردیف کے معنی سوار کے پیچھے بیٹھنے والے کے ہیں۔ اصطلاح میں غزل کے مطلع کے دونوں اور باقی اشعار کے دوسرے مصرعے کے آخر میں آنے والے مستقل الفاظ (ایک جیسے) ردیف کہلاتے ہیں۔

فقیرانہ آئے صدا کر چلے
میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے
(کر چلے) ردیف

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے میرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے
(نکلے) ردیف

غیر مردف غزل:
جس غزل میں ردیف کا استعمال نہ ہوا ہو غیر مردف غزل کہلاتی ہے۔

پھر چراغِ لالہ سے روشن ہوئے کوہ و دمن
مجھ کو پھر نغموں پہ اکسانے لگا مرغِ چمن

مقطع: مقطع کے معانی کاٹنے یا الگ کرنے کے ہیں۔ غزل کا وہ آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرے مقطع کہلاتا ہے۔

کہیں کیا جو پوچھے کوئی ہم سے میر
جہاں میں تم آئے تھے کیا کر چلے

کعبہ کس منہ سے جاؤ گے غالب
شرم تم کو مگر نہیں آتی

جس آخری شعر میں تخلص نہ ہو وہ آخری شعر تو کہلائے گا مگر اسے مقطع نہیں کہیں گے

مطلع ثانی: کسی غزل میں اگر دوسرا شعر بھی ہم قافیہ و ہم ردیف ہو تو مطلع ثانی کہلاتا ہے

اب دل ہے مقام بے کسی کا
یوں گھر تباہ نہ ہو کسی کا
(مطلع)

رونا ہے اب ہنسی خوشی کا
ماتم ہے بہارِ زندگی کا
(مطلع ثانی)

مطلع ثالث: کسی غزل میں پہلا، دوسرا اور تیسرا شعر بھی مطلع ہو تو مطلع ثالث کہلاتا ہے

Sunny®

پروفیسر راشدہ راو
Scanned with CamScanner

Day / Date

**حُسنِ مطلع یا زیبِ مطلع:** غزل میں مطلع کے بعد آنے والا شعر حُسنِ مطلع یا زیبِ مطلع کہلاتا ہے۔

اب دل ہے مقام بے کسی کا
یوں گھر تباہ نہ ہو کسی کا (مطلع)

رونا ہے اب ہنسی خوشی کا
ماتم ہے بہارِ زندگی کا (مطلع ثانی)

اتنی ہی تو بس کسر ہے تم میں
کہنا نہیں مانتے کسی کا (حسنِ مطلع/زیبِ مطلع)

**تخلص:** وہ شاعرانہ نام جو شاعر اپنے نام کے علاوہ اختیار کرتا ہے تخلص کہلاتا ہے بعض شعراء اپنا نام ہی تخلص کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

مرزا اسد اللہ خان غالب ۔ مولانا الطاف حسین حالی ۔ علامہ محمد اقبال

**مصرع:** شعر کا آدھا حصّہ مصرع کہلاتا ہے۔

ع فقیرانہ آئے صدا کر چلے
ع اس آبِ گرم میں تو نہ انگلی ڈبوئیے

**شعر:** وہ کلامِ موزوں جو بامقصد ہو۔ ایک خیال کو ظاہر کرے اور جس کے دونوں مصرعے ایک ہی وزن میں ہوں شعر کہلاتا ہے۔

؎ رات مجلس میں ترے حُسن کے شعلے کے حضور
شمع کے منہ پہ جو دیکھا، تو کہیں نور نہ تھا

**بیت:** جس شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں بیت کہلاتا ہے

؎ سب سے اعلیٰ تیری سرکار ہے، سب سے افضل
میرے ایمانِ مفصل کا یہی ہے مجمل

**فرد:** ایسا شعر جو کسی نظم یا غزل کا حصہ نہ ہو بلکہ الگ حیثیت میں لکھا گیا ہو فرد کہلاتا ہے۔ اسے دوہا بھی کہتے ہیں۔ ؎ زندگی اپنی جب اس شکل سے گزری غالب
ہم بھی کیا یاد کریں گے کہ خدا رکھتے تھے

Sunny

Scanned with CamScanner

Day / Date

بیت الغزل:

غزل کا سب سے عمدہ/خوبصورت اور پسندیدہ شعر بیت الغزل کہلاتا ہے۔

SOCH BADLO BY MAR
پروفیسر راشدہ راو



Scanned with CamScanner

Day / Date

## س۔۱) مرثیہ کسے کہتے ہیں؟

مرثیہ لفظ رثا سے نکلا ہے ایسی نظم جس میں کسی ہستی کے دنیا سے رخصت ہو جانے کے بعد اسکی تعریف اور غم کا اظہار کیا جائے مرثیہ کہلاتی ہے۔ اردو ادب میں مرثیہ سب سے زیادہ حضرت امام حسینؑ اور اہل بیعت کے حوالے سے تحریر کیے گئے۔ اس کے علاوہ بھی شعراء نے مختلف عظیم اور اپنی عزیز ہستیوں کے مرثیے بھی تحریر کیے۔

## س۔۲) مرثیہ کے کتنے ارکان ہیں؟ وضاحت کریں۔

مرثیہ کے درج ذیل ۹ ارکان ہیں۔

۱) چہرہ: تمہید یا ماحول بنانا۔ اس حصے میں موت اور زندگی کا ذکر یا منظر کی تصویر کشی کی جاتی ہے

۲) سراپا: اس حصے میں ہیرو کا ناک نقشہ، قد و قامت اور اس کے عادات و خصائل بیان کیے جاتے ہیں۔

۳) رخصت: میدان جنگ میں جانے سے پہلے عزیز و اقارب سے ملاقات اور اجازت کا سماں باندھا جاتا ہے۔

۴) آمد: میدان جنگ میں آمد کا ذکر، ڈیرہ ڈالنا اور عزم و استقلال کے پیکر کی حیثیت سے تصویر کشی۔

۵) رجز: جنگ میں پڑھے جانے والے اشعار۔ مقابل فوجوں کو اپنے حسب نسب، خاندان کی فضیلت، اپنے مقصد کی سچائی اور عزم و استقلال کے ساتھ صلح کا پیغام دیا جاتا ہے پھر اعلان جنگ

۶) جنگ: دشمنوں کے ساتھ جنگ کا منظر بیان کیا جاتا ہے۔ تلوار اور گھوڑے کی تعریف کے ساتھ ہیرو کی بہادری اور کارنامے بیان کیے جاتے ہیں۔ یہ حصہ رزمیہ شاعری کا بہترین نمونہ ہوتا ہے

۷) شہادت: یہ حاصل مرثیہ ہے اس میں شہادت کا بیان ہوتا ہے یہاں شاعر کا مقصد شاعری نہیں بلکہ سامعین کی نفسیات کو سمجھتے ہوئے آہ و بکا کا سامان پیدا کرنا ہوتا ہے۔

۸) بین: اس حصے میں اہل بیعت کے نوحہ و گریہ کا منظر پیش کیا جاتا ہے۔ اسکا مقصد سامعین کو رلانا ہے۔

۹) دعا: اس حصے میں شاعر سامعین اور اہل دنیا کے لیے دعا کرتا ہے جو مرثیہ کہنے اور سننے والوں کے حق میں قبول ہوتی ہیں۔

Sunny®

Scanned with CamScanner

# اصنافِ نظم

Day / Date

**نظم:** معانی لڑی، سلک، کلامِ موزوں۔ اصطلاح میں نظم کے معنی موزوں کلام کے ہیں۔
نظم کا لفظ اردو ادب میں دو معنوں میں استعمال ہوتا ہے ایک نثر کی ضد کے طور پر اور دوسرا غزل کے علاوہ دیگر تمام اصنافِ شعری کو نظم کہا جاتا ہے۔
نظم کو موضوع اور ہیئت کے اعتبار سے دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

**اصنافِ نظم بلحاظِ موضوع:** حمد، نعت، مناجات، منقبت، قصیدہ، مرثیہ، ہجو، ہائیکو، غزل، شہر آشوب، واسوخت، پیروڈی اور گیت وغیرہ

**اصنافِ نظم بلحاظِ ہیئت:** مثنوی، مثلث، مربع، قطعہ، رباعی، مخمس، مخمس ترجیع بند، مسدس، مسدس ترجیع بند

**حمد:** وہ نظم جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جائے حمد کہلاتی ہے حمد کا لفظ صرف اللہ تعالیٰ کی تعریف کے لیے مخصوص ہے۔

سبھی کچھ خدا کا بنایا ہوا ہے۔
یہ گلشن اسی کا سجایا ہوا ہے

**نعت:** وہ نظم جس میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف بیان کی جائے نعت کہلاتی ہے

یا محمدؐ نورِ مجسم یا حبیبی یا مولائی
تصویرِ کمالِ محبت تنویرِ جمالِ خدائی

**منقبت:** اس نظم میں صحابہ کرامؓ، اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین کے کمالات، صفات اور مقام کو بیان کیا جاتا ہے۔

پروانے کو چراغ ہے بلبل کو پھول بس
صدیقؓ کے لیے ہے خدا کا رسولؐ بس

**مناجات:** جس حمدیہ نظم میں اللہ تعالیٰ سے کوئی دعا یا التجاء کی گئی ہو اسے مناجات کہتے ہیں۔

لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری — زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری
دور دنیا کا مرے دم سے اندھیرا ہو جائے — ہر جگہ میرے چمکنے سے اجالا ہو جائے

**غزل:** غزل کے معنی عورتوں سے متعلق بات چیت کرنا۔ غزل میں حسن و عشق کے معاملات کے علاوہ ہر قسم کے موضوعات پر اظہارِ خیال ہوتا ہے۔ اس کے اشعار کی تعداد کم از کم پانچ ہوتی ہے قافیہ کی پابندی لازمی ہے۔ اس میں ایک مطلع اور ایک مقطع بھی ہوتا ہے۔

Sunny

پروفیسر راشدہ داؤ

Scanned with CamScanner

Day / Date

فقیرانہ آئے صدا کر چلے
میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے
دکھائی دیے یوں کہ بے خود کیا
ہمیں آپ سے بھی جدا کر چلے

**قصیدہ :** ایسی نظم جو کسی زندہ ہستی کی تعریف میں لکھی جائے قصیدہ کہلاتی ہے۔ اس کے پہلے دو مصرعے اور باقی اشعار کا دوسرا مصرع ہم قافیہ ہوتا ہے۔ قصیدے کے چار حصے ہوتے ہیں۔ تشبیب، گریز، مدح، حسن طلب۔ (محسن کاکوروی کا قصیدہ بہاریہ نعتیہ)

گل خوش رنگ رسول مدنی العربی — زیب دامان ابد طرۂ دستار ازل
نہ کوئی اس کا مشابہ ہے نہ ہمسر نہ نظیر — نہ کوئی اس کا مماثل نہ مقابل نہ بدل
اوج رفعت کا قمر نخل دو عالم کا ثمر — بحر وحدت کا گہر چشمۂ کثرت کا کنول

**مرثیہ :** ایسی نظم جس میں کسی ہستی کے دنیا سے رخصت ہو جانے کے بعد اس کی تعریف اور غم کا اظہار کیا جائے مرثیہ کہلاتی ہے۔ اردو ادب میں سب سے زیادہ مرثیے حضرت امام حسینؓ اور اہل بیعت کے لیے تحریر کیے گئے۔ مرثیہ کے نو (۹) ارکان ہوتے ہیں۔
۱) چہرہ (۲) سراپا (۳) رخصت (۴) آمد (۵) رجز (۶) جنگ
(۷) شہادت (۸) بین (۹) دعا

**شہر آشوب :** شہر آشوب ایسی نظم کو کہتے ہیں جس میں کسی شہر یا ملک کی اقتصادی و سیاسی بے چینی و بربادی کا حال بیان کیا گیا ہو۔ نظیر اکبر آبادی کی شہر آشوب (آگرہ)

بے روزگاری نے یہ دکھائی ہے مفلسی — کوٹھے کی چھت نہیں ہے، یہ چھائی ہے مفلسی
دیوار و در کے بیچ سمائی ہے مفلسی — ہر گھر میں اس طرح سے بھر آئی ہے مفلسی
پانی کا ٹوٹ جاوے ہے جوں ایک بار بند

**ہجو :** وہ نظم ہے جس میں شاعر کسی کی خامیاں یا برائیاں بیان کرے، ہجو کہلاتی ہے۔ یہ نظم قصیدہ کی ضد (الٹ) ہوتی ہے۔ عام طور پر زندہ شخص کی برائیاں بیان کی جاتی ہیں۔

**واسوخت :** اس نظم میں شاعر اپنے محبوب کی بے وفائی اور ظلم و ستم پر جلی کٹی سناتا ہے سودا اس میدان میں شہرت رکھتے ہیں۔

Sunny®

Scanned with CamScanner

**پیروڈی:** نظم و نثر میں کسی شاعر کے اسلوب کی نقل اس طرح تحریر کرنا کہ اس میں مزاح کا پہلو موجود ہو۔ یا اس کا مذاق اڑانے کی کوشش کی گئی ہو۔

(صادق قریشی) (سلمیٰ)

میں نے اک تصویر بنائی
نیچے لکھا نام کسی کا
سلمیٰ
سلمیٰ شرم وحیا کی دیوی
پیکر اک اخلاص ووفا کا
سلمیٰ
جانے کب چپکے سے سلمیٰ
آگئی سب کی آنکھ بچا کر
اندر
سب چیزوں سے ہاتھ اٹھا کر
اپنی اس تصویر کی کر لی
چوری

(پروفیسر محمد عاشق) (کتا)

میں نے اک دن کھیر پکائی
اس کی خوشبو پا کر آیا
کتا
کتا شرم وحیا سے عاری
پیکر تھا اک حرص وہوا کا
کتا
جانے کب چپکے سے کتا
آگیا سب کی آنکھ بچا کر
اندر
سب کھانوں سے دھیان ہٹا کر
میری جو تھی کھیر کی تھالی
کھالی

سلمیٰ

سلمیٰ خوب رہا یہ دھوکا
تم نے تو اک چیز چرائی
نقلی
اصل ہے دل کے آئینے میں
کاغذ پر تھی نقل اتاری
یونہی
اس کو نہیں چوروں کا کھٹکا
ہمت ہے تو اس کو چراؤ
آؤ

کتا

کتے خوب رہا یہ دھوکا
تم نے تو اک چیز ہے چاٹی
نقلی
کھیر ہے اندر الماری میں
تھالی میں تھی پیچ جمائی
یونہی
اس کو نہیں کتوں کا کھٹکا
ہمت ہے تو اس کو اڑاؤ
آؤ

**گیت:** گیت گانے کی چیز کو کہتے ہیں۔ اصطلاح میں گیت وہ صنفِ شعر ہے جس میں ایک عورت مرد کو مخاطب کر کے اظہارِ محبت کرتی ہے۔ گیت میں جذبات و احساسات خصوصاً ہجر اور فراق کی کیفیت بڑے والہانہ انداز میں بیان کی جاتی ہے گیتوں میں محبت کا اظہار مرد کی طرف سے بھی ہوتا ہے۔

**ہائیکو:** یہ جاپانی صنف شاعری ہے اس کے بھی تین مصرعے ہوتے ہیں لیکن اس کے لیے ہم قافیہ ہونا لازمی نہیں ہے۔ مثلاً اسلم فیضی کی ہائیکو

ایک ناگن نے جوگیوں سے کہا
کوئی تریاق اس کا بھی سوچو
آدمی آدمی کو ڈستا ہے

پروفیسر راشد راو

Scanned with CamScanner

# اصنافِ نظم بہ لحاظِ ہیئت



**قطعہ:** قطعہ کے معانی ٹکڑے کے ہیں۔ اس نظم میں دو شعر ہونا لازمی ہیں۔ ہر شعر کا دوسرا مصرع ہم قافیہ ہوتا ہے۔ اشعار کی تعداد زیادہ بھی ہو سکتی ہے۔

ق بے پردہ کل جو آئیں نظر چند بیبیاں
اکبر زمیں میں غیرتِ قومی سے گڑ گیا
پوچھا جو ان سے آپ کا پردہ وہ کیا ہوا
کہنے لگیں کہ عقل پہ مردوں کی پڑ گیا

**مثنوی:** مثنوی لفظ مثنیٰ سے بنا ہے جس کے معنی دو کے ہیں اصطلاح میں ایسی صنف نظم جس کے ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں۔ یہ طویل نظم ہے جس میں قصے، کہانیاں اور داستان بیان کی جاتی ہے۔ اس نظم میں سینکڑوں اشعار ہو سکتے۔

قضارا ہوا اک پری کا گزر  پڑی شاہ زادے پہ اس کی نظر
ہوئی حسن پر اس کے جی سے نثار  وہ تخت اپنا لائی ہوا سے اتار

**مثلث:** ایسی نظم جس کا ہر بند تین مصرعوں پر مشتمل ہو۔

سب رنگ ہیں اک رنگ سے  بتلا دیا کس ڈھنگ سے
دل پر بٹھا کر نقش ہو

**رباعی:** اس کے معانی ۴ کے ہیں اصطلاح میں ایسی صنفِ سخن جو چار مصرعوں پر مشتمل ہو اسے دو بیتی بھی کہا جاتا ہے۔ اس کا پہلا، دوسرا اور چوتھا مصرع ہم قافیہ ہوتا ہے۔ اس میں اخلاقی مضامین کو قلم بند کیا جاتا ہے۔ کوئی ایک بات کہی جاتی ہے۔

جوانوں کو مری آہ سحر دے
پھر ان شاہیں بچوں کو بال و پر دے
خدایا آرزو میری یہی ہے
مرا نورِ بصیرت عام کر دے

**مخمس / مخمس ترکیب بند:** اس نظم کا ہر بند پانچ مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے پہلے بند کے پانچوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں اور بعد میں آنے والے تمام بندوں کے پہلے چار مصرعوں کا قافیہ پہلے بند سے مختلف ہوتا ہے جبکہ پانچواں مصرع پہلے بند کا ہم قافیہ ہوتا ہے۔

جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی
کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی
پیاسا تمام روز بٹھاتی ہے مفلسی
بھوکا تمام رات سلاتی ہے مفلسی
یہ دکھ وہ جانے جس پہ کہ آتی ہے مفلسی

Scanned with CamScanner

Day / Date

**مخمس ترجیع بند:** اس کے ہر بند میں پانچ مصرعے ہوتے ہیں۔ پہلے چار مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں جبکہ پانچواں مصرع ہر بند کے بعد جوں کا توں دہرایا جاتا ہے۔ جسے ٹیپ کا مصرع کہتے ہیں۔

مغرور نہ ہو تلواروں پر مت پھول بھروسے ڈھالوں کے
سب پٹا توڑ کے بھاگیں گے منہ دیکھ اجل کے بھالوں کے
کیا ڈبے موتی ہیروں کے کیا ڈھیر خزانے مالوں کے
کیا بقچے تاج مشجر کے کیا تختے شال دوشالوں کے
سب ٹھاٹھ پڑا رہ جاوے گا جب لاد چلے گا بنجارا

**مسدس / مسدس ترکیب بند:** اس نظم کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوتے ہیں۔ پہلے چار مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں جبکہ پانچویں اور چھٹے مصرعے کا قافیہ ایک ہوتا ہے۔ یہ بہت طویل نظموں کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

ہم سے پہلے تھا عجب تیرے جہاں کا منظر
کہیں مسجود تھے پتھر کہیں معبود شجر
خوگر پیکر محسوس تھی انساں کی نظر
مانتا پھر کوئی ان دیکھے خدا کو کیونکر
تجھ کو معلوم ہے لیتا تھا کوئی نام ترا
قوتِ بازوئے مسلم نے کیا کام ترا

**مسدس ترجیع بند:** ایسی نظم جس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوتے ہیں۔ پہلے چار مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں جبکہ پانچواں چھٹا مصرع ہم قافیہ ہوتا ہے۔ اس بند کا تیسرا شعر ہر بند میں جوں کا توں دہرایا جاتا ہے جو ٹیپ کا شعر کہلاتا ہے۔ مسدس ترجیع بند کہلاتی ہے۔

اٹھاؤ تیغ بے اماں، وطن کے پاک نام پر
لٹا دو عمرِ نوجواں، وطن کے پاک نام پر
نثار کر دو اپنی جاں، وطن کے پاک نام پر
صدائیں دیتا ہے وطن بڑھے چلو بڑھے چلو
دلاورانِ تیغ زن بڑھے چلو بڑھے چلو
بہادرانِ صف شکن بڑھے چلو بڑھے چلو

Sunny

Scanned with CamScanner

Day / Date

**پابند نظم :** پابند نظم میں وزن اور بحر کے ساتھ قافیہ، ردیف یا صرف قافیہ کی پابندی لازمی ہوتی ہے۔ اس میں موضوع کی کوئی قید نہیں۔ نظم کسی بھی ہیئت میں لکھی جاسکتی ہے۔

**نظم معریٰ :** معریٰ نظم میں بحر اور وزن کی پابندی کی جاتی ہے مگر قافیہ ضروری نہیں سمجھا جاتا۔ بیسویں صدی کے شعراء نے قافیہ کی پابندی سے چھٹکارا پانے کے لیئے نظم معریٰ کا آغاز کیا۔ نادر کاکوروی کی نظم معریٰ

اکثر شب تنہائی میں
کچھ دیر پہلے نیند سے
گزری ہوئی دلچسپیاں
بیتے ہوئے دن عیش کے
بنتے ہیں شمع زندگی
اور ڈالتے ہیں روشنی
میرے دلِ صد چاک پر۔

**نظم آزاد :** آزاد نظم میں قافیہ، ردیف، وزن اور بحر کی پابندی نہیں ہوتی، البتہ اشعار میں روانی، تسلسل اور موسیقیت ضروری ہے۔ آزاد نظم کی بنیاد ایک بحر پر ہوتی ہے۔ کوئی مصرع بڑا اور کوئی چھوٹا ہوتا ہے۔

**سانیٹ :** یہ صنف نظم مغربی شاعری سے اردو میں آئی ہے۔ یہ چودہ مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے اور قافیوں کی ترتیب سے پہچانی جاتی ہے۔ اس میں غزل کی اشاریت اور نظم کا تسلسل پایا جاتا ہے۔

Sunn

Scanned with CamScanner

Day / Date

## س۔) نظم اور غزل میں فرق بیان کریں۔

ج۔ غزل اور نظم میں بنیادی فرق درج ذیل ہیں۔
غزل شاعری کی وہ صنف ہے جس کا عنوان نہیں ہوتا۔ اس کا ہر شعر جداگانہ حیثیت رکھتا ہے۔ اپنے معانی و مفہوم کے لحاظ سے مکمل ہوتا ہے۔ غزل کے اشعار کی کم سے کم تعداد پانچ ہوتی ہے۔ ان پانچ اشعار میں شاعر پانچ مختلف مضامین بیان کر سکتا ہے۔
جبکہ نظم کا باقاعدہ ایک عنوان ہوتا ہے مکمل نظم موضوع کے موافق تحریر کی جاتی ہے۔ نظم میں شاعر جتنے بھی شعر تحریر کرے گا وہ موضوع سے متعلق ہی ہوں گے۔

پروفیسر راشدہ راو
SOCH BADLO BY MAR
Sunny
Scanned with CamScanner

★ ناول کے اجزائے ترکیبی۔

س۔ ناول کے کتنے اجزاء ہیں۔ وضاحت کریں۔

ج ۔ ناول کے چار بنیادی اجزاء ہوتے ہیں۔ کہانی، پلاٹ، کردار اور مکالمے

۱) کہانی: ناول کے لیے سب سے بنیادی چیز کہانی ہے۔ اس کے بغیر ناول مکمل نہیں ہوتا۔

۲) پلاٹ: ناول میں واقعات کو اچھے انداز میں ترتیب دے کر بیان کرنا پلاٹ کہلاتا ہے۔

۳) کردار: ناول میں جن افراد کا ذکر آتا ہے وہ ناول کے کردار کہلاتے ہیں۔

۴) مکالمے: کرداروں کی آپس میں بول چال مکالمہ کہلاتی ہے۔ مکالموں کے ذریعے کرداروں کی شخصیت ہمارے سامنے آتی ہے۔

اس کے علاوہ منظر نگاری، موضوع، زبان و بیان اور مقصدیت بھی ناول کے اجزاء میں شامل ہیں۔

س۔ ڈرامے کی دو مشہور اقسام کون سی ہیں؟

ج ۔ ڈرامے کی دو مشہور اقسام طربیہ ڈرامہ اور المیہ ڈرامہ ہیں۔

۱) طربیہ ڈرامہ: وہ ڈرامہ جس میں ہنسی مزاح کے ذریعے سماج کی کمزوریوں سے پردہ اٹھایا جائے۔

۲) المیہ ڈرامہ: وہ ڈرامہ جس میں پیش آنے والے واقعات خوفناک ہوں اور ان کا انجام المیہ (تکلیف دہ ہو)۔

★ ڈرامے کے اجزائے ترکیبی۔

س۔ ڈرامے کے کتنے اجزائے ترکیبی ہیں؟ وضاحت کریں۔

ج۔ ڈرامے کے 7 سات اجزائے ترکیبی ہیں۔

1۔ **پلاٹ۔** ڈرامے کی کہانی کو پلاٹ کہتے ہیں۔ اسے مختصر اور دلچسپ ہونا چاہیے۔

2۔ **کردار نگاری۔** ڈرامے کا تعلق عمل سے ہے اس لیے اس میں کرداروں کی گفتگو اور عمل ڈرامے کو کامیاب بناتا ہے۔

3۔ **ارتقائی عمل۔** اس مرحلے میں ڈرامہ ابتدائی منزل سے گزر کر پھیلنا شروع ہوتا ہے۔ کہانی مختلف مسائل سے گزرتی ہے۔

4۔ **کشمکش۔** کشمکش یا تصادم ڈرامے میں بہت اہم ہوتی ہے۔ تصادم ہی سے حق و باطل کا مسئلہ اٹھتا ہے تو ایک کردار ہیرو اور دوسرا ولن بن جاتا ہے۔

5۔ **مکالمہ نویسی۔** مکالمے کو ڈرامے میں بہت اہمیت حاصل ہے۔ اسی کے ذریعے ہم کرداروں کو بہتر طریقے سے سمجھ سکتے ہیں۔ خود کلامی بھی ڈرامے کو آگے بڑھاتی ہے۔

6۔ **اسٹیج۔** ڈرامے میں سب سے ضروری چیز اسٹیج ہے۔ اس کے بغیر ڈرامہ بے جان جسم کی حیثیت رکھتا ہے۔

7۔ **اختتامی عمل۔** اس مرحلے میں کرداروں کا باہمی تصادم ختم ہوتا ہے اور کہانی کسی نہ کسی نتیجے پر پہنچ جاتی ہے۔

Scanned with CamScanner

Day / Date

# اصنافِ نثر

## ا) افسانوی ادب

داستان، ناول، افسانہ، ڈرامہ، لوک کہانی

## ب) غیر افسانوی ادب

مضمون، انشائیہ، سفرنامہ، خاکہ، مکتوب، آپ بیتی، مکالمہ

**داستان:** داستان کے معنی طویل قصہ یا کہانی کے ہیں۔ اصطلاح میں داستان وہ قصہ ہے جس کی بنیاد تخیل، رومان اور فوق الفطرت عناصر پر ہو۔ داستان لکھنے اور پڑھنے سے زیادہ کہنے اور سننے کی چیز ہے۔

**ناول:** ناول اطالوی زبان کا لفظ ہے جو انگریزی سے اردو میں آیا۔ اس کے معنی انوکھا، نرالا اور عجیب ہیں۔ اصطلاح میں وہ قصہ یا کہانی جس کا موضوع انسانی زندگی ہو۔ ناول نگار زندگی کے مختلف پہلوؤں کا مکمل اور گہرا مشاہدہ کرنے کے بعد ایک خاص سلیقے سے اپنے تجربات کو کہانی کی شکل میں پیش کرتا ہے۔

**افسانہ:** افسانہ مختصر کہانی کو کہتے ہیں جسے ایک نشست میں پڑھا جا سکے۔ افسانہ میں چند کرداروں کے ساتھ ایک خیال، واقعہ، احساس یا تجربے کو پیش کیا جاتا ہے۔ گویا افسانہ وحدتِ تاثر کا حامل ہوتا ہے۔

**ڈرامہ:** ڈرامے کا تصور قدیم یونان سے وابستہ ہے جس کے معنی تمثیل، ناٹک یا سوانگ کے ہیں۔ ان سب الفاظ کا مطلب "کچھ کر کے دکھانا" ہے۔ ڈرامہ وہ کہانی ہے جو مختلف کردار اپنی گفتگو اور اپنے عمل کے ذریعے اسٹیج پر پیش کرتے ہیں۔

**لوک کہانی:** لوک کہانی عوام کے خیالات و جذبات کی ترجمان ہوتی ہے۔ یہ تحریری شکل میں نہیں ہوتیں بلکہ سینہ بہ سینہ اور نسل در نسل چلتی رہتی ہیں۔ ان میں مذہبی اور دینی عقائد کی بجائے خوش اعتقادی اور ضعیف الاعتقادی کا عمل دخل ہوتا ہے۔ اس کے ذریعے کسی مخصوص علاقے کے رسم و رواج، طور طریقے اور زندگی گزارنے کے انداز کا پتہ چلتا ہے۔

پروفیسر راشدہ راو



Scanned with CamScanner

Day / Date

**مضمون :** کسی متعین موضوع پر اپنے خیالات اور جذبات و احساسات کا تحریری اظہار مضمون کہلاتا ہے۔ مضمون کے لیے موضوع کی کوئی قید نہیں ۔ ہر مضمون کے لیے خاص ترتیب نظم و ضبط، توازن اور تناسب کا ہونا ضروری ہے۔

**انشائیہ :** انشائیہ انگریزی ادب سے اردو میں آیا ہے یہ انگریزی (Light Essay) کی شکل ہے یہ ہلکا پھلکا مضمون ہے جس کا انداز غیر رسمی ہوتا ہے۔ انشائیہ کا آغاز اور انجام مصنف کی مرضی کے مطابق ہوتا ہے۔ اس میں طنز اور مزاح کے مطابق مصنف کے اپنے احساسات و تجربات بھی بیان کیے جاتے ہیں۔

**سفرنامہ :** سفرنامہ ایک طرح کی روداد ہے۔ جب کوئی ادیب سفر کے لیے گھر سے نکلتا ہے خواہ وہ سفر اندرون ملک ہو یا بیرون ملک، وہ اپنے تمام احوال تحریر کرتا ہے اُسے سفرنامہ کہتے ہیں۔ سفرنامہ کسی ملک کی جغرافیائی، سماجی، معاشی اور معاشرتی حالات کی ایک تصویر پیش کرتا ہے جس میں اکثر سفرنامہ نگار کہانی کا عنصر بھی شامل کر دیتا ہے۔

**خاکہ :** خاکہ کے معنی ابتدائی نقشہ یا ڈھانچہ کے ہیں۔ ادبی اصطلاح میں کسی کی تصویر لفظوں میں ادا کر دینا خاکہ ہے۔ خاکہ ایسی تحریر ہے جس کے ذریعے کسی شخص کے بنیادی مزاج، اندازِ فکر اور زندگی کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ ہوتے ہیں۔

**مکتوب :** خط کے معنی تحریر کے ہیں۔ اپنی گفتگو یا حالات لکھ کر بھیجنا خطوط نویسی یا مکتوب نگاری کہلاتا ہے۔ خط کو آدھی ملاقات بھی کہتے ہیں جو باتیں ہم آمنے سامنے بیٹھ کر نہیں کر سکتے وہ خط کے ذریعے کی جا سکتی ہیں۔

**آپ بیتی :** آپ بیتی دو لفظوں کا مرکب ہے۔ آپ یعنی خود اور بیتی یعنی گزری ہوئی، گویا خود پر گزرے ہوئے حالات و واقعات کا بیان آپ بیتی کہلاتا ہے۔ اسے خود نوشت بھی کہتے ہیں۔ آپ بیتی لکھنے والے کے حالات کے علاوہ اُس کے دلی احساس، کیفیت، عملی تجربوں اور جذباتی پہلوؤں کی ترجمانی بھی کرتی ہے۔

**مکالمہ :** مکالمہ کے معنی گفتگو کے ہیں۔ دو یا دو سے زائد افراد کے درمیان کسی موضوع پر ہونے والی گفتگو مکالمہ کہلاتی ہے۔

Sunny®

Scanned with CamScanner

★ **روداد نویسی:** روداد فارسی زبان کا لفظ ہے۔ انگریزی میں اسے رپورٹ (Report) کہتے ہیں۔ کسی واقعے، تقریب یا حادثے کا آنکھوں دیکھا حال تحریر کرنا، روداد نویسی کہلاتا ہے۔ روداد میں جو کچھ ہم دیکھتے ہیں ان حالات اور واقعات کو ترتیب سے تحریر کرتے ہیں تاکہ پڑھنے والے لوگ جنھوں نے اس تقریب میں شرکت نہیں کی وہ غائبانہ لطف اندوز ہو سکیں۔

★ **درخواست نگاری:** درخواست کے معانی التماس، گزارش، عرض کے ہیں۔ اپنے کسی مقصد یا غرض کو تحریری شکل میں افسر یا حاکم کی خدمت میں پیش کرنا درخواست نگاری کہلاتا ہے۔ (درخواست فارسی زبان کا لفظ ہے)

★ **تبصرہ:** تبصرہ نگاری جدید صنف ہے جو انگریزی سے اردو میں آئی ہے اس میں تبصرہ نگار کسی کتاب کا تعارف اور اس کے موضوع پر بحث کرتا ہے۔ ساتھ ساتھ اس کی خوبیوں اور خامیوں کی بھی نشاندہی کرتا ہے مگر یہ تنقید سے مختلف انداز ہے جس میں کوئی تعصب موجود نہیں ہوتا۔ (تبصرہ عربی زبان کا لفظ ہے)

★ **تنقید:** تنقید کے معانی کھرے اور کھوٹے کو جانچنا۔ تنقید ایسے اصولوں کا نام ہے جن کی روشنی میں کسی بھی ادب کی خوبیوں اور خامیوں کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ تاکہ پڑھنے والا ادب کی تمام خوبیوں اور خامیوں سے آگاہ ہو سکے۔ تنقید کا مقصد معیاری اور غیر معیاری ادب کی پہچان کرانا ہے۔ (تنقید عربی زبان کا لفظ ہے)

★ **طنز و مزاح:** طنز و مزاح کے الفاظ کو بطور مرکب عطفی استعمال کیا جاتا ہے مگر یہ دونوں مختلف معانی الفاظ ہیں۔ (طنز و مزاح عربی زبان کا لفظ ہے)

**مزاح:** مزاح کے معانی ہنسی مذاق کے ہیں۔ یہ زندگی کا ایک اہم حصہ ہے اس میں زندگی کی ناہمواریوں پر ہمدردانہ نظر ڈالی جاتی ہے مزاح کے جذبات محبت اور قربت کا احساس لیے ہوئے ہیں مزاح دل کو خوش کرنے اور چہرے پر مسکراہٹ لانے کے لیے ہوتا ہے۔

**طنز:** طنز کے معانی طعنہ یا چوٹ پہنچانا ہے۔ زندگی کے عیبوں، ناہمواریوں اور کمزوریوں کو کاٹ دار الفاظ میں پیش کرنا طنز کہلاتا ہے اس کا مقصد اصلاح ہوتا ہے۔ اس کے ذریعے خامیوں کی نشاندہی کی جاتی ہے تاکہ لوگ ان کی طرف متوجہ ہو کر ان سے نجات حاصل کر سکیں۔

Scanned with CamScanner

# PUNCTUATION رموزِ اوقاف

DATE

سوال ۱) رموزِ اوقاف کسے کہتے ہیں؟

ج۔ رموز، رمز کی جمع ہے۔ اس کے معانی اشارہ کے ہیں۔ اوقاف، وقف کی جمع ہے اس کے معانی الگ کی ہوئی چیز کے ہیں۔ قواعد کی اصطلاح میں رموزِ اوقاف ان علامتوں کو کہتے ہیں جو دو لفظوں یا فقروں کو ایک دوسرے سے علیحدہ کرتی ہیں۔

سوال ۲) اردو زبان دانی میں رموزِ اوقاف کی کیا اہمیت ہے؟

ج۔ عبارت میں لگائی جانے والی وقف کی علامات بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ ان کے استعمال سے عبارت کا مطلب واضح ہوتا ہے۔ ان علامات کے استعمال سے قاری کو عبارت سمجھنے اور پڑھنے میں مدد ملتی ہے یہ علامات نہ ہوں تو عبارت بے ربط ہو جاتی ہے۔ ان کے نہ ہونے یا درست استعمال نہ کرنے سے جملے کے معانی تبدیل ہو جاتے ہیں۔

مثال: اُس نے کہا: بیٹھو مت جاؤ۔
اُس نے کہا: بیٹھو، مت جاؤ۔
اُس نے کہا: بیٹھو مت، جاؤ۔

(رموزِ اوقاف مع علامت، تعریف و امثلہ)

سوال-۳) سکتہ کی تعریف مع علامت و مثال لکھیے۔

ج۔ سکتہ ، Comma ،

یہ علامت مختصر ٹھہراؤ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اس پر پڑھنے والے کو تھوڑی دیر ٹھہرنا چاہیے۔
سکتہ ایک سے زیادہ چیزوں کے اظہار میں ہر ایک کے بعد لگایا جاتا ہے۔
مثال: میں نے قلم، کتاب، پنسل اور کاپی خریدی۔
سکتہ عام طور پر جملے کو توڑنے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔
مثال: ہم جس دن کراچی پہنچے، اسی دن سمندری طوفان آگیا۔

سوال-۴) وقفہ کی تعریف مع علامت و مثال لکھیے۔

ج۔ وقفہ ؛ Semi Colon ؛

جب سکتے سے زیادہ ٹھہراؤ کی ضرورت ہو تو وقفہ کی علامت استعمال کرتے ہیں۔ جب کسی بڑے جملے میں کئی چھوٹے جملے ہوں تو انھیں الگ کرنے یا ان پر زور دینے کے لیے علامت وقف لگائی جاتی ہے۔ مثال ۱) تم آؤ گے تو ہمیں خوشی ہوگی؛ نہ آؤ گے تو صبر کر لیں گے۔
مثال ۲) جب دنیا میں نیکی دب جاتی ہے؛ جب ہر طرف خود غرضی اور بدعنوانی کا دور دورہ ہوتا ہے؛ جب شرافت منہ چھپائے پھرتی ہے؛ جب ظلم



Scanned with CamScanner

DATE

کا نام بہادری ہو جاتا ہے تو ایسے گھٹا ٹوپ اندھیرے میں کوئی اللہ کا پیارا حق و صداقت کا علم لے کر میدان میں اترتا ہے۔

سوال ۵) رابطہ کی تعریف مع علامت و مثال کریں۔

Colon :

ج۔ رابطہ :

جہاں وقفے سے زیادہ رُکنا ہو یا کسی عبارت میں ذیلی عنوان دیے جائیں یا پھر کسی بات کی وضاحت کرنی ہو تو رابطہ کی علامت استعمال کرتے ہیں۔ کسی کا قول بیان کرنے یا تمہیدی جملے کے بعد یہ علامت لگائی جاتی ہے۔ دو ایسے جملوں کے درمیان جو ایک دوسرے کی ضد ہوں لیکن مل کر جملہ مکمل کریں، استعمال ہوتی ہے

مثال۔ بقول شاعر: آدمی کو صاحب کردار ہونا چاہیے۔

قائداعظم نے فرمایا: کام، کام اور صرف کام۔

انسان چل سکتا ہے: اڑ نہیں سکتا۔ کیا خوب سودا نقد ہے: اس ہاتھ دے اس ہاتھ لے

سوال ۶) تفصیلیہ کی تعریف مع علامت و مثال کیجیے۔

Colon & Dash :-

ج۔ تفصیلیہ :-

تفصیلیہ کے معانی تشریح یا فہرست کے ہیں یہ علامت کسی چیز کی تفصیل بیان کرنے، مثال یا فہرست کے لیے لگائی جاتی ہے۔

مثال: ہمارے ملک میں درج ذیل اجناس وافر مقدار میں پیدا ہوتی ہیں :-

گندم، چاول، گنا اور کپاس وغیرہ۔

حروف اضافت سے مل کر بننے والے مرکب کو مرکب اضافی کہتے ہیں۔ مثلاً :- خالد کا گھر، احمد کی کار

سوال ۷) واوین کی تعریف مع علامت و مثال کیجیے۔

Inverted Comma " "

ج۔ واوین " "

جب کوئی اقتباس دیا جائے یا کسی کا قول نقل کیا جائے تو اس کے آغاز اور اختتام پر یہ علامت لگائی جاتی ہے

مثال: کسی نے کیا خوب کہا ہے، "خدا ان کی مدد کرتا ہے جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں"۔

Full stop .

سوال ۸) ختمہ کی تعریف مع علامت و مثال کیجیے۔ ختمہ -

ج۔ جہاں زیادہ رکنا ہو یا جملہ مکمل ہو رہا ہو وہاں ختمہ کی علامت لگائی جاتی ہے۔

مثال: صبح اٹھنا صحت کے لیے مفید ہے۔

اس کے علاوہ انگریزی مخففات کے درمیان بھی ختمہ کی علامت استعمال ہوتی ہے۔

مثال: ایف۔ ایس۔ سی

سوال ۹) سوالیہ/استفہامیہ کی تعریف مع علامت و مثال کیجیے۔

Sign of interrogation ?

ج۔ سوالیہ/استفہامیہ ؟

یہ علامت سوالیہ جملوں کے آخر میں لگائی جاتی ہے۔

مثال: یہ کیا ہے؟ آپ کہاں ہیں؟ میچ کون جیتا؟



Scanned with CamScanner

DATE

سوال ۱۰) فجائیہ کی تعریف مع علامت و مثال کیجیے۔

ج فجائیہ ! Sign of exclamation !

کسی بھی جذبے، محبت، نفرت، غصہ، خوشی، غم، تنبیہ یا تعریف کا اظہار کرنا ہو تو یہ علامت لگائی جاتی ہے۔ شاباش! تم ضرور کامیاب ہو گے۔ خبردار! وہاں خطرہ ہے۔

س) ندائیہ کی تعریف مع علامت و مثال کیجیے۔

ج ندائیہ !

کسی کو پکارنا یا مخاطب کرنا مقصود ہو تو ندائیہ کی علامت لگائی جاتی ہے۔

مثال: اے لڑکے! ذرا ادھر آؤ۔ محترم والدین!

س) استعجابیہ کی تعریف مع علامت و مثال کیجیے۔

ج استعجابیہ !

ایسے الفاظ جن سے تعجب کا اظہار ہو ان کے بعد یہ علامت لگائی جاتی ہے۔

مثال: ارے! آپ اور یہاں؟

سوال ۱۱) قوسین / خطوطِ وحدانی کی تعریف مع علامت و مثال کیجیے۔

ج۔ قوسین / خطوط وحدانی ( ) Brackets ( )

قوسین، قوس (کمان) کی جمع ہے۔ یہ علامت جملہ معترضہ یا کسی چیز کی تشریح کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ عبارت میں ایسا جملہ یا بیان جس کا اصل مضمون سے تعلق نہ ہو یا جس کی موجودگی یا عدم موجودگی سے جملے کی صحت پر کوئی اثر نہ ہو۔ قوسین میں لکھا جاتا ہے۔

مثال: واجد (خدا بہشت نصیب کرے) اچھا آدمی تھا۔

سوال ۱۲) علامتِ حذف کی تعریف مع علامت و مثال کیجیے۔

ج۔ علامتِ حذف ------- Sign of omission

جب عبارت میں کسی چیز کا ذکر نہ کرنا ہو تو یہ علامت استعمال کی جاتی ہے۔

مثال: کل پولیس نے چند نوجوانوں کو -------- رنگے ہاتھوں پکڑ لیا۔

سوال ۱۳) خط کی تعریف مع علامت و مثال کیجیے۔

ج۔ علامت خط — یہ علامت جملہ معترضہ سے پہلے اور آخر میں لگائی جاتی ہے۔ نیز چھوڑے گئے (محذوف) کلمات کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے۔

مثال: میری رائے میں — اگرچہ میں ماہر تعلیم تو نہیں ہوں — ہمارے نظام (تعلیم) میں بہت سی خامیاں ہیں۔

زاہد اور — آپ کے پاس آئیں گے۔



Scanned with CamScanner

DATE

سوال ۱۴) خط فاصل کی تعریف مع مثال کیجیے۔

ج۔ خطِ فاصل / Slash/oblique

مختلف قسم کے بیانات کے اندراجات میں، متبادل اسماء اور افعال کے درمیان خط فاصل لگایا جاتا ہے۔ مثال: تصدیق کی جاتی ہے مسمٰی/مسماۃ، بن/بنت

مختلف تواریخ کے درمیان ۹ اپریل/ ۱۴ اگست/ 28 نومبر

سوال ۱۵) علامت حاشیہ کی تعریف مع مثال کیجیے۔

ج۔ علامت حاشیہ ؎ Sign of marginal note

جب کسی عبارت میں کچھ امور وضاحت طلب ہوں تو علامت حاشیہ لگا کر آخر میں اسکی وضاحت حاشیہ میں لکھ دی جاتی ہے۔

مثال: اس کے پیٹ میں درد ہو رہا تھا، غالباً قولنج کا تھا۔

احمد کل بمبئی سے پاکستان آیا۔

---

۱۔ ایک شدید درد جو بڑی آنت (colon) میں ہوتا ہے۔

۲۔ بمبئی کا نیا نام ممبئی ہے یہ ہندوستان کا شہر ہے۔

سوال ۱۶) علامت ترک کی تعریف مع مثال کیجیے۔

ج۔ علامت ترک ^ Note of omission

یہ علامت وہاں استعمال ہوتی ہے۔ جہاں عبارت میں کوئی لفظ یا فقرہ تحریر میں آنے سے رہ گیا ہو یہ علامت درمیان میں لگا کر اوپر لفظ یا فقرہ لکھ دیا جاتا ہے۔

مثال: اُس نے مجھے اپنے (دل) کی ساری باتیں بتا دی تھیں۔

---

* علامت تخلص ؔ Sign of Pen name

وہ مختصر نام جسے شاعر اپنے اصل نام کے آخر میں اختیار کر لیتے ہیں۔ یہ علامت اس نام پر ڈالی جاتی ہے۔ مثال: اسد اللہ خان غالبؔ الطاف حسین حالیؔ

* علامتِ مصرع ع ع Sign of a verse line

عبارت میں یا ویسے بھی شعر کا مصرع الگ سے لکھا جائے تو اس کی پہچان کے لیے یہ علامت لگائی جاتی ہے۔ مثال: ع خاک ہو جائیں گے ہم، تم کو خبر ہونے تک

* علامتِ شعر ؎ Sign of verse

یہ علامت شعر کی پہچان کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔

؎ ہم خود تراشتے ہیں منازل کے سنگ راہ
ہم وہ نہیں ہیں جن کو زمانہ بنا گیا



Scanned with CamScanner

DATE

## سوال ۔ مرکب کسے کہتے ہیں ؟ مثالوں سے واضح کریں۔

جواب ۔ دو یا دو سے زائد کلموں/الفاظ کا مجموعہ جس کے اجزاء میں تعلق پایا جائے مرکب کہلاتا ہے۔ جیسے اہل دل ، صفحۂ ہستی ، غمِ زندگی وغیرہ

مرکب کی دو اقسام ہیں۔

i) مرکب تام یا کلام تام

ii) مرکب ناقص یا کلام ناقص

## سوال ۔ مرکب تام کی تعریف کریں اور مثالوں سے واضح کریں۔

مرکب تام : دو یا دو سے زائد بامعنی الفاظ جن سے بات مکمل ہو رہی ہو۔ جیسے پڑھ کر پورا مطلب سمجھ آجائے مرکب تام کہلاتا ہے۔ جیسے

میرا گھر ، احمد سویا ، خدا پر بھروسہ رکھو ، ہمیشہ سچ بولو وغیرہ ۔

اسے کلام تام یا جملہ بھی کہتے ہیں۔ جیسے عادل نیک ہے۔

## سوال ۔ مرکب ناقص کی تعریف مع امثلہ کریں۔

مرکب ناقص : دو یا دو سے زائد الفاظ کا مجموعہ جسے پڑھ کر پورا مطلب سمجھ میں نہ آئے مرکب ناقص کہلاتا ہے ۔ جیسے

ذہین بچہ ، آسمان پر ، دو کلو ، میدانِ وفا وغیرہ

**نوٹ :** مرکب ناقص کی (۱۶) سولہ اقسام ہیں۔ یہاں پر شامل نصاب اقسام کا ذکر کیا گیا ہے۔

## (مرکب ناقص کی اقسام، تعریف اور مثالیں)

۱) مرکب اضافی (۲) مرکب توصیفی (۳) مرکب عطفی (۴) مرکب عددی (۵) مرکب ج

(۶) مرکب اشاری (۷) مرکب امتزاجی (۸) مرکب تابع موضوع (۹) مرکب تابع مہمل

۱) **مرکب اضافی :** لفظوں کا مجموعہ جن میں ایک اسم کا تعلق دوسرے اسم سے ظاہر ہو۔ ان کے درمیان حروف اضافت کا، کے، کی استعمال ہوتا ہے جس اسم کا تعلق ظاہر کیا جائے وہ مضاف اور جس اسم سے تعلق ظاہر کیا جائے مضاف الیہ کہلاتا ہے۔



Scanned with CamScanner

DATE

جیسے امجد کی ٹوپی

مضاف ← حرف اضافت ← مضاف الیہ

سعد کا بیٹا، عمر کے کپڑے، کوچۂ جاناں، جوئے نغمہ، فخرِ قوم وغیرہ

۲) **مرکب توصیفی:** لفظوں کا مجموعہ جو کسی کی خصوصیت کو ظاہر کرے۔ مرکب توصیفی کہلاتا ہے۔ وہ مرکب جو صفت اور موصوف سے مل کر بنتا ہے۔ جیسے
ٹھنڈا پانی، گرم روٹی، حسین چہرہ، بے وقوف آدمی
ان مثالوں میں ٹھنڈا، گرم، حسین اور بے وقوف صفت ہیں
پانی، روٹی، چہرہ اور آدمی موصوف ہیں

۳) **مرکب عطفی:** ایسے الفاظ جو حروف عطف سے جڑے ہوں مرکب عطفی کہلاتے ہیں
یہ معطوف علیہ اور معطوف سے مل کر بنتا ہے۔ حروف عطف و، اور
جیسے: دن اور رات، امیر و غریب

معطوف علیہ ← حرف عطف ← معطوف

۴) **مرکب عددی:** لفظوں کا مجموعہ جو کسی چیز کی تعداد کو ظاہر کرے۔ یہ عدد اور معدود سے مل کر بنتا ہے۔ جیسے
چار لڑکے، دس کتابیں، سو سال۔ ان مثالوں میں
چار، دس، سو یہ عدد ہیں جبکہ لڑکے، کتابیں، سال یہ معدود

۵) **مرکب جاری:** لفظوں کا مجموعہ جس میں بات کا سلسلہ جاری ہو مگر نامکمل ہو۔
یہ حروف جار اور مجرور سے مل کر بنتا ہے۔ جیسے
مسجد میں، چھت پر، لاہور سے، کراچی تک۔ ان مثالوں میں
مسجد، چھت، لاہور، کراچی یہ مجرور جبکہ میں، پر، سے، تک حروف جار

۶) **مرکب اشاری:** لفظوں کا مجموعہ جو کسی کی طرف اشارہ کرے۔ یہ اسم اشارہ اور مشار الیہ سے مل کر بنتا ہے۔ جیسے وہ پرندہ، یہ دیوار۔ ان مثالوں میں یہ، وہ یہ اسم اشارہ جبکہ پرندہ، دیوار یہ مشار الیہ ہیں

پروفیسر راشد داو



Scanned with CamScanner

DATE

**مرکب امتزاجی :** جب دو یا دو سے زیادہ لفظ مل کر ایک اسم ہو گئے ہوں مرکب امتزاجی کہلاتا ہے۔ جیسے اعظم گڑھ ، محمد حسین ، فیصل آباد وغیرہ

**مرکب تابع موضوع :** لفظوں کا ایسا مجموعہ جس میں ایک بامعنی لفظ کے ساتھ دوسرا بامعنی لفظ ملا کر بولا جاتا ہے۔ مگر یہ دوسرا بامعنی لفظ پہلے بامعنی لفظ کے ساتھ مل کر کوئی معنی نہیں دیتا۔ یہ الفاظ تابع موضوع کہلاتے ہیں۔ جیسے
رونا دھونا ، دیکھ بھال ، چال ڈھال ان مثالوں میں ،
رونا ، دیکھ ، چال ← متبوع ہیں جبکہ دھونا ، بھال ، ڈھال ← تابع موضوع

**مرکب تابع مہمل :** دو ایسے لفظوں کا مجموعہ جس میں ایک بامعنی لفظ کے ساتھ دوسرا بے معنی لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے
روٹی ووٹی ، سچ مچ ، غلط سلط ، جھوٹ موٹ ان مثالوں میں
روٹی ، سچ ، غلط ، جھوٹ ← متبوع ہیں جبکہ ووٹی ، مچ ، سلط ، موٹ ← تابع مہمل



Scanned with CamScanner

DATE

## سوال۔ مرکب جملے کیا ہوتے ہیں؟ مثالوں سے واضح کریں۔

جواب۔ دو یا دو سے زائد جملوں کے مجموعے کو مرکب جملے کہتے ہیں۔ بعض اوقات دو مفرد جملے مل کر ایک مفہوم کو واضح کرتے ہیں۔

مثلاً: اگر تم نہ آئے تو میں ناراض ہو جاؤں گا۔

کبھی مرکب جملے میں موجود دونوں جملے الگ حیثیت رکھتے ہیں۔ معنی کے لحاظ سے ایک جملہ دوسرے جملے کا محتاج نہیں ہوتا۔

مثلاً: احمد جیتا اور عادل ہار گیا۔

کبھی مرکب جملے میں ایک جملہ اصل ہوتا ہے اور دوسرا اس کے ماتحت (تابع) ہوتا ہے کہ جب تک دوسرے جملے کو ساتھ نہ ملایا جائے مطلب پورا نہیں ہوتا۔

مثلاً: وہ انگوٹھی جو گم ہو گئی تھی، مل گئی ہے۔

## مرکب جملوں کی اقسام

۱) استدراکی جملے (۲) سببی جملے (۳) تابع جملے (۴) وصلی جملے

## سوال۔ استدراکی جملے کی تعریف مع امثلہ کریں۔

جواب۔ ایسے مرکب جملے جن میں دو جملوں کا باہم مقابلہ کیا جاتا ہے استدراکی جملے کہلاتے ہیں۔ اس طرح کے جملوں میں مگر، لیکن، اور، پر، بلکہ، سو وغیرہ استعمال ہوتے ہیں۔ ان کی تین اقسام ہیں۔

۱) دوسرا جملہ پہلے کے خلاف یا اس کی نفی کرے۔ مثلاً:

- وہ ترقی کرتے ہوئے کہاں جا پہنچا مگر میں وہیں کا وہیں ہوں۔
- اتنا معمولی کپڑا اور اس قدر مہنگا۔
- وہ لائق تو بہت ہے مگر محنتی نہیں۔
- میری تنخواہ معقول ہے پر گزارہ مشکل سے ہوتا ہے۔
- اگرچہ وہ امیر ہے لیکن کنجوس ہے۔

۲) دوسرا جملہ پہلے جملے کو محدود یا مقید کرے۔ مثلاً

- وہ وعدے تو کرتا ہے لیکن یاد نہیں رکھتا۔



Scanned with CamScanner

DATE

- وہ غریب تو ہے پر چور نہیں۔
- احمد وسیع علم رکھتا ہے لیکن عمل کہیں نظر نہیں آتا۔
- وہ دوست تو ہے پر مصیبت کا ساتھی نہیں۔

۳) دوسرا بیان، پہلے بیان کی توسیع یا تصدیق کرے۔
- اس نے صرف خود غرضی ہی نہیں کی بلکہ طرح طرح کی تکالیف بھی پہنچائیں۔
- اکبر صرف ظالم ہی نہیں بلکہ قاتل بھی ہے۔
- اسے میرا ساتھ پسند نہیں تھا سو میں کنارہ کش ہو گیا۔

## سوال۔ سببی جملے کی تعریف کریں اور مثالوں سے واضح کریں۔

جواب۔ ایسے مرکب جملے جن میں دوسرا جملہ پہلے جملے کی وجہ، سبب یا نتیجے کو ظاہر کرے۔ ان جملوں سے پہلے کیوں کہ، اس لیے، اس واسطے، لہٰذا، پس وغیرہ کا استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً:

- وہ بہت بیمار تھا اس لیے کالج نہیں آیا۔
- اسے سزا ملی کیونکہ وہ بے ایمان تھا۔
- چونکہ وہ بے حد حسین ہے اس لیے مغرور ہے۔
- وہ غریب ہے لہٰذا اس کی مدد کی جائے۔

## سوال۔ تابع جملے کیا ہوتے ہیں، ان کی کتنی اقسام ہیں مثالوں سے واضح کریں

جواب۔ اصل جملے کو خاص جملہ اور ماتحت جملے کو تابع جملہ کہتے ہیں۔ یعنی دوسرے (تابع) جملے میں کوئی نامکمل بات ہوتی ہے۔ پہلا خاص جملہ اُسے مکمل کرتا ہے۔

تابع جملے کی تین اقسام ہیں: اسمی جملے، وصفی جملے، تمیزی جملے مثلاً

- سب جانتے ہیں کہ احمد ایماندار ہے۔ (اسمی جملہ)
- جو خوبیاں ماں میں تھیں وہ بیٹی میں بھی موجود ہیں۔ (وصفی جملہ)
- جس وقت میں پہنچا، گاڑی جا چکی تھی۔ (تمیزی جملہ)

IQRA

DATE

## سوال۔ اسمی جملے کون سے ہوتے ہیں؟ مثالوں سے واضح کریں۔

جواب۔ مرکب جملے میں اگر دوسرا (تابع) جملہ اسم کے طور پر استعمال ہو تو اسے اسمی جملہ کہتے ہیں۔ یہ عموماً "کہ" سے شروع ہوتا ہے۔ مثلاً

- اس نے کہا کہ میں بیمار ہوں۔
- کون نہیں جانتا کہ وہ ایک شریف آدمی ہے۔
- اس نے کہا کہ وہ ہر حال میں میری مدد کرے گا۔

← بعض اوقات "کہ" جملے میں شامل نہیں ہوتا۔ جیسے:

- میں نے کہا جاؤ اب نہ آنا۔

← کبھی اسمی جملوں میں "کہ" سے پہلے "اس لیے" بھی استعمال ہوتا ہے۔ جیسے:

- وہ اس بچے سے بڑی محبت کرتا ہے اس لیے کہ وہ اس کا اکلوتا بیٹا ہے۔
- انور سالگرہ میں نہیں آیا اس لیے کہ وہ ناراض ہے۔

← بعض اوقات تابع جملہ منفی فقرے کے اظہار کے لیے "ایسا نہ ہو" کے ساتھ آتا ہے۔ جیسے:

- اس کے بچوں کو تنگ نہ کرو ایسا نہ ہو کہ وہ خفا ہو جائے۔
- شرط نہ لگاؤ ایسا نہ ہو کہ تم ہار جاؤ۔

← تابع جملے میں ناممکن کا ذکر ہو تو "کہ" کی جگہ "جو" استعمال ہوتا ہے۔ جیسے:

- اس کی کیا جرأت جو میرے سامنے ایسی حرکت کرے۔
- اس کی جرأت ہے جو وہ انکار کرے۔

## سوال۔ وصفی جملوں کی تعریف مع امثلہ کریں۔

جواب۔ مرکب جملے میں دوسرا (تابع) جملہ صفت کا کام کرے تو وصفی جملہ کہلاتا ہے۔ یہ عموماً "جو" سے شروع ہوتا ہے۔ جیسے:

- استاد نے انہی لڑکوں کے نام پکارے جو رجسٹر میں درج تھے۔
- کون ہے جو اس غریب کی مدد کرے۔
- تم میں اتنی طاقت ہے جو یہ بوجھ اٹھا سکو۔
- میں اتنا بے وقوف نہیں جو شیر کے منہ میں ہاتھ ڈالوں۔
- ایسی مثال قائم کرو جو دنیا یاد رکھے۔



پروفیسر راشد راو

Scanned with CamScanner

DATE

## سوال۔ تمیزی جملے کیا ہوتے ہیں؟ مثال سے واضح کریں۔

جواب۔ ایسے جملے جن میں دوسرا (تابع) جملہ پہلے (اصل) جملے کی جگہ، وقت، علت اور طور طریقے کے لحاظ سے وضاحت کرتا ہو تمیزی جملہ کہلاتا ہے۔ مثلاً:

- جو بوؤ گے : سو کاٹو گے۔
- جونہی ہم گھر سے نکلے، بارش شروع ہو گئی۔
- جب میں پہنچا وہ جا چکا تھا۔
- جدھر دیکھتا ہوں ادھر تو ہی نظر آتا ہے۔

## سوال۔ وصلی جملوں کی تعریف کریں اور مثالوں سے واضح کریں۔

جواب۔ وصلی جملوں کو جملہ معطوفہ بھی کہتے ہیں۔
ایسے جملے جو حروف عطف سے ملائے گئے ہوں وصلی جملے کہلاتے ہیں۔ یہ دونوں جملے اپنی الگ حیثیت میں مکمل ہوتے ہیں۔ ایک جملہ دوسرے جملے کی وضاحت یا تکمیل نہیں کرتا۔ ان جملوں میں اور، پھر استعمال ہوتا ہے۔ جیسے

- سعد آیا اور احمد چلا گیا۔
- تقریر کا وقت آن پہنچا ہے اور مجھے اپنی نشست پر سے اٹھنا ہے۔
- تھوڑی دیر پڑھو پھر سو جاؤ۔
- پوری بات سن لو پھر فیصلہ کرو۔

**نوٹ:** بعض اوقات حروف عطف تردیدی جملوں کو جدا کرتے ہیں۔ ان میں یا، ورنہ، نہ، خواہ، چاہے وغیرہ استعمال ہوتے ہیں۔

**تردیدی جملے:**

- اسے گھر بھیج دو یا باہر نکال دو۔
- تم میرے دوست ہو یا دشمن۔
- کھیتوں کو وقت پر پانی ملنا چاہیے ورنہ فصل تباہ ہو جائے گی۔
- خواہ تم آؤ خواہ اسے بھیج دو۔
- کافی پی لو چاہے جوس پی لو۔
- خود کھایا نہ اسے کھانے دیا۔



Scanned with CamScanner

# حروف

**حرف:** حرف وہ کلمہ ہے جو تنہا کوئی معنی نہیں رکھتا بلکہ دوسرے کلمات کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہے۔ اگر حرف نہ ہو تو کلام میں کوئی ربط پیدا نہیں ہو سکتا۔

(حُرف کی اقسام) * حروف ربط کی اقسام

**۱) حروفِ جار:** وہ حروف جو اسم کو فعل سے ملاتے ہیں۔ جیسے
میں نے صبح سے شام تک کام کیا۔
راشد کمرے میں تھا۔ کتاب میز پر رکھ دو۔
سے، میں، پر، تک، اوپر، ساتھ، سامنے وغیرہ حرف جار ہیں۔

**۲) حروفِ اضافت:**
وہ حروف جو دو اسموں کے باہمی تعلق کو ظاہر کرتے ہیں۔ جیسے
عدنان کا بھائی۔ احمد کی کتاب۔ اکرم کے دوست۔
ان مثالوں میں کا، کی، کے حروفِ اضافت ہیں۔

*** حروفِ عطف:**
جو حروف دو یا دو سے زیادہ لفظوں یا دو جملوں کو ملاتے ہیں حروف عطف کہلاتے ہیں۔ جیسے
حامد اور اکرم آئے۔ محسن شب و روز محنت کرتا ہے۔ عامر جیتا اور عادل ہار گیا۔ پہلے نعیم آیا پھر جمیل۔
اور، و، پھر، کر، نیز حروف عطف ہیں۔

**حرف عطف کی اقسام:**

**۱) حروفِ وصل:** اور - و - کہ - یا - کیا حرفِ وصل ہیں۔
وہ ذہین اور محنتی طالب العلم ہے۔
تم میرے دوست ہو یا دشمن۔

**۲) حروفِ تردید:**
دو چیزوں میں سے کسی ایک کے تعین کے لیے (انتخاب) استعمال ہونے والے حروف، حروف تردید کہلاتے ہیں۔
نہ - یا - تو - خواہ - چاہے چاہے کافی پی لو چاہے جوس۔
وہ زندہ ہے یا مر گیا۔ خواہ تم آؤ خواہ اسے بھیج دو۔

**۳) حروفِ استدراک:**
جب پہلے جملے میں کسی طرح کا شبہ ہو تو دوسرے جملے میں جن الفاظ کو لا کر اس شبے کو دور کرتے ہیں وہ حروف استدراک کہلاتے ہیں۔
(اگرچہ - لیکن) مگر - لیکن - بلکہ - پر - سو - البتہ
اگرچہ وہ امیر ہے لیکن بہت کنجوس ہے۔ وہ ذہین تو ہے البتہ محنتی نہیں۔

پروفیسر راشدہ راو

Scanned with CamScanner

۴) حروفِ استثناء :

ایسے حروف جو ایک شے کو دوسری سے الگ کرتے ہیں حروف استثناء کہلاتے ہیں۔

جز ۔ سوا ۔ مگر

تیرے سوا میرا کوئی مددگار نہیں۔ ان کی سب باتیں درست ہیں مگر یہ صحیح نہیں۔

۵) حروفِ شرط :

جس شے پر کسی دوسری شے کا ہونا منحصر ہو اس شے سے پہلے حروف شرط لاتے ہیں۔

اگر ۔ اگرچہ ۔ جب ۔ جوں جوں ۔ تاکہ ۔ ورنہ

اگر تم روزانہ سیر کرو تو ہر بیماری سے بچے رہو گے۔

مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔

۶) حروفِ علت :

یہ حروف کسی بات کا سبب یا وجہ ظاہر کرتے ہیں۔

کیونکہ ۔ اس لیے ۔ اس واسطے ۔ تاکہ ۔ لہٰذا

چونکہ تم فیل ہو گئے ہو لہٰذا انعام کے حقدار نہیں۔

چونکہ وہ نہیں آیا اس لیے میں بھی نہیں گیا۔ محنت کرو تاکہ کامیاب ہو سکو۔

* حروفِ تخصیص :

حروف تخصیص ایسے حروف کو کہتے ہیں جو کسی اسم یا فعل کے ساتھ لائے جائیں تو خصوصیت کو ظاہر کریں۔

ہی ۔ صرف ۔ محض ۔ فقط ۔ اکیلا ۔

اللہ ہی ہمارا خالق ہے۔ دنیا محض دھوکا ہے۔ میں اکیلا کیا کر سکتا ہوں۔

* حروفِ قسم :

وہ حروف جو قسم کھانے کے لیے استعمال ہوں۔ جیسے :

بخدا میں نے زید کو نہیں مارا۔ واللہ یہی درست ہے۔ حقاً کہ خداوند ہے تو لوح و قلم کا

ان مثالوں میں "بخدا" کی "ب"، "واللہ" کی "و" اور "حقاً" کا "الف" حروفِ قسم ہیں۔

* حروفِ تاکید :

وہ حروف جن سے کلام میں زور پیدا ہوتا ہے۔ جیسے : آپ ضرور وہاں جائیں۔

وہ ایسی حرکت ہرگز نہیں کر سکتا۔ یہ خبر بالکل غلط ہے۔

ضرور، بالکل، ہرگز، مطلقاً۔ کبھی حروف تاکید ہیں۔

Scanned with CamScanner

★ **حروفِ تنبیہ:** وہ حروف جو ڈرانے اور خبردار کرنے کے موقع پر بولے جائیں۔
جیسے: خبردار! آئندہ ایسی حرکت نہ کرنا۔ دیکھنا! کہیں چوٹ نہ آجائے۔
خبردار۔ دیکھنا۔ ہائیں ہیں۔ ہوں۔ دیکھو تو۔ سنو تو حروفِ تنبیہ ہیں۔

★ **حروفِ تشبیہ:** وہ حروف جو ایک چیز کو دوسری چیز جیسا ظاہر کرنے کے معنی دیں۔
جیسے: پھول سا چہرہ زرد پڑ گیا۔ یہ تو ہو بہو وہی تصویر ہے۔
طرح۔ مانند۔ جیسا۔ سا۔ ہو بہو حروفِ تشبیہ ہیں۔

★ **حروفِ استفہام:** وہ حروف جو پوچھنے کے موقع پر بولے جاتے ہیں۔ جیسے:
آپ کل کہاں تھے؟ وہ آج کیوں نہیں آیا؟
کہاں۔ کیوں۔ کب۔ کیسے۔ کون حروفِ استفہام ہیں۔

★ **حروفِ ندا:** وہ حروف جو پکارنے کے لیے بولے جائیں۔ جیسے: اے خدا! ہماری فریاد سن۔
میاں! تم میری بات نہیں سمجھے۔
اے۔ ارے۔ میاں۔ اجی۔ او حروفِ ندا ہیں۔

★ **حروفِ ایجاب:** وہ حروف جو پکارنے کے جواب میں یا کسی بات کے اقرار کرنے کے لیے بولے جائیں۔ جیسے: ہاں جی۔ اچھا۔ ٹھیک۔ بہتر۔ بجا وغیرہ

★ **حروفِ ندبہ و تاسف:** وہ حروف جو افسوس کے مقام پر بولے جاتے ہیں۔
جیسے: ہائے ہائے! ہم کہیں کے نہ رہے۔ افسوس! تم نے وقت کی قدر نہ کی۔
ہائے۔ ہائے ہائے۔ افسوس۔ آہ۔

★ **حروفِ ظرفیت:** جو کسی مقام، ظرفیت میں بولے جائیں۔ مثلاً۔
یہاں۔ وہاں، ادھر، جدھر ظرفِ مکاں کے لیے
اب۔ جب۔ کب۔ ابھی۔ ظرفِ زماں کے لیے

★ **حروفِ مفاجات:** وہ حروف جو کسی امر کے ناگہاں واقع ہونے پر بولے جاتے ہیں۔ جیسے: اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ یکایک بارش ہونے لگی۔
دفعتاً۔ اچانک۔ ناگہاں۔ یکایک حروفِ مفاجات ہیں۔

★ **حروفِ تمنا:** جو حروف آرزو کے موقع پر بولے جائیں۔ جیسے: کاش! تم وہاں نہ جاتے۔ اے کاش! میں بھی وہ منظر دیکھتا۔

★ **حروفِ تحسین و آفرین:** وہ حروف جو تعریف کے مقام پر بولے جائیں۔
جیسے: آفرین۔ شاباش۔ بہت خوب، واہ واہ، سبحان اللہ
شاباش! تم نے خاندان کا نام روشن کر دیا۔ سبحان اللہ! کیسا حسین چہرہ ہے۔

★ **حروفِ نفرین:** وہ حروف جو نفرت کے موقع پر بولے جاتے ہیں۔ جیسے:
تف ہے! تمھاری جوانی پر۔ خدا کی مار! اپنے ہی بھائی کو مار ڈالا۔
لعنت۔ تف۔ خدا کی مار۔ دور دور حروفِ نفرین ہیں۔

پروفیسر داشدہ راؤ

Scanned with CamScanner

★ **حروفِ تحقیر:** وہ حروف جو حقارت کے اظہار کے لیے بولے جاتے ہیں۔
جیسے: چھی۔ خے۔ دھت۔ حروف تحقیر ہیں۔

★ **حروفِ تعجب:** وہ حروف جو تعجب یا حیرانی کے موقع پر بولے جاتے ہیں۔
جیسے: اللہ اکبر۔ لاحول ولا قوۃ۔ اوہو۔

★ **حروفِ انبساط:** وہ حروف جو مسرت یا خوشی سے زبان پر آتے ہیں۔
جیسے ہاہا۔ واہ واہ۔ ماشاءاللہ

## (معروضی سوالات)

| سوالات | جوابات |
|---|---|
| نمک کی کان کھیوڑہ میں ہے۔ خط کشیدہ حرف کیا کہلاتا ہے؟ | حرف اضافت |
| اس نے لاہور سے پشاور تک ہوائی سفر کیا۔ خط کشیدہ حرف کیا ہیں؟ | حرف جار |
| کچھ دیر آرام کر لو پھر چلے جانا۔ ،، ،، ،، ،، | حرف عطف |
| وہ تمہارا دوست ہے یا دشمن۔ ،، ،، ،، ،، | حرف وصل |
| چاہے مانو چاہے نہ مانو۔ ،، ،، ،، ،، | حرف تردید |
| وہ غریب تو ہے لیکن بے ایمان نہیں۔ ،، ،، ،، ،، | حرف استدراک |
| جز تمہارے یہاں کوئی نہیں آتا۔ ،، ،، ،، ،، | حرف استثناء |
| یہ کون سا علاقہ ہے؟ ،، ،، ،، ،، | حرف استفہام |
| شام ہی سے بجھا سا رہتا ہے دل ہے گویا چراغ مفلس کا ،، ،، ،، ،، | حرف تشبیہ |
| جزاک اللہ! تم خلق خدا کی خدمت کر رہے ہو۔ ،، ،، ،، ،، | حرف تحسین |
| چھی! تم اتنا گر سکتے ہو۔ ،، ،، ،، ،، | حرف تحقیر |
| ناگہاں آگ بھڑک اٹھی۔ ،، ،، ،، ،، | حرف مفاجات |
| استغفراللہ! جائیداد کے لئے بھتیجا قتل کر دیا۔ ،، ،، ،، ،، | حرف نفرین |
| خوب محنت کرو تاکہ کامیاب ہو سکو۔ ،، ،، ،، ،، | حرف شرط |
| وہ بے حد حسین ہے اس لئے مغرور ہے۔ ،، ،، ،، ،، | حرف علت |
| فقط تم ہی میرے دوست ہو۔ ،، ،، ،، ،، | حرف تخصیص |
| افسوس! تم نے میری بات نہ مانی۔ ،، ،، ،، ،، | حرف تاسف |
| اے لوگو! اللہ سے ڈرو۔ | حرف ندا |
| ہاہا! ہم نے میدان مار لیا۔ | حرف انبساط |
| اللہ اکبر! اتنی بے حیائی۔ | حرف تعجب |
| تم کبھی جھوٹ نہ بولنا۔ | حرف تاکید |
| دیکھو! بری صحبت تمہیں برباد کر دے گی۔ | حرف تنبیہ |
| کاش! تم چند لمحے پہلے آ جاتے۔ | حرف تمنا |

Scanned with CamScanner

# معروضی قواعد و انشاء گیارہویں جماعت

پروفیسر راشدہ (1)

## فعل معاون ۔ مصادر ۔ متعلق فعل سوالات

| سوالات | جوابات |
|---|---|
| 1) فعل معاون کسے کہتے ہیں؟ | امدادی فعل |
| 2) جو فعل اصل فعل کے ساتھ مل کر اس کے معانی میں زور پیدا کرے کیا کہلاتا ہے؟ | امدادی فعل |
| 3) "بچہ دیر تک روتا رہا" اس جملے میں "روتا" کون سا فعل ہے | اصل فعل |
| 4) "گاؤں والوں پر آفت ٹوٹ پڑی" اس جملے میں "پڑی" کون سا فعل ہے؟ | امدادی فعل |
| 5) "بازار میں اچانک آگ بھڑک اٹھی" اس جملے میں اصل فعل کون سا ہے؟ | بھڑک |
| 6) "فائزہ ایک قیمتی لباس خریدنا چاہتی ہے؟ اس جملے میں امدادی فعل کون سا ہے؟ | چاہتی |
| 7) "میں نے طوطا پال رکھا ہے" اس جملے میں "ہے" قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | فعل ناقص |
| 8) ایک جملے میں دو فعل ایک ساتھ استعمال ہوں تو دوسرا فعل کیا کہلاتا ہے؟ | امدادی فعل |
| 9) ع "ثریا سے زمیں پر آسماں نے ہم کو دے مارا" اس مصرعے میں "مارا" کون سا فعل ہے؟ | اصل فعل |
| 10) مصرعے میں امدادی فعل بعض اوقات ____ سے پہلے آتا ہے | اصل فعل |
| 11) ایک جملے میں دو فعل استعمال ہوں تو بعد میں آنے والا فعل کیا کہلاتا ہے | امدادی فعل |
| | |
| 1) وہ اسم جو خود کسی لفظ سے نہ بنا ہو مگر اس سے دوسرے لفظ بنائے جا سکتے ہیں، کیا کہلاتا ہے؟ | مصدر |
| 2) اسم مصدر کسی بھی ____ کا نام ہوتا ہے؟ | فعل / کام |
| 3) اسم مصدر کی پہچان کیا ہے؟ | آخر میں "نا" آتا ہے |
| 4) اسم مصدر کے آخر سے "نا" ہٹا دیا جائے تو کیا باقی رہ جاتا ہے؟ | فعل امر |
| 5) وہ مصدر جس کے ساتھ کوئی اور مصدر یا لفظ شامل ہو، کیا کہلاتا ہے؟ | مرکب مصادر |
| 6) بھول جانا، قلعی کھل جانا، دیکھ لینا کیسے مصادر ہیں؟ | مرکب مصادر |
| 7) دو یا دو سے زیادہ لفظوں کا مجموعہ جس کے اجزا میں تعلق پایا جائے کیا کہلاتا ہے؟ | مرکب |
| 8) وہ حروف یا لفظ جو فعل کی خاصیت یا کیفیت کو ظاہر کرے کیا کہلاتا ہے؟ | متعلق فعل |
| 9) "کچھوا بہت آہستہ آہستہ چلتا ہے" اس جملے میں متعلق فعل کون سا ہے؟ | آہستہ آہستہ |
| 10) "احمد نے مسجد میں نماز ادا کی۔" " " " | مسجد |
| 11) "احمد نے پانچ کلو سیب خریدے" " " " | پانچ کلو |

پروفیسر راشدہ راؤ
SOCH BADLO BY MAR



Scanned with CamScanner

| معروضی سوالات | جوابات |
|---|---|
| ایسی کتاب جس میں الفاظ کو ان کے ہم معانی الفاظ کی ترتیب سے مرتب کیا جاتا ہے، کیا کہلاتی ہے؟ | تھیسارس |
| تھیسارس کس زبان کا لفظ ہے؟ | یونانی |
| تھیسارس کے معانی کیا ہیں؟ (خزانہ) | لفظوں کا ذخیرہ |
| یہ کتاب لفظوں کے ــــــ جاننے کے لیے بہت مفید ہے۔ | مترادفات |
| تھیسارس کو ــــــ بھی کہتے ہیں۔ | لغت |
| محضر کے لغوی معنی کیا ہیں؟ | سامنے۔ ظاہر ہونے کی جگہ |
| کس چیز کے ذریعے ایک عام اور علمی زبان کے درمیان فرق واضح ہو جاتا ہے؟ | محضر |
| قواعد کی ساخت اور زبان کے مختلف انداز سے استعمال کا نام ــــــ ہے۔ | محضر |
| سلینگ کس زبان کا لفظ ہے؟ | انگریزی |
| سلینگ کے معانی کیا ہیں؟ | عوامی بولی، چالو زبان |
| عام لوگ تبادلہ خیال کے لیے الفاظ کو ان کے وضعی معانی کی بجائے کچھ خاص معانی کے لیے استعمال کرتے ہیں، ایسے الفاظ کو کیا کہتے ہیں؟ | سلینگ |
| مشتقات کے معانی کیا ہیں؟ | اخذ کیا ہوا |
| مشتقات کس کی جمع ہے؟ | مشتق |
| مصدر سے بننے والے اسم کو کیا کہتے ہیں؟ | اسم مشتق |
| اسم مشتق کی کتنی اقسام ہیں؟ | پانچ |
| وہ اسم جو کام کرنے والے کو ظاہر کرے، کیا کہلاتا ہے؟ | اسم فاعل |
| وہ اسم جو اس چیز کو ظاہر کرے جس پر کوئی کام ہوا ہو، کیا کہلاتا ہے | اسم مفعول |
| وہ اسم جو کسی کام کی اجرت کا نام ہو، کیا کہلاتا ہے؟ | اسم معاوضہ |
| اسم حاصل مصدر کا دوسرا نام کیا ہے؟ | اسم کیفیت |
| وہ اسم جو فاعل یا مفعول کی حالت کو ظاہر کرے، کیا کہلاتا ہے؟ | اسم حالیہ |
| لکھنے والا، ڈاکیا اور حلوائی کون سے اسم ہیں؟ | اسم فاعل |
| لکھا ہوا، جلی ہوئی کون سے اسم ہیں؟ | اسم مفعول |
| مار اور جھگڑا کون سے اسم ہیں؟ | اسم حاصل مصدر |
| رنگائی، سلائی، دھلائی کون سے اسم ہیں؟ | اسم معاوضہ |
| روتا ہوا، مسکراتا ہوا کون سے اسم ہیں؟ | اسم حالیہ |
| وہ اسم جو کسی چیز کی خصوصیت کو ظاہر کرے، کیا کہلاتا ہے؟ | اسم صفت |
| جس اسم کی صفت بیان کی جائے کیا کہلاتا ہے؟ | اسم موصوف |
| اسم صفت اور اسم موصوف کو ملا کر لکھا جائے، تو کیا کہلاتا ہے | مرکب توصیفی |
| اسم صفت کی کتنی اقسام ہیں؟ | پانچ |

Scanned with CamScanner

| سوال | جواب |
|---|---|
| ۔ ایسی صفت جو موصوف میں مستقل پائی جائے، کیا کہلاتی ہے؟ | صفت ذاتی |
| ۔ وہ اسم صفت جس میں ضمیر کسی صفت کے ساتھ واقع ہو، کیا کہلاتی ہے؟ | صفت ضمیری |
| ۔ وہ اسم صفت جو کسی شخص یا چیز کا تعلق دوسرے مخصوص یا چیز سے ظاہر کرے، کیا کہلاتا ہے | صفت نسبتی |
| ۔ وہ اسم صفت جو کسی اسم کی ترتیب یا درجے کو ظاہر کرے، کیا کہلاتا ہے؟ | صفت عددی |
| ۔ وہ اسم صفت جس سے چیزوں کی مقدار معلوم ہوتی ہو، کیا کہلاتا ہے؟ | صفت مقداری |
| ۔ سیر بھر لڈو، کچھ لوگ، بہت میٹھا، کون سے اسم صفت ہیں؟ | صفت مقداری |
| ۔ دوسرا دن، پانچواں روزہ کون سے اسم صفت ہیں؟ | صفت عددی |
| ۔ ماہر القادری، پاکستانی، اسلم لاہوری کون سے اسم صفت ہیں؟ | صفت نسبتی |

پروفیسر راشدہ راو
SOCH BADLO BY MAR

S2-

# صنائع بدائع

| سوالات | جوابات (2) |
|---|---|
| 1) صنائع کے لغوی معنی کیا ہیں؟ | ہنر مندی، کاریگری |
| 2) بدائع کے لغوی معنی کیا ہیں؟ | نئی یا انوکھی چیز |
| 3) علم بدیع میں کیا شامل ہوتا ہے؟ | صنائع بدائع |
| 4) ایسی باریکیاں اور نکات جن کے استعمال سے کلام کی لفظی و معنوی خوبیوں میں اضافہ ہوتا ہے، کیا کہلاتی ہیں؟ | صنائع بدائع |
| 5) شعر میں ایک لفظ کی مناسبت سے ایسے الفاظ استعمال کرنا جن کا پہلے لفظ سے تعلق ہو مگر یہ تعلق تضاد کا نہ ہو ــــــــ کہلاتا ہے۔ | مراعاۃ النظیر |
| 6) ؎ ہو مرا ریشۂ امید، وہ نخلِ سرسبز / جس کی ہر شاخ میں ہو پھول ہر اک پھول میں پھل<br>اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | مراعاۃ النظیر |
| 7) ؎ پتا پتا، بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے / جانے نا جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے<br>اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | مراعاۃ النظیر |
| 8) درج ذیل اشعار میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | |
| ؎ نہیں ہے ناامید اقبال اپنی کشتِ ویراں سے<br>ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی | مراعاۃ النظیر |
| ؎ زندگانی کی حقیقت کوہکن کے دل سے پوچھ<br>جوئے شیر و تیشہ و سنگِ گراں ہے زندگی | مراعاۃ النظیر |
| 9) کلام میں متضاد یا الٹ الفاظ کا استعمال کیا کہلاتا ہے؟ | صنعت تضاد |
| 10) درج ذیل اشعار میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | |
| ؎ آغاز کو کون پوچھتا ہے ؎ گاہ جیتا ہوں، گاہ مرتا ہوں<br>انجام اچھا ہو آدمی کا آنا جانا ترا قیامت ہے | تضاد |
| ؎ پیری میں کیا جوانی کے موسم کو روئیے<br>اب صبح ہونے آئی ہے، اک دم تو سوئیے | تضاد |
| ؎ کر قطع کب گیا ترے کوچے سے مصحفیؔ<br>گر صبح کو گیا، وہیں پھر شام آ گیا | تضاد |
| ؎ جو دیکھا تو عالم عجب ہے یہاں<br>منور ہے سارا زمین آسماں | تضاد |
| 11) کلام میں کسی چیز کی ایسی وجہ بیان کرنا جو حقیقت میں اس کی وجہ نہ ہو، کیا کہلاتی ہے؟ | حسنِ تعلیل |
| 12) درج ذیل اشعار میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | |
| ؎ پیاسی جو تھی سپاہ خدا تین رات کی<br>ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی | حسنِ تعلیل |
| ؎ زیر زمیں سے آتا ہے جو گل سو زر بکف<br>قاروں نے راستے میں لٹایا خزانہ کیا | حسنِ تعلیل |



Scanned with CamScanner

# صنائع بدائع

| سوالات | جوابات (ح) |
| --- | --- |
| 13) درج ذیل اشعار میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | |
| رات مجلس میں ترے حسن کے شعلے کے حضور<br>شمع کے منہ پہ جو دیکھا تو کہیں نور نہ تھا | تعلیل |
| ہر اک مکاں کو ہے مکیں سے شرف اسدؔ<br>مجنوں جو مر گیا ہے تو جنگل اداس ہے | حسن تعلیل |
| 14) حسن تعلیل کے معانی کیا ہیں؟ | وجہ مسبب |
| 15) لف و نشر کے معانی کیا ہیں؟ | لپیٹنا، پھیلانا |
| 16) کلام میں چند چیزوں کا ذکر کرنا اور پھر اسی کی مناسبت سے چند چیزوں کا ذکر کرنا ______ کیا کہلاتا ہے؟ | لف و نشر |
| 17) شعر کے پہلے حصے میں لف کا بیان اور دوسرے میں نشر کا ترتیب کے ساتھ لانا کیا کہلاتا ہے؟ | لف و نشر مرتب |
| 18) لف اور نشر کی ترتیب میں فرق ہو تو اسے کیا کہیں گے؟ | لف و نشر غیر مرتب |
| 19) درج ذیل اشعار میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | |
| نہ ہمت، نہ قسمت، نہ دل ہے، نہ آنکھیں<br>نہ ڈھونڈا، نہ پایا، نہ سمجھا، نہ دیکھا | لف و نشر مرتب |
| ترے رخسار و قد و چشم کے ہیں عاشق زار<br>گل جدا، سرو جدا، نرگس بیمار جدا | لف و نشر مرتب |
| کتنا صبیح چہرہ، کتنی سیاہ زلفیں<br>پھیلا ہوا اجالا، سمٹی ہوئی گھٹائیں | لف و نشر مرتب |
| ایک سب آگ ایک سب پانی<br>دیدہ و دل عذاب ہیں دونوں | لف و نشر غیر مرتب |
| میرے رونے پر جو اس نے ہنس دیا<br>برق چمکی اور ابر باراں تھم گیا | لف و نشر غیر مرتب |
| 20) کسی شعر میں کسی لفظ کا بار بار آنا کیا کہلاتا ہے؟ | صنعت تکرار |
| 21) درج ذیل اشعار میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | |
| وہ تھا جلوہ آرا مگر تم نے موسیٰ نہ دیکھا، نہ دیکھا، نہ دیکھا، نہ دیکھا | تکرار |
| دل کا اجڑنا سہل سہی پر بسنا سہل نہیں ظالم<br>بستی بسنا کھیل نہیں ہے بستے بستے بستی ہے | تکرار |
| پتا پتا، بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے<br>جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے | تکرار |

پروفیسر راشدہ راو



Scanned with CamScanner

# صنائع بدائع — سوالات — جوابات (4)

| سوالات | جوابات |
|---|---|
| 22) تضمین کے معانی کیا ہیں؟ | ملانا، شامل کرنا |
| 23) کسی دوسرے شاعر کے مصرع یا شعر کو اپنے شعروں میں لانا کیا کہلاتا ہے؟ | تضمین |
| 24) درج ذیل اشعار کس صنعت کی مثال ہیں؟ | |
| ؎ بنا ہے کوٹ پہ ہیر سلام کی دکھاں کے لیئے (سید محمد جعفری)<br>" صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لیئے " (غالب) | تضمین |
| ؎ نظام برق لیا واپڈا نے ہاتھوں میں (انور مسعود)<br>" پھر اس کے بعد چراغوں میں روشنی نہ رہی " (مہاراجہ بہادر ور ما برق) | تضمین |
| ؎ یہ کام آئیں نہ آئیں ہم انہی سے کام لیتے ہیں (سید ضمیر جعفری)<br>" گلوں سے خار بہتر ہیں جو دامن تھام لیتے ہیں " (نامعلوم) | تضمین |
| ؎ اس زلف پہ پھبتی شبِ دیجور کی سوجھی (جرأت)<br>" اندھے کو اندھیرے میں بڑی دور کی سوجھی " (انشا اللہ خاں) | تضمین |
| ؎ آج کل یہ ہے نماز اور کبھی وہ بھی نماز (سید محمد جعفری)<br>" ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز " (علامہ اقبال) | تضمین |
| 25) تلمیح کے معانی کیا ہیں؟ | اشارہ کرنا |
| 26) نظم یا نثر میں چند لفظوں کی مدد سے کسی واقعہ یا قرآنی قصے کی طرف اشارہ کرنا کیا کہلاتا ہے؟ | صنعتِ تلمیح |
| 27) درج ذیل اشعار میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | |
| ؎ ابنِ مریم ہوا کرے کوئی / میرے دکھ کی دوا کرے کوئی | تلمیح |
| ؎ کیا کیا خضر نے سکندر سے / اب کسے رہنما کرے کوئی | تلمیح |
| ؎ بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق / عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی | تلمیح |
| ؎ آ رہی ہے چاہِ یوسف سے صدا / دوست تھوڑے ہیں یہاں بھائی بہت | تلمیح |
| ؎ کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب / آؤ نا ہم بھی سیر کریں کوہِ طور کی | تلمیح |
| ؎ کشتیٔ مسکیں و جانِ پاک و دیوارِ یتیم<br>علمِ موسیٰؑ بھی ہے تیرے سامنے حیرت فروش | تلمیح |
| 28) کسی شے کی صفت کو حد سے زیادہ بڑھا کر یا گھٹا کر بیان کرنا کیا کہلاتا ہے؟ | صنعتِ مبالغہ |
| 29) درج ذیل اشعار میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | |
| ؎ اٹھا جو صبح خواب سے وہ مست پرخمار / خورشید کف کے بیچ لئے جام آ گیا | مبالغہ |
| ؎ بازیچۂ اطفال ہے دنیا مرے آگے / ہوتا ہے شب و روز تماشا مرے آگے | مبالغہ |
| ؎ الجھا ہے پاؤں یار کا زلفِ دراز میں<br>لو آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا | مبالغہ |



Scanned with CamScanner

## صنائع بدائع سوالات جوابات (ﷺ)

| سوالات | جوابات |
| --- | --- |
| 30) کلام میں دو ایسے الفاظ لانا جو شکل اور تلفظ میں ایک مگر معنی مختلف ہوں کیا کہلاتا ہے؟ | صنعت تجنیس تام |
| 31) درج ذیل اشعار میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | |
| ؎ قیس صحرا میں اکیلا ہے مجھے جانے دو خوب گزرے گی جو مل بیٹھیں گے دیوانے دو | تجنیس تام |
| ؎ دھرتی پر وہ پاؤں جب بھی دھرتی ہے دھرتی اس کے بوجھ سے آہیں بھرتی ہے | تجنیس تام |
| ؎ تمھارے دست نازک کے لیے بھیجی تھی اک پہنچی<br>خبر پہنچی تو یہ پہنچی کہ وہ پہنچی نہیں پہنچی | تجنیس تام |
| 32) کلام میں دو ایسے الفاظ کا استعمال جو لکھنے میں ایک جیسے ہوں مگر اعراب اور معانی جدا ہوں ______ کہلاتا ہے۔ | تجنیسِ محرف |
| 33) درج ذیل اشعار میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | |
| ؎ نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم نہ اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے | تجنیس محرف |
| ؎ تیرا در چھوڑ کے میں اور کدھر جاؤں گا<br>گھر میں گھِر جاؤں گا صحرا میں بکھر جاؤں گا | تجنیس محرف |
| کلام میں ایسا لفظ استعمال کرنا جس کے دو معنی ہوں ایک قریب اور ایک دور کے ______ کہلاتا ہے۔ | صنعت ایہام |
| درج ذیل اشعار میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے | |
| ؎ اس کے رخسار دیکھ جیتا ہوں عارضی میری زندگانی ہے | ایہام |
| ؎ ہجر میں گھل گھل کے آدھا ہو گیا لے مسیحا میں بھی مو سا ہو گیا | ایہام |

پروفیسر راشدہ راو
SOCH BADLO BY MA



Scanned with CamScanner

# صنائع بدائع

| سوالات | جوابات |
| --- | --- |
| کلام میں دو چیزوں کا ذکر کر کے دونوں کے درمیان فرق بتانے کو کیا کہتے ہیں؟ | صنعتِ تفریق |
| درج ذیل اشعار میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | |
| وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہو کر<br>اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر | تفریق |
| شعر میں ایسے الفاظ کا استعمال جو کسی چیز کو ظاہر کریں ____ کہلاتا ہے | صنعت سیاقۃ الاعداد |
| درج ذیل اشعار میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ | |
| عمرِ دراز مانگ کر لائے تھے چار دن<br>دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں | سیاقۃ الاعداد |
| یہ فخر تو حاصل ہے برے ہیں کہ بھلے ہیں دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں | 〃 |
| آ کے پتھر تو مرے صحن میں دو چار گرے<br>جتنے اس پیڑ کے پھل تھے پسِ دیوار گرے | 〃 |

## روزمرہ محاورہ

| سوالات | جوابات |
| --- | --- |
| 1) عام بول چال جو اہلِ زبان کے اسلوب کے عین مطابق ہو ____ کہلاتی ہے۔ | روزمرہ |
| 2) روزمرہ میں الفاظ اپنے ____ معنوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ | حقیقی |
| 3) روزمرہ میں کتنے لفظ ہونا ضروری ہیں؟ روزمرہ کم از کم کتنے لفظوں پر مشتمل ہو سکتا ہے؟ | ایک |
| 4) محاورہ کم از کم کتنے لفظوں پر مشتمل ہو سکتا ہے۔ | دو |
| 5) محاورہ میں الفاظ اپنے ____ میں استعمال ہوتے ہیں۔ | مجازی |
| 6) دو یا دو سے زائد الفاظ حقیقی معنوں کی بجائے مجازی معنوں میں استعمال ہوں کیا کہلاتے ہیں؟ | محاورہ |
| 7) روزمرہ قواعد سے ____ ہوتا ہے۔ | بالاتر |
| 8) محاورہ قواعد کی ____ میں آتا ہے۔ | حدود |
| 9) ہر روزمرہ محاورہ ____ ہو سکتا۔ | نہیں |
| 10) ہر محاورہ روزمرہ ____ ہے۔ | ہوتا |



Scanned with CamScanner

# علم بیان — سوالات — جوابات

## تشبیہ - استعارہ - مجاز مرسل - کنایہ

| سوالات | جوابات |
|---|---|
| 1) علم بیان کا موضوع کیا ہے؟ | لفظ |
| 2) ایسے قاعدے اور ضابطے جن کے عمل میں لانے سے تحریر و تقریر میں زور، تاثیر اور دلکشی پیدا ہو، کیا کہلاتے ہیں؟ | علم بیان |
| 3) تشبیہ، استعارہ، مجاز مرسل اور کنایہ کس کی صورتیں ہیں؟ | علم بیان |
| 4) کسی چیز کو اس کی مشترک خوبی کی بنا پر دوسری چیز جیسا قرار دینا کیا کہلاتا ہے؟ | تشبیہ |
| 5) تشبیہ کس زبان کا لفظ ہے؟ | عربی |
| 6) تشبیہ کے کیا معانی ہیں؟ | مشابہت |
| 7) تشبیہ کے کتنے ارکان ہیں؟ | پانچ |
| 8) وہ شخص یا چیز جسے تشبیہ دی جائے کیا کہلائے گی؟ | مشبہ |
| 9) وہ شخص یا چیز جس سے تشبیہ دی جاتی ہے کیا کہلاتی ہے؟ | مشبہ بہ |
| 10) مشبہ اور مشبہ بہ کے درمیان مشترک خوبی کیا کہلاتی ہے؟ | وجہ تشبیہ |
| 11) تشبیہ دینے کے لیے جو حرف / لفظ استعمال ہوتے ہیں کیا کہلاتے ہیں | حرف تشبیہ |
| 12) کسی چیز کی خصوصیت کو واضح کرنا کیا کہلاتا ہے؟ | غرض تشبیہ |
| 13) طرفین تشبیہ کسے کہتے ہیں؟ | مشبہ - مشبہ بہ |
| 14) جیسا، ہوبہو، مانند، کی سی، کی طرح، بعینہٖ تشبیہ میں استعمال ہونے والے یہ لفظ کیا کہلاتے ہیں؟ | حرف تشبیہ |
| 15) دلہن چاند جیسی ہے۔ اس جملے میں "دلہن" علم بیان کی رو سے کیا ہے؟ | مشبہ |
| 16) احمد شبیر کی طرح بہادر ہے۔ اس جملے میں "شبیر" علم بیان کی رو سے کیا ہے؟ | مشبہ بہ |
| 17) پانی برف کی طرح ٹھنڈا ہے۔ اس جملے میں "ٹھنڈا" علم بیان کی رو سے کیا ہے؟ | وجہ تشبیہ |
| 18) آمنہ کے دانت موتیوں جیسے ہیں۔ اس جملے میں "جیسے" علم بیان کی رو سے کیا ہے؟ | حرف تشبیہ |
| 19) دلہن چاند جیسی ہے۔ اس جملے میں غرض تشبیہ کیا ہے؟ | دلہن کی خوبصورتی واضح کرنا |
| ان اشعار میں علم بیان کی کون سی خوبی استعمال ہوئی ہے؟ | |
| 20) "نازکی اس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے" | تشبیہ |
| ے زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے — ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے | تشبیہ |
| ے میر ان نیم باز آنکھوں میں — ساری مستی شراب کی سی ہے | تشبیہ |
| جگنو کی روشنی ہے کاشانۂ چمن میں — یا شمع جل رہی ہے پھولوں کی انجمن میں<br>آیا ہے آسماں سے اڑ کر کوئی ستارہ — یا جان پڑ گئی ہے مہتاب کی کرن میں | تشبیہ |
| ے شمع کی مانند ہم اس بزم میں — چشم تر آئے تھے دامن تر چلے، شمع علم بیان کی رو سے کیا ہے؟ | مشبہ بہ |

پروفیسر راشدہ داؤد
SOCH BADLO BY MRD



Scanned with CamScanner

## استعارہ

**جوابات (8)**

| سوالات | جوابات |
|---|---|
| 1۔ استعارہ کس زبان کا لفظ ہے؟ | عربی |
| 2۔ استعارہ کے لغوی معانی کیا ہیں؟ | ادھار لینا |
| 3۔ جب کوئی لفظ اپنے حقیقی معنوں کی بجائے مجازی معنوں میں اس طرح استعمال ہو کہ اس کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق پایا جائے کیا کہلاتا ہے؟ | استعارہ |
| 4۔ استعارہ کے کتنے ارکان ہیں؟ | تین |
| 5۔ وہ شخص یا چیز جس کے لیے کوئی لفظ مستعار لیا جائے، کیا کہلاتی ہے؟ | مستعار لہٗ |
| 6۔ وہ شخص یا چیز جس سے کسی خصوصیت کو مستعار لیا جائے، کیا کہلاتی ہے؟ | مستعار منہٗ |
| 7۔ مستعار لہ اور مستعار منہٗ میں مشترک خصوصیت کیا کہلاتی ہے؟ | وجہ جامع |
| 8۔ طرفین استعارہ کسے کہتے ہیں؟ | مستعار لہ، مستعار منہٗ |
| 9۔ ماں نے کہا، میرا شیر آگیا۔ اس جملے میں مستعار لہ کیا ہے؟ | بیٹا |
| 10۔ 〃 〃 میرا چاند سو رہا ہے۔ اس جملے میں مستعار منہٗ کیا ہے؟ | چاند |
| 11۔ استعارہ علم بیان کی کون سی شکل ہے؟ | پیچیدہ |
| 12۔ استعارہ میں کس رکن کا ذکر نہیں ہوتا؟ | مستعار لہٗ |
| 13۔ درج ذیل اشعار میں علم بیان کی کون سی خوبی استعمال ہوئی ہے؟ | |
| ؎ پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو<br>دنیا کے پاس دیکھنے والی نظر کہاں | استعارہ |
| ؎ کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے<br>رن ایک طرف چرخ کہن کانپ رہا ہے | استعارہ |
| ؎ نظر میں وہ گل سما گیا ہے تمام ہستی پہ چھا گیا ہے | استعارہ |

## مجازِ مرسل

| سوالات | جوابات |
|---|---|
| 1) کسی لفظ کو مجازی معنوں اس طرح استعمال کریں کہ اس کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق نہ پایا جائے بلکہ کوئی اور تعلق ہو کیا کہلاتا ہے؟ | مجازِ مرسل |
| 2) ؎ عمر دراز مانگ کر لائے تھے چار دن<br>دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں<br>(چار دن زندگی سے مراد ساری زندگی)<br>اس شعر میں مجاز مرسل کی کون سی قسم موجود ہے؟ | جزو بول کر کُل مراد لینا |



Scanned with CamScanner

# جوابات (۹)

5) ؎ اس سادگی پہ کون نہ مرجائے اے خدا
لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں
اس شعر میں مجازِ مرسل کی کون سی قسم استعمال ہوئی ہے
— کل بول کر جزو مراد لینا

6) ڈاکٹر نے نبض پر ہاتھ رکھا، اس جملے میں مجازِ مرسل کی کون سی قسم استعمال ہوئی ہے؟
— ״

7) ؎ اس قدر کھایا تیری فرقت میں غم
دل ہمارا زندگی سے سیر ہے
اس شعر میں مجازِ مرسل کی کون سی قسم استعمال ہوئی ہے؟
— مسبب بول کر سبب مراد لینا

8) شاہ جہاں نے تاج محل بنایا، اس جملے میں مجازِ مرسل کی کون سی قسم استعمال ہوئی ہے؟
— ״

9) ؎ اس کا کوئی گورا کالا نہ تھا
گھر میں کوئی گھر کا اجالا نہ تھا
اس شعر میں مجازِ مرسل کی کون سی قسم استعمال ہوئی ہے؟
— مسبب بول کر سبب مراد لینا

10) آگ جل رہی ہے، اس جملے میں مجازِ مرسل کی کون سی قسم استعمال ہوئی ہے؟
— ״

11) ؎ جام غیروں کو ہی ہر بار دیا جاتا ہے
ساقیا میں ترے قربان یہ کیا ہوتا ہے
اس شعر میں مجازِ مرسل کی کون سی خوبی بیان ہوئی ہے؟
— ظرف بول کر مظروف مراد لیا گیا

12) اکرم نے پوری پلیٹ کھالی، اس جملے میں مجازِ مرسل کی کون سی قسم استعمال ہوئی ہے؟
— ״

13) ؎ نشہ پلا کے گرانا تو سب کو آتا ہے
مزا تو جب ہے کہ گرتوں کو تھام لے ساقی
اس شعر میں مجازِ مرسل کی کون سی قسم استعمال ہوئی ہے؟
— مظروف بول کر ظرف مراد لینا

14) دودھ کو ڈھانپ دیں، اس جملے میں مجازِ مرسل کی کون سی قسم استعمال ہوئی ہے؟
— ״

## کنایہ

1) کنایہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟
— پوشیدہ طور پر بات کرنا

2) ایسا لفظ جو مجازی معنی میں استعمال ہوا ہو مگر اس کے مجازی اور حقیقی معنوں میں کوئی تعلق نہ ہو کیا کہلاتا ہے؟
— کنایہ

3) ایسا کنایہ جسے سمجھنے میں آسانی ہو اور فوراً ذہن اصل بات کی طرف منتقل ہو جائے ______ کہلاتا ہے
— کنایہ قریب

4) درج ذیل اشعار میں علم بیان کی کون سی خوبی استعمال ہوئی ہے؟
؎ کہیں کیا جو پوچھے کوئی ہم سے میر — جہاں میں تم آئے تھے کیا کر چلے
— کنایہ قریب

؎ شب جو مسجد میں جا پھنسے مومن — رات کاٹی خدا خدا کر کے
— ״

؎ ساقی بغیر شب نہ پیا آبِ آتشیں — شعلہ وہ بن کے میرے دہن سے نکل گیا
— ״

5) آبِ حرام کس کی مثال ہے
— ״



پروفیسر راشد راو
SOCH BADLO

## جوابات (۱۵)

| | |
|---|---|
| | 6) درج ذیل اشعار میں علم بیان کی کون سی خوبی استعمال ہوئی ہے ؟ |
| | ؎ نرگس کو باغ میں جانے نہ دیجیو |
| کنایہ بعید | کہ ناحق خون پروانے کا ہو گا |
| | ؎ کلیاں چٹک کر پھول بنیں اور مٹ گئیں |
| 〃 | کس درجہ مختصر ہے زمانہ بہار کا |
| | ؎ پھول تو دو چار دن جانفزا دکھلا گئے |
| 〃 | حسرت ان غنچوں پہ ہے جو بن کھلے مرجھا گئے |
| کنایہ بعید | 7) ایسا کنایہ جسے سمجھنے کے لیے غور کرنا پڑے یا مشکل پیش آئے، کیا کہلاتا ہے؟ |

SOCH BADLO B

### شعری اصطلاحات

| | |
|---|---|
| طلوع / آغاز | 1) مطلع کے لغوی معانی کیا ہیں ؟ |
| مطلع | 2) غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ یا ہم ردیف ہوں کیا کہلاتا ہے؟ |
| دونوں مصرعے ہم قافیہ ہونا | 3) مطلع کے لیئے کیا چیز ضروری ہے ؟ |
| مطلع ثانی | 4) کسی غزل کا دوسرا شعر بھی مطلع ہو، کیا کہلاتا ہے؟ |
| حسنِ مطلع / زیبِ مطلع | 5) مطلع کے بعد آنے والا شعر کیا کہلاتا ہے ؟ |
| | 6) درج ذیل اشعار کس کی مثال ہیں ؟ |
| مطلع | ؎ فقیرانہ آئے صدا کر چلے میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے |
| 〃 | ؎ پیری میں کیا جوانی کے موسم کو روئیے اب صبح ہونے آئی ہے اک دم تو سو رہئے |
| | ؎ ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے |
| 〃 | بہت نکلے میرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے |
| بعد میں آنے والا | 7) قافیہ کے لغوی معنی کیا ہیں ؟ |
| | 8) غزل کے مطلع کے دونوں اور باقی اشعار کے دوسرے مصرعے کے آخر میں آنے والے |
| قافیہ | ہم وزن اور ہم آواز الفاظ [illegible] ___ کہلاتے ہیں۔ |
| قافیہ | 9) ہم وزن اور ہم آواز الفاظ کیا کہلاتے ہیں ؟ |
| پہلے | 10) ردیف ہونے کی صورت میں قافیہ ردیف سے ___ آتا ہے؟ |



Scanned with CamScanner

۱۱) ان اشعار میں قافیوں کی نشاندہی کریں۔

۱۱) ؎ ابن مریم ہوا کرے کوئی ۔۔۔ میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

۱۲) ؎ قتلِ عاشق کسی معشوق سے کچھ دور نہ تھا
پر ترے عہد سے آگے یہ دستور نہ تھا

۱۳) ؎ دائم پڑا ہوا ترے در پر نہیں ہوں میں
خاک ایسی زندگی پہ کہ پتھر نہیں ہوں میں

۱۴) **ردیف** کے لغوی معنی کیا ہیں؟

۱۵) غزل کے مطلع کے دونوں اور باقی اشعار کے دوسرے مصرعے کے آخر میں مستقل آنے والے (ایک جیسے/ دہرائے جانے والے) الفاظ کیا کہلاتے ہیں؟

۱۶) درج ذیل اشعار میں ردیف کی نشاندہی کریں۔

؎ اب دل ہے مقام بے کسی کا ۔۔۔ یوں گھر تباہ نہ ہو کسی کا

؎ کوئی امید بر نہیں آتی ۔۔۔ کوئی صورت نظر نہیں آتی

؎ فقیرانہ آئے صدا کر چلے ۔۔۔ میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے

۱۷) جس غزل میں ردیف استعمال نہ ہو کیا کہلاتی ہے؟

۱۸) **مقطع** کے لغوی معانی کیا ہیں؟

۱۹) غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا شاعرانہ نام استعمال کرے کیا کہلاتا ہے؟

۲۰) مقطع کے لیے ضروری شرط کیا ہے؟

۲۱) درج ذیل اشعار کس کی مثال ہیں؟

؎ کہیں کیا جو پوچھے کوئی ہم سے میرؔ ۔۔۔ جہاں میں تم آئے تھے کیا کر چلے

؎ کعبہ کس منہ سے جاؤ گے غالبؔ ۔۔۔ شرم تم کو مگر نہیں آتی

؎ کتنا ہے بدنصیب ظفرؔ دفن کے لیے ۔۔۔ دو گز زمیں بھی نہ ملی کوئے یار میں

۲۲) وہ شاعرانہ نام جو شاعر اپنے لئے اختیار کرتا ہے کیا کہلاتا ہے؟

۲۳) شعر کا آدھا حصہ کیا کہلاتا ہے؟

۲۴) وہ کلام موزوں جو با مقصد ہو ایک خیال کو ظاہر کرے اور جس کے دونوں مصرعے ایک ہی وزن میں ہوں کیا کہلاتا ہے؟

مصرع کے لغوی معنی کیا ہیں؟

## جوابات (۱۴)

ہوا ۔ دوا

دور ۔ دستور

در پر ۔ پتھر

سوار کے پیچھے بیٹھنے والا

ردیف

کا

نہیں آتی

کر چلے

غیر مردف غزل

کاٹنا ۔ الگ

مقطع

تخلص کا ہونا

مقطع

"

"

تخلص

مصرع

شعر

کواڑ کا ایک پٹ



Scanned with CamScanner

# اصنافِ نظم بہ لحاظ موضوع

| سوالات | جوابات (62) |
| --- | --- |
| ۱) نظم کے لغوی معانی کیا ہیں؟ | پرونا، لڑی |
| ۲) نظم کے اصطلاحی معانی کیا ہیں؟ | کلامِ موزوں |
| ۳) اصنافِ نظم سے کیا مراد ہے؟ | نظم کی اقسام |
| ۴) اصنافِ نظم کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟ | دو |
| ۵) اصنافِ نظم بہ لحاظ موضوع، میں موضوع سے کیا مراد ہے؟ | عنوان کے تحت لکھی ہوئی |
| ۶) اصنافِ نظم بہ لحاظ ہیئت، میں ہیئت سے کیا مراد ہے؟ | بناوٹ۔ لکھنے کا انداز |
| ۷) حمد، نعت، منقبت، قصیدہ، ہجو، غزل، شہر آشوب اصنافِ نظم کی کس قسم سے تعلق رکھتی ہیں؟ | بہ لحاظ موضوع |
| ۸) مثنوی، قطعہ، رباعی، مخمس ترکیب بند، مخمس ترجیع بند، مسدس ترکیب بند اور مسدس ترجیع بند اصنافِ نظم کی کس قسم سے تعلق رکھتی ہیں؟ | بہ لحاظ ہیئت |
| ۹) ایسی نظم جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جائے کیا کہلاتی ہے؟ | حمد |
| ۱۰) " " " " حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم " " " | نعت |
| ۱۱) ایسی نظم جس میں صحابہ کرامؓ، اولیاء، بزرگانِ دین کے کمالات اور صفات بیان کی جائیں کیا کہلاتی ہے؟ | منقبت |
| ۱۲) غزل کس زبان کا لفظ ہے؟ | عربی |
| ۱۳) غزل کے اصطلاحی معنی کیا ہیں؟ | عورتوں سے متعلق بات چیت کرنا |
| ۱۴) | |
| ۱۵) غزل کے اشعار کی کم از کم تعداد کتنی ہوتی ہے | پانچ |
| ۱۶) | |
| ۱۷) | |
| ۱۸) جو نظم کسی زندہ ہستی کی تعریف میں لکھی جائے ______ کہلاتی ہے؟ | قصیدہ |
| ۱۹) قصیدہ کے کتنے حصے ہوتے ہیں؟ | چار |
| ۲۰) ایسی نظم جس میں کسی ہستی کے دنیا سے رخصت ہو جانے کے بعد اس کی تعریف اور غم کا اظہار کیا جائے کیا کہلاتی ہے؟ | مرثیہ |
| ۲۱) اردو ادب میں سب سے زیادہ مرثیے کس ہستی کے لیے لکھے گئے؟ | حضرت امام حسینؓ |
| ۲۲) مرثیہ کے کتنے ارکان ہیں؟ | 9۔ نو |
| ۲۳) ایسی نظم جس میں کسی شہر یا ملک کی اقتصادی و سیاسی بے چینی و بربادی کا حال بیان کیا گیا ہو کیا کہلاتی ہے۔ | شہر آشوب |
| ۲۴) ایسی نظم جس میں کسی کی خامیاں یا برائیاں بیان کی جائیں کیا کہلاتی ہے؟ | ہجو |



Scanned with CamScanner

# اصنافِ نظم بہ لحاظ ہیئت

| سوالات | جوابات (13) |
|---|---|
| ۱) قطعہ کے کیا معانی ہیں؟ | ٹکڑا |
| ۲) قطعہ میں کم از کم کتنے شعر ہوتے ہیں؟ | دو شعر |
| ۳) مثنوی لفظ مثنیٰ سے بنا ہے جس کے معانی ____ کے ہوتے ہیں۔ | دو |
| ۴) ایسی طویل نظم جس میں قصے، کہانیاں اور داستان بیان کی جاتی ہے کیا کہلاتی ہے؟ | مثنوی |
| ۵) مخمس کے معانی کیا ہیں؟ | پانچ |
| ۶) ایسی نظم جس میں پانچ مصرعے ہوں کیا کہلاتی ہے؟ | مخمس ترکیب |
| ۷) ایسی مخمس جس کا پانچواں مصرع ہر بند میں جوں کا توں دہرایا جائے کیا کہلاتی ہے؟ | مخمس ترجیع بند |
| ۸) ایسا مصرع جو ہر بند کے آخر میں دہرایا جائے کیا کہلاتا ہے؟ | ٹیپ کا مصرع |
| ۹) مسدس کے کیا معانی ہیں؟ | چھ |
| ۱۰) ایسی نظم جس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوں کیا کہلاتی ہے؟ | مسدس ترکیب بند |
| ۱۱) ایسی مسدس جس کا تیسرا شعر ہر بند کے آخر میں جوں کا توں دہرایا جائے کیا کہلاتی ہے؟ | مسدس ترجیع بند |
| ۱۲) ایسا شعر جو نظم کے ہر بند کے آخر میں دہرایا جائے کیا کہلاتا ہے؟ | ٹیپ کا شعر |
| ۱۳) ایسی نظم جس میں وزن، بحر کے ساتھ قافیہ کی پابندی کی جائے کیا کہلاتی ہے؟ | پابند نظم |
| ۱۴) ایسی نظم جس میں بحر اور وزن کی پابندی کی جاتی ہے مگر قافیہ ضروری نہیں سمجھا جاتا کیا کہلاتی ہے؟ | نظم معریٰ |
| ۱۵) ایسی نظم جس میں قافیہ، ردیف، وزن اور بحر کی پابندی نہیں کی جاتی کیا کہلاتی ہے؟ | آزاد نظم |
| ۱۶) سانیٹ نظم کس شاعری سے اردو میں آئی؟ | مغربی شاعری |
| ۱۷) سانیٹ میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟ | چودہ مصرعے |
| ۱۸) سانیٹ نظم کیسے پہچانی جاتی ہے؟ | قافیوں کی ترتیب سے |
| ۱۹) غزل شاعری کی وہ صنف ہے جس کا ____ نہیں ہوتا | عنوان |
| ۲۰) | |

پروفیسر راشدہ راؤ



Scanned with CamScanner

| سوالات | جوابات |
|---|---|
| ۱) نثر کے معانی کیا ہیں؟ | بکھری ہوئی چیز |
| ۲) اصناف نثر سے کیا مراد ہے؟ | نثر کی اقسام |
| ۳) داستان، ناول، افسانہ، ڈرامہ اور لوک کہانی کون سا ادب کہلاتی ہیں؟ | افسانوی ادب |
| ۴) مضمون، انشائیہ، سفر نامہ، خاکہ، مکتوب، آپ بیتی اور مکالمہ کون سا ادب ہے۔ | غیر افسانوی ادب |
| ۵) ایسا قصہ جس کی بنیاد تخیل، رومان اور فوق الفطرت عناصر پر ہو کیا کہلاتا ہے؟ | داستان |
| ۶) داستان کے کیا معانی ہیں؟ | طویل کہانی |
| ۷) ناول کس زبان کا لفظ ہے؟ | اطالوی |
| ۸) ناول کے کیا معانی ہیں؟ | انوکھا۔نرالا۔عجیب |
| ۹) ایسا قصہ یا کہانی جس کا موضوع انسانی زندگی ہو کیا کہلاتا ہے؟ | ناول |
| ۱۰) افسانہ ____ کو کہتے ہیں۔ | مختصر کہانی |
| ۱۱) ایسی کہانی جس میں چند کرداروں کے ساتھ ایک خیال، واقعہ، احساس یا تجربے کو پیش کیا جائے کیا کہلاتی ہے؟ | افسانہ |
| ۱۲) ڈرامہ کس لفظ سے ماخوذ ہے؟ | Drao |
| ۱۳) ڈرامہ کس زبان سے ماخوذ ہے؟ | یونانی |
| ۱۴) ڈرامہ کے معانی کیا ہیں؟ | کچھ کر کے دکھانا |
| ۱۵) ایسی کہانی جو مختلف کردار اپنے عمل کے ذریعے اسٹیج پر پیش کریں کیا کہلاتی ہے؟ | ڈرامہ |
| ۱۶) ایسی کہانی جو عوام کے خیالات وجذبات کی ترجمان ہو کیا کہلاتی ہے | لوک کہانی |
| ۱۷) لوک کہانی ____ شکل میں نہیں ہوتیں۔ | تحریری |
| ۱۸) کسی متعین موضوع پر اپنے خیالات وجذبات کا تحریری اظہار کیا کہلاتا ہے؟ | مضمون |
| ۱۹) انشائیہ کس ادب سے اردو میں آیا؟ | انگریزی ادب |
| ۲۰) انشائیہ کس طرح کا مضمون ہے؟ | ہلکا پھلکا |
| ۲۱) انشائیہ کا انداز تحریر کیسا ہوتا ہے؟ | غیر رسمی |
| ۲۲) سفر نامہ کے معانی کیا ہیں؟ | سفر کے متعلق تحریر |
| ۲۳) سفر نامہ ایک طرح کی ____ ہوتی ہے؟ | روداد |
| ۲۴) کوئی ادیب اپنے سفر کے تمام حالات قلم بند کرتا ہے، کیا کہلاتا ہے؟ | سفر نامہ |
| ۲۵) خاکہ کے معانی کیا ہیں؟ | ڈھانچہ |
| ۲۷) ادبی اصطلاح میں کسی کی تصویر لفظوں میں قلم بند کرنا کیا کہلاتا ہے؟ | خاکہ |



Scanned with CamScanner

# جوابات (15)

| سوال | جواب |
| --- | --- |
| ۲۸) ایسی تحریر جس کے ذریعے کسی شخص کے بنیادی مزاج، اندازِ فکر اور زندگی کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ ہوا جائے کیا کہلاتی ہے؟ | خاکہ |
| ۲۹) مکتوب کے معانی کیا ہیں؟ | خط - تحریر |
| ۳۰) اپنی گفتگو یا حالات لکھ کر بھیجنا کیا کہلاتا ہے؟ | خط |
| ۳۱) خط کو ـــــــ بھی کہتے ہیں۔ | آدھی ملاقات |
| ۳۲) خط کی دو بنیادی اقسام کون سی ہیں؟ | رسمی اور غیر رسمی |
| ۳۳) خط کس زبان سے اردو میں آیا؟ | عربی اور فارسی |
| ۳۴) خود پر گزرے ہوئے حالات و واقعات کا بیان کیا کہلاتا ہے؟ | آپ بیتی |
| ۳۵) آپ بیتی کو ـــــــ بھی کہتے ہیں؟ | خود نوشت |
| ۳۶) مکالمہ کے کیا معانی ہیں؟ | گفتگو |
| ۳۷) دو یا دو سے زائد افراد کے درمیان کسی موضوع پر ہونے والی گفتگو کیا کہلاتی ہے؟ | مکالمہ |

پروفیسر راشدہ راو
SOCH BADLO BY MAR



Scanned with CamScanner

| معروضی سوالات | جوابات |
| --- | --- |
| روداد کس زبان کا لفظ ہے؟ | فارسی |
| انگریزی میں روداد کو کیا کہتے ہیں؟ | رپورٹ (Report) |
| کسی واقعے یا تقریب کا آنکھوں دیکھا حال کیا کہلاتا ہے؟ | روداد |
| روداد میں زمانے کا کونسا صیغہ استعمال ہوتا ہے؟ | ماضی |
| درخواست کے کیا معانی ہیں؟ | عرضِ حال |
| اپنے کسی مقصد کو تحریری شکل میں افسر کی خدمت میں پیش کرنا کیا کہلاتا ہے؟ | درخواست |
| تبصرہ نگاری ـــــ صنف ہے؟ | جدید |
| تبصرہ نگاری کس زبان سے اردو میں آئی؟ | انگریزی |
| تبصرے کے معانی کیا ہیں؟ | روشنی ڈالنا۔ اظہار |
| تبصرے کے اصطلاحی معانی کیا ہیں | (کسی چیز کی خوبی یا خامی پر روشنی ڈالنا) |
| کسی کے بارے میں اپنی رائے ظاہر کرنا یا وضاحت کرنا کیا کہلاتا ہے؟ | تبصرہ |
| انگریزی میں تبصرہ کو کیا کہتے ہیں؟ | ریویو (Review) |
| تبصرہ کس زبان کا لفظ ہے؟ | عربی |
| درخواست کس زبان کا لفظ ہے؟ | فارسی |
| تنقید کس زبان کا لفظ ہے؟ | عربی |
| تنقید کے معانی کیا ہیں؟ | نکتہ چینی۔ پرکھ (کھوٹا کھرا جانچنا) |
| کسی ادب پارے کی خوبیوں اور خامیوں کا جائزہ لینا کیا کہلاتا ہے؟ | تنقید |
| طنز و مزاح کس زبان کا لفظ ہے | عربی |
| طنز کے معانی کیا ہیں؟ | طعنہ، چھیڑ |
| مزاح کے کیا معانی ہیں؟ | ہنسی مذاق |
| مزاح کا مقصد کیا ہے؟ | خوش کرنا |
| مزاح میں زندگی کی ناہمواریوں پر ـــــ نظر ڈالی جاتی ہے۔ | ہمدردانہ |
| طنز میں زندگی کے عیبوں اور ناہمواریوں کو ـــــ الفاظ میں پیش کیا جاتا ہے۔ | کاٹ دار الفاظ |
| طنز کا مقصد کیا ہوتا ہے؟ | اصلاح |
| ناول کے بنیادی اجزاء ترکیبی کتنے ہیں؟ | چار |
| ڈرامے کی دو مشہور اقسام کون سی ہیں؟ | طربیہ، المیہ |
| جس ڈرامے میں ہنسی مزاح کے ذریعے سماج کی کمزوریوں سے پردہ اٹھایا جائے، کیا کہلاتا ہے؟ | طربیہ ڈرامہ |
| جس ڈرامے میں خوفناک واقعات اور تکلیف دہ انجام دکھایا جائے کیا کہلاتا ہے؟ | المیہ ڈرامہ |
| ڈرامے کے کتنے اجزائے ترکیبی ہیں؟ | سات |

SOCH BADLO BY MAR

Scanned with CamScanner

(پروفیسر راشدہ)

# معروضی سوالات جماعت بارہویں

## رموزِ اوقاف

| سوالات | جوابات |
| --- | --- |
| 1) رموزِ اوقاف کے معانی کیا ہیں؟ | علاماتِ وقف |
| 2) ایسی علامتیں جو دو لفظوں یا فقروں کو ایک دوسرے سے علیحدہ کرتی ہیں کیا کہلاتی ہیں؟ | رموزِ اوقاف |
| 3) مختصر ٹھہراؤ کے لیے استعمال ہونے والی علامت کیا کہلاتی ہے؟ | سکتہ ، |
| 4) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ کی ضرورت ہو تو کون سی علامت استعمال ہوتی ہے؟ | وقفہ ؛ |
| 5) جب کسی بڑے جملے میں کئی چھوٹے چھوٹے جملے ہوں تو انھیں الگ کرنے کے لیے ____ کی علامت لگائی جاتی ہے | وقفہ ؛ |
| 6) ایک سے زیادہ چیزوں کے اظہار میں لگائی جانے والی علامت ____ کہلاتی ہے | سکتہ ، |
| 7) ذیلی عنوانات، کسی کا قول بیان کرنے کے لیے کونسی علامت استعمال ہوتی ہے؟ | رابطہ : |
| 8) دو ایسے جملے جو ایک دوسرے کی ضد ہوں لیکن مل کر جملہ مکمل کریں ان کے درمیان استعمال ہونے والی علامت کیا کہلاتی ہے؟ | رابطہ : |
| 9) کسی چیز کی تفصیل بیان کرنے، مثال یا فہرست کے لیے کون سی علامت لگائی جاتی ہے؟ | تفصیلیہ :- |
| 10) کسی اقتباس یا کسی کا قول نقل کرنے کے لیے کون سی علامت استعمال ہوتی ہے؟ | واوین " " |
| 11) جہاں زیادہ رکنا ہو یا جملہ مکمل ہو رہا ہو وہاں کون سی علامت لگائی جاتی ہے؟ | ختمہ ۔ |
| 12) انگریزی مخففات کے درمیان کون سی علامت لگائی جاتی ہے؟ | ختمہ ۔ |
| 13) استفہامیہ کے معانی کیا ہیں؟ | سوالیہ ؟ |
| 14) سوالیہ جملوں کے آخر میں کون سی علامت استعمال ہوتی ہے؟ | سوالیہ۔استفہامیہ ؟ |
| 15) کسی کو پکارنے یا مخاطب کرنے کے لیے کون سی علامت لگائی جاتی ہے؟ | ندائیہ ! |
| 16) حیرانی یا تعجب کے الفاظ استعمال کرتے ہوئے کون سی علامت لگاتے ہیں؟ | استعجابیہ ! |
| 17) پکارنے اور حیران ہونے کے علاوہ تمام جذبات و احساسات کے اظہار کے لیے کون سی علامت لگائی جاتی ہے؟ | فجائیہ ! |
| 18) قوسین کا دوسرا نام کیا ہے؟ | خطوطِ وحدانی |
| 19) جملہ معترضہ یا کسی چیز کی وضاحت کے لیے کون سی علامت لگائی جاتی ہے؟ | قوسین |
| 20) جب عبارت میں کسی چیز کا ذکر نہ کرنا ہو تو کون سی علامت لگاتے ہیں؟ | علاماتِ حذف ---- |
| 21) جملے میں چھوڑے گئے الفاظ کی جگہ کون سی علامت لگاتے ہیں؟ | علامتِ خط ___ |
| 22) مختلف قسم کے بیانات، متبادل اسماء اور افعال کے درمیان کون سی علامت لگائی جاتی ہے؟ | خطِ فاصل / |
| 23) کسی عبارت کے وضاحت طلب امور کی نشاندہی کے لیے کون سی علامت لگائی جاتی ہے؟ | علامتِ حاشیہ ~ |
| 24) عبارت میں کوئی لفظ یا فقرہ تحریر میں آنے سے رہ گیا ہو، تو وہاں کون سی علامت استعمال ہوتی ہے؟ | علامتِ ترک ^ |

پروفیسر راشدہ

Scanned with CamScanner

| نمبر | سوالات | جوابات |
|---|---|---|
| 25) | ، دی گئی علامت کیا کہلاتی ہے؟ | سکتہ |
| 26) | ؛ 〃 | وقفہ |
| 27) | : 〃 | رابطہ |
| 28) | ۔ 〃 | ختمہ |
| 29) | " " 〃 | واوین |
| 30) | ؟ 〃 | سوالیہ۔ استفہامیہ |
| 31) | ! 〃 | ندائیہ۔ فجائیہ۔ استعجابیہ |
| 32) | ( ) 〃 | قوسین۔ خطوط وحدانی |
| 33) | ----- 〃 | علامت حذف |
| 34) | — 〃 | خط |
| 35) | / 〃 | خط فاصل |
| 36) | ؎ 〃 | حاشیہ کی علامت |
| 37) | ^ 〃 | علامت ترک |
| 38) | :- 〃 | تفصیلیہ |
| 39) | احمد نے دو کلو سیب، آم، امرود اور انگور خریدے۔ اس جملہ میں کون سی علامت استعمال ہو گی؟ | سکتہ ، |
| 40) | جاوید اقبال علامہ اقبال کے بیٹے عدالت عالیہ کے جج تھے۔ اس جملہ میں کون سی علامت استعمال ہو گی؟ | قوسین ( ) |
| 41) | اے لوگو میری بات غور سے سنو۔ اس جملے میں کون سی علامت استعمال کی جائے گی؟ | ندائیہ ! |
| 42) | قائداعظم نے فرمایا کام، کام اور صرف کام۔ اس جملے میں کون سی علامت استعمال ہو گی؟ | : رابطہ |
| 43) | اس نے مجھے اپنے دل کی ساری باتیں بتا دیں۔ اس جملے میں کون سی علامت استعمال ہو گی؟ | علامت ترک ^ |

Scanned with CamScanner

## مرکب جملے (معروضی سوالات)

| سوالات | جوابات |
|---|---|
| 1) دو یا دو سے زائد جملوں کے مجموعے کو کیا کہتے ہیں؟ | مرکب جملے |
| 2) ایسے مرکب جملے جن میں دو جملوں کا باہم مقابلہ کیا جاتا ہے، کیا کہلاتے ہیں؟ | استدراکی جملے |
| 3) ایسے مرکب جملے جن میں دوسرا جملہ پہلے جملے کی وجہ، سبب یا نتیجے کو ظاہر کرے، کیا کہلاتے ہیں؟ | سببی جملے |
| 4) تابع جملہ کا کیا مطلب ہے؟ | ماتحت جملہ |
| 5) تابع جملے کی کتنی اقسام ہیں؟ (وصفی، اسمی، تمیزی) | تین |
| 6) مرکب جملے میں دوسرا جملہ اسم کے طور پر استعمال ہو تو کیا کہلاتا ہے؟ | اسمی جملہ |
| 7) اسمی جملہ عموماً ____ سے شروع ہوتا ہے؟ | کہ |
| 8) مرکب جملے میں دوسرا جملہ صفت کا کام کرے تو ____ جملہ کہلاتا ہے؟ | وصفی جملہ |
| 9) ایسے جملے جن میں دوسرا جملہ پہلے جملے کی وقت، جگہ اور طور طریقے کے لحاظ سے وضاحت کرتا ہو، کیا کہلاتا ہے؟ | تمیزی جملہ |
| 10) ایسے جملے جو حروف عطف (اور، پھر) سے ملائے گئے ہوں کیا کہلاتے ہیں؟ | وصلی جملہ |
| 11) میں اتنا بھی بے وقوف نہیں جو شیر کے منہ میں ہاتھ ڈالوں، یہ جملہ قواعد کی رو سے کیا کہلائے گا | وصفی جملہ |
| 12) سعد آیا اور احمد چلا گیا، یہ جملہ قواعد کی رو سے کیا کہلاتا ہے؟ | وصلی جملہ |
| 13) سب جانتے ہیں کہ احمد ایماندار ہے؟ یہ جملہ قواعد کی رو سے کیا کہلاتا ہے؟ | اسمی جملہ |
| 14) اسے سزا ملی کیونکہ وہ بے ایمان تھا۔ یہ جملہ قواعد کی رو سے کیا کہلاتا ہے | سببی جملہ |
| 15) جو بوؤ گے سو کاٹو گے: یہ جملہ قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | تمیزی جملہ |
| 16) وہ لائق تو بہت ہے مگر محنتی نہیں۔ یہ جملہ قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | استدراکی جملہ |
| 17) وہ دوست تو ہے پر مصیبت کا ساتھی نہیں۔ " | استدراکی جملہ |
| 18) اکبر صرف ظالم ہی نہیں بلکہ قاتل بھی ہے۔ " | استدراکی جملہ |

## مرکب الفاظ (معروضی سوالات)

| سوالات | جوابات |
|---|---|
| 1) دو یا دو سے زائد الفاظ کا مجموعہ کیا کہلاتا ہے؟ | مرکب |
| 2) مرکب الفاظ کی کتنی اقسام ہیں؟ | دو |
| 3) دو یا دو سے زائد با معنی الفاظ جن سے بات مکمل ہو رہی ہو کیا کہلاتا ہے؟ | مرکب تام |
| 4) دو یا دو سے زائد الفاظ کا مجموعہ جن سے بات سمجھ نہ آئے کیا کہلاتا ہے؟ | مرکب ناقص |
| 5) لفظوں کا مجموعہ جن میں ایک اسم کا تعلق دوسرے سے ظاہر ہو کیا کہلاتا ہے؟ | مرکب اضافی |
| 6) جس اسم کا تعلق دوسرے سے ظاہر کیا جائے کیا کہلاتا ہے | مضاف |
| 7) مرکب اضافی میں استعمال ہونے والا حرف کیا کہلاتا ہے؟ (کا، کی، کے) | حرف اضافت |

پروفیسر راشدہ راو

Scanned with CamScanner

| سوالات | جوابات |
|---|---|
| ۸) مرکب اضافی میں وہ اسم جس سے دوسرے کا تعلق ظاہر کیا جائے، کیا کہلاتا ہے؟ | مضاف الیہ |
| ۹) ایسے الفاظ جو "و" یا اور سے جڑے ہوں، کیا کہلاتے ہیں؟ | مرکب عطفی |
| ۱۰) لفظوں کا مجموعہ جس میں بات کا سلسلہ جاری ہو مگر نامکمل ہو، کیا کہلاتا ہے؟ | مرکب جاری |
| ۱۱) لفظوں کا مجموعہ جو کسی کی طرف اشارہ کرے، کیا کہلاتا ہے؟ | مرکب اشاری |
| ۱۲) لفظوں کا مجموعہ جس میں کسی چیز کی تعداد ظاہر ہو، کیا کہلاتا ہے؟ | مرکب عددی |
| ۱۳) لفظوں کا مجموعہ جو کسی کی خصوصیت کو ظاہر کرے، کیا کہلاتا ہے؟ | مرکب توصیفی |
| ۱۴) میرا سکول، احمد سویا کیسے مرکب ہیں؟ | مرکب تام |
| ۱۵) پرانی گاڑی، نئے جوتے کیسے مرکب ہیں؟ | مرکب ناقص |
| ۱۶) کوچۂ جاناں، چارۂ درد، فخرِ قوم کیسے مرکب ہیں؟ | مرکب اضافی |
| ۱۷) مکر و ریا، عارض و لب، دن اور رات کیسے مرکب ہیں؟ | مرکب عطفی |
| ۱۸) پشاور سے، جماعت میں، چھت پر کیسے مرکب ہیں؟ | مرکب جاری |
| ۱۹) وہ پرندہ، یہ کرسی کون سے مرکب ہیں؟ | مرکب اشاری |
| ۲۰) چار دن، دو برس کون سے مرکب ہیں؟ | مرکب عددی |
| ۲۱) پاگل لڑکا، ذہین بچی، حسین چہرہ کون سے مرکب ہیں؟ | مرکب توصیفی |
| ۲۲) مضاف، حروف اضافت اور مضاف الیہ سے مل کر بننے والا مرکب کیا کہلاتا ہے؟ | مرکب اضافی |
| ۲۳) صفت اور موصوف سے مل کر بننے والا مرکب کہلاتا ہے۔ | مرکب توصیفی |
| ۲۴) معطوف علیہ، حروف عطف اور معطوف سے مل کر بننے والا مرکب کیا کہلاتا ہے؟ | مرکب عطفی |
| ۲۵) عدد اور معدود سے مل کر بننے والا مرکب کیا کہلاتا ہے؟ | مرکب عددی |
| ۲۶) حروف جار اور مجرور سے مل کر بننے والا مرکب کیا کہلاتا ہے؟ | مرکب جاری |
| ۲۷) مشار الیہ اور اسم اشارہ سے مل کر بننے والا مرکب کہلاتا ہے۔ | مرکب اشاری |
| ۲۸) جب دو یا دو سے زائد لفظ مل کر ایک اسم ہو گئے ہوں، کیا کہلاتے ہیں؟ | مرکب امتزاجی |
| ۲۹) احمد فراز، شاہ جہان آباد کیسے مرکب ہیں؟ | مرکب امتزاجی |

Scanned with CamScanner